# الحق یعلو ولا یعلیٰ

الحمد للہ والمنۃ کہ دریں عہد معدلت مہد بسعی کارپردازان باہمت رسالہ الموسوم

سنہ ۱۹۰۹ء

# مشعل ہدایت

سنہ ۱۳۲۷ھ

من تصنیفات منشی بعید المثل فاضل جلیل السید سجاد حسین صاحب مصنف رسالہ سجاد

نول کشور گیس پرنٹنگ ورکس لاہور میں چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## حامداً و مصلیاً

اما بعد حقیر پُر تقصیر سجاد حسین ابن خلد آشیان سید محمد حسین مرحوم متوطن بہڑہ سادات واقعہ سادات باہرہ ضلع مظفرنگر عرض کرتا ہے کہ یہ ناچیز ماہ جنوری سنہ ۱۹۱۰ء بمقام شاہ آباد متعلق دارالسرور ریاست رامپور وارد ہوکر ایک ذیعزت صاحب کے مکان پر جوکہ ہمرکاب سعادت انتساب فرمانروائے رامپور خلد اللہ ملکہ مقام مذکورہ پر تشریف رکھتے تھے مقیم ہوا ایک روز موصوف القدر نے مکان کو تخلیہ کرکے بخیف سے ارشاد فرمایا کہ بمقتضائے انصاف درباب تحقیق مذہب ہمکو پورا انہماک ہے۔ ہم نہ شیعہ کے طرفدار ہیں نہ سنیوں کے مددگار صرف امر حق کے جس سے مفاد آخرت ہو طلبگار رہیں۔ بعض باتوں کو ہم حضرات شیعہ کی مکروہ سمجھتے ہیں اور بعض باتیں سنیوں کی ناپسند معلوم ہوتی ہیں مقدم الوصف نے اُن معاملات کو جو کہ اہل سنت کے اُنکو بُرے معلوم ہوتے ہیں بیان نفرمایا صرف وہی باتیں بطور سوالات ارشاد فرمائیں جو کہ اُن کے توسن خیال کو مذہب شیعہ کی طرف عنان توجہ پھرانے سے روکتی ہیں چونکہ میں حالت سفر میں ہوں اور اسجگہ کوئی ذخیرہ کتب وغیرہ کا نہیں ہے لہذا برسبیل استعجال جو کچھ ذہن ناقص میں آیا حوالہ قلم کیا گیا۔ خدا سے امید رکھتا ہوں کہ ذی فہم سائل بعد ملاحظہ جواب رہرو مسلک صحیح ہو جائینگے چونکہ حضرت ممدوح نے بعض مصالح دنیاوی سے

Presented by www.ziaraat.com

اپنے نام کا اظہار نامناسب سمجھ کر مجکو حکم بہ پردہ داری فرمایا لہذا اُس کے ظاہر کرنے پر معذور ہوں بہ نظر شان کلام ونشاء مضامین ان اوراق کا نام **مشعل ہدایت** معروف بہ جواب رامپوری رکھا گیا۔ وما توفیقی الا باللہ وھو حسبنا

## فرد سوالات جو کہ پیش کئے گئے تھے

(۱) جناب سرور کونین ؐ نے حضرات خلفاء ثلثہ کے اُن حالات کو جو کہ بزعم شیعہ اُن سے خلاف مرضی خدا و رسول ؐ ظہور لائے علی الاعلان کیوں نہ بیان فرمایا تاکہ خلایق معلوم کر کے دھوکے میں نہ پڑتی اور اسلام ویسے مخالفت سے محفوظ رہتا اگر بقول شیعہ ثلاثہ بد راہ کنندہ خلایق تھے اور نبیؐ بعلم نبوت آگاہ تھے اور پھر خاموشی اختیار کی تو معلوم ہوا کہ ان تمام مفاسد کی بنیاد حسب عقیدۂ شیعہ فعل نبی سے قایم ہوئی۔

(۲) ہرگاہ بروئے مذہب شیعہ امامت داخل اصول ہے اور مثل وحدانیت و نبوت اُسپر اعتقاد کرنا لازمی اور ضروری ہے اور بصورت انکار امامت خارج از دایرہ مومنیت ہونا پڑتا ہی تو ایسی لابدی چیز کا قرآن میں کیوں نہ ذکر ہوا۔ اگر بہ عنوان واضح امامت مندرج قرآن ہوتی تو یہ اختلاف امت جو کہ مُنجر بہ مفاسد گوناگوں ہو رہا ہے نہوتا۔

(۳) آنحضرتؐ نے جناب امیرؑ کو بہ الفاظ ظاہر اپنے بعد خلیفہ کیوں نہ تلایا اور یہ کیلئے نہ کہا کہ یہ لوگ تمردی سے اُنکی خلافت کو تسلیم نہ کریں گے اگر حضرتؐ صاف لفظوں میں کہہ جاتے تو منکر خلافت بلا فصل کے نا ہنجار سمجھنے میں کوئی واہمہ نہ رہتا۔

(۴) جبکہ بقول شیعہ خلفاء ثلثہ بد راہ کنندہ خلایق تھے تو آنحضرتؐ نے اُنکو اپنے پاس سے علحدہ کیوں نکیا اور ایسے لوگوں سے رشتہ وقرابت کا سلسلہ کیوں ڈالا جس پر گہری نظر ڈالنے سے سخت پیچیدگی لاحق ہوتی ہے اور بضرور حضرات ثلثہ کے ذیحق اور صاحب مرتبہ ہونیکا یقین پیدا ہوتا ہے

(۵) جبکہ ازواج رسول اکرم اُمّ المومنین بحکم قرآن ہیں تو باین لحاظ وہ جناب سیدہ و حسنینؑ کی بھی

پائیں ہوئیں اندریں صورت اُن کی خدمت میں یہ گستاخی کیوں کی جاتی ہے جو شیعہ کرتے ہیں

(۶) ہرگاہ حضرت امیر علیہ السلام شیخین کرام کو متصرف امر ناجائز جانتے ہیں تو اُن کے ہاتھ پر بیعت کیوں کی جس سے اسلام میں اشتباہ عظیم پیدا ہوگیا۔

(۷) بوقت مشورہ طلبی حضرت علیؑ نے خلفاء کو ایسی کیوں رائے دی کہ جس سے اُن کو امر مشورہ طلب میں کامیابی ہوئی اگر حسب اعتقاد شیعہ حضرت امیرؑ اُن کو متصرف امر جائز جانتے تھے تو ایسی کج رائے دیتے کہ جس سے اقتدار خلافت برباد ہوجاتا۔

(۸) حضرت علیؑ نے بزور ذوالفقار ثلاثہ کا قلع قمع کیوں نہ کردیا اگر یہ لوگ ہلاک ہوجاتے تو دنیا مفاسد سے پاک ہوجاتی اور کوئی فتنہ باقی نہ رہتا۔ حضرت علیؑ کی خاموشی سے واضح ہوتا ہے کہ اُنھوں نے مفسدوں کی بیخ کنی میں غفلت کی

## تنبیہ

سوالات ہشتگانہ مندرجہ بالا کی جو عبارت ہے یہ سائل صاحب کی نہیں بلکہ اُن کے بیان کو حقیر نے ترتیب دیا ہے۔ چنانچہ بعد تہذیب کلام ممدوح الوصف کو دکھلا کر عرض کیا کہ دیکھ لیجئے آپ کے بیان کو کس عنوان شایستہ سے مرتب کیا گیا ہے موصوف الصدر نے بعد ملاحظہ غایت انصاف سے فرمایا کہ ہم اس طرح لکھنے یا بیان کرنے پر قادر نہ تھے جس طرح ہمارے منشاء کو قید قلم میں لایا گیا ہے۔ دیگر اہل انصاف معائنہ فرماکر خود فیصلہ کرلیں گے کہ اُن کی جانب سے کس مضبوطی کے ساتھ سوالات قایم کئے گئے ہیں۔ غالباً اگر کوئی مضمون نگار سنی بھی لکھنا چاہے گا تو شاید اس سے واضح اور بہتر نہ لکھ سکیگا۔

بہ نظر آگاہی عامۃ الناس میں وہ الفاظ بجنسہ نقل کئے دیتا ہوں جو کہ قابل سائل کی زبان دُرفشاں سے برآمد ہوئے تھے اور میں نے اُنکو درست کرکے اُن کی جانب سے لکھا ہے دیکھنے والے میری ایمانداری کا اندازہ فرمائیں گے۔ کہ مہمل اور کج مج لفظوں کو کس عنوان شایستہ سے کہا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

# عبارت سوال اوّل بیان کردہ سائل

(۱) رسول پاک نے ثلاثہ کی اصلی حالت کیوں نہ بیان فرمائی

(۲) کیوں قرآن شریف میں اصل خاص کو باوجود اس شد و مد ہونے کے خداوند عالم نے مثل اصول اربعہ ظاہر نہیں فرمایا

(۳) رسول اکرام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے باوجود برباد کرنے دین کے کیوں نہ ظاہراً علی مرتضیٰ کو الفاظ ظاہر اور واضح سے اپنا خلیفہ بنایا اور اسکو ظاہر نہیں کیا کہ بعد میرے علیؑ کو خلیفہ ہونے دیں گے اور ان کا حق غضب کریں گے۔

(۴) باوجود اس حالت کے کیوں اُنکو اپنے پاس رکھا اور کیوں اون سے رشتہ داریاں کیں

(۵) جب رسول اکرم کی ازواج تمام مومنین کی مائیں ہیں اسیطرح حضرت فاطمہؑ حضرت علیؑ کی بیوی اُن کی نسبت ایسے الفاظ کیوں بولے جاتے ہیں۔

(۶) حضرت علی نے خلیفوں کو اچھی باتیں کیوں بتائیں۔

(۷) ایسے بڑے آدمیوں کی بیعت کیوں کی

(۸) وہ تو بہادر تھے اگر اُن کا حق لیا گیا تھا تو لڑے کیوں نہیں تھے۔

قبل ازیں کہ مخاطب ذی عزت کے سوالات کا جواب دیا جائے بغرض آگاہی عامۃ الناس کچھ حال عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔ حضرات سنی و شیعہ میں قدیم الایام دربارۂ حضرات ثلاثہ کرام گفتگو عظیم چلی آتی ہے۔ بدانست حقیر کوئی امر ایسا نہیں ہے جو کہ منجانب شیعہ پیش ہو کر محتاج جواب رہا ہو مگر افسوس ہے کہ حضرات اہل سنت اُن کتابوں کو جو کہ شیعہ نے اُن کی کتب کے رد و ابطال میں حوالہ قلم فرمائی ہیں ملاحظہ نہیں فرماتے۔ بار بار برنگ تازہ انہیں مطالب مردودہ و مقدوحہ کو پیش فرما کر طالب جواب ہوتے ہیں۔ تحفہ اثنا عشری مولفہ جناب شاہ عبد العزیز صاحب دہلوی ہندوستانی سنیوں کی نگاہ میں ایسا عظیم القدر ہے کہ ہر شخص اُسکے مولف کو رحمۃ اللہ علیہ لکھکر مضامین مندرجہ تحفہ کو انتہا کا قابل وثوق و باعتبار سمجھ کر قطعاً بیخ کن شیعہ جانتا ہے۔ علی ہذا

منتہی الکلام و آیات بینات و ہدیۃ الشیعہ و نصیحۃ الشیعہ وغیرہا کو معتمد جانکر لوں انا نیت بجا کر رہے خود غرہ کنان ہے کہ ہمارے مذہب کے علمار نے بہ مقابلہ شیعہ ایسی ایسی کتابیں لکھی ہیں کہ جن کے مثل کیا ممکن ہونا محال ہے حقیر نے رسالہ تصویر غالب و مغلوب مولفہ خود میں اُن جوابوں کے نام جو کہ رد تحفہ وغیرہ لکھے گئے ہیں بہ صراحت تمام تر لکھدئے ہیں بلکہ جناب مستطاب معلی القاب السید محمدی حسین صاحب رئیس لکرولی واقعہ سادات بابرہ ضلع مظفر نگر نے اسی رسالہ پر اعلان کر دیا ہے کہ جو صاحب علمائے سنیہ سے عدم جوابدہی اجوبہ تحفہ وغیرہ کا بار گراں اپنے سر سے اُٹھائیں گے مبلغ پچیس ۲۵ ہزار روپیہ انعام پائیں گے مگر افسوس ہے کہ آجتک باوصف وعدہ انعام کثیر کسی عالم اہل سنت کو جوش سنیت نہ آیا۔ اہل عقل غور فرمائیں کہ حضرات سنت و جماعت بظاہر طاقت میں باعتبار کثرت و جمعیت شیعہ سے فرسخوں بلکہ منزلوں بڑھے ہوئے ہیں۔ مگر تا حال بائیکم و کوشش ممکن نہوا کہ یہ بوجہ گراں ہٹا دیتے۔ ہر عاقل یہ بات دیکھ کر انصاف کرسکتا ہے کہ جب سنی صاحب اپنی کتابوں کے رد کا جواب الجواب نہیں لکھ سکتے تو وہ کیا اقتدار رکھتے ہیں یہ زمانہ سنیوں کے لئے کسی طرح اجازت نہیں دیتا کہ شیعہ کے سامنے مُنھ اُٹھا کر درباب مذہب کوئی گفتگو کریں نہ یہ کہ انھیں مضامین کو جو کہ صدہا مرتبہ زیر بحث آکر درج کتب ہو چکے ہیں۔ بر نگ تازہ الفاظ متنوعہ بیان فرما کر بہ نظر جہلا، بایں عنوان اپنا اقتدار دکھلائیں کہ اس مسئلہ کی بابت پہلے کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔ ذی عزت مخاطب نے جو سوالات کئے ہیں وہ کوئی نئے نہیں ہیں بلکہ وہی قدیمی توہمات ہیں جو کہ منجانب سنیہ کتب مباحثہ میں پیش ہو کر بکرات و مرات دفتر شیعہ سے عزت جواب پاچکے ہیں۔ ممکن تھا کہ میں تحریر جواب کی زحمت نہ اُٹھاتا صرف یہ لکھدیتا کہ اس سوال کا جواب فلاں جگہ ہے اور اسکا وہاں۔ مگر چونکہ اپنے ذی عزت و محترم مخاطب کا مجکو پاس خاطر از بس ہے۔ لہذا ہر سوال کا جواب انشاء اللہ ایسے واضح طریقہ سے پیش کرتا ہوں کہ جناب سائل کا قلب انصاف پسند میری تحریر کی صداقت کے لئے آمادہ ہوجائے اور عجب نہیں کہ انکو باغیچہ مذہب شیعہ کی سیر وگشت کے لئے دامن کشاں لے آئے۔

# سوال اوّل

رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ نے حضرات ثلاثہ کے اُن حالات کو جو کہ بزعم شیعہ اُن سے خلاف رضئ خدا و رسول روئے ظہور لانے والے تھے علی الاعلان کیوں نہ بیان فرما دیا تاکہ خلایق معلوم کرکے دھوکہ میں نہ پڑتے اور اسلام وبائے مخالفت سے محفوظ رہتا اگر بقول شیعہ صحابۂ ثلاثہ بدراہ کنندۂ خلایق تھے اور نبی بعلم نبوت اُس سے آگاہ تھے اور باایں ہمہ خاموشی اختیار کی تو معلوم ہوا کہ ان تمام مفاسد کی بنیاد حسب عقیدہ شیعہ فعل نبی سے قایم ہوئی

# جواب سوال اوّل

تمام تقریر مخاطب کا نتیجہ یہ ہوا کہ اگر ثلاثہ فی الواقع بہ لباس مسلمانی بیخ اسلام کے اُکھاڑنے والے تھے تو نبی کسی منادی بلند آواز سے بہ آواز ذیل اُنکو مشتہر کرا دیتے تاکہ تمام لوگ مطلع ہو کر اُنسے تنفر اختیار کرتے اور در باب ثلاثہ نبی کا صریحی حکم دیکھ کر اُن کو خلیفۂ حق نہ جانتے مخاطب ماشاء اللہ اہل فضل و کمال و ارباب دانش و فطانت سے ہیں مگر افسوس یہ ہے کہ وہ ہر چیز کو اسی وقت قابل یقین سمجھتے ہیں جبکہ اُن کے سامنے تصویر بنکر کھڑی ہو جائے لنظر برآں اُن سے ملتمس ہوں کہ خدائے علیم سے باوصف علم و دانائی یہ کیا فعل روئے ظہور لایا کہ اپنی ذات اقدس کو ایسا چھپایا کہ آج تک کسی نے سوائے اتے پتے کے دوربین سے بھی نشان نہ پایا۔ حسب مذاق حضرت مخاطب لازم تھا کہ تمام سطح ارضی پر کم از کم سو پچاس برس میں ایک مرتبہ ضرور دورہ کر لیا کرتا تاکہ خلایق جان لیتی کہ خدا اپنی رعایا کی بہت بیداری سے نگرانی فرماتا ہے۔ دو چار کو اعمال بد کی سزا میں دنیا میں اُلٹے لٹک جاتے اسیطرح نیکوکاروں کو بصلۂ اطاعت جزا دیدی جاتی۔ نتیجہ یہ ہوتا کہ خلقت گناہ سے پرہیز اور اعمال حسنہ سے مذاق دل آویز پیدا کرتی یہ بے تعداد آدمی جو آج صفحۂ دنیا پر وجود باری سے منکر ہو کر رہرو ترصۂ بدکیشی ہو رہے ہیں کیوں ہوتے۔ اہل اسلام سیاست ظاہری سے مطمئن ہو کر جوش سیہ کاری میں شبانہ روز شاغل و شامل ہیں ہرگز نہ ہوتے۔ نعمات جنت و عقوبات دوزخ کا معاینہ کرا دیا جاتا تاکہ خلقت خائف ہو کر عبادات و حسنات سے

دلچسپی پیدا کرتے اسوقت ہر اُس شخص کے دل میں جسکو بظاہر خوش عمل کہا جاتا ہے۔ اگر واقعاً دیکھا جاتا ہے تو قہار وجبار کی اتنی ہیبت بھی نہیں جتنی بعض موقعہ پر گانوں کے چوکیدار یا پولیس کے کانسٹبل کی ہوا کرتی ہے۔ شیطان کو جس سے سوائے ضلالت اور تمرّد اور کوئی فائدہ نہیں ہوا کیوں پیدا کیا۔ اگر بغرض امتحان خلایق اُسکا پیدا کرنا اور ہمیشہ کے لئے باقی رکھنا مقصود باری تھا تو چشم خلایق سے کس لئے اس طرح پوشیدہ کیا کہ بہکنے والے بہکانے والے کو ہرگز نہ دیکھ سکیں۔ اگر ابلیس بر تلبیس ظاہر ہو کر تحریک بہ معصیت کرتا تو لوگ اُس سے تنفر کرکے دام تزویر میں نہ پھنستے۔ جبرئیل علیہ السلام کو بلباس ملکوتی ظاہر بہ ظاہر اگر آنحضرت کے پاس بھیجدیا جاتا تو بعض مسلمانوں (سر سید احمد خاں اور اُن کے مقلدین) کو وجود جبرئیل اور طریق وصول وحی میں تذبذب یا انکار نہ ہوتا۔ قرآن میں جس جس جگہ مومن ومنافق کا ذکر آیا ہے وہاں اُن کے نام بتلادئے جاتے سورہ توبہ میں خیبر حنین سے کہا گئے: اُونکو جو مختصر جملہ (ثم ولیتم مدبرین) یعنی اے اصحاب محمد صلعم ہوگئے تم ذبر دکھانے والے سنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ اگر اُن کے اسمائے گرامی کی فہرست بھی شایع ہوجاتی تو مابین اسلام مفردین کی جانچ کے جو جھگڑے ہو رہے ہیں یہ نہوتے۔ بالاتفاق فریقین اسلام میں پہلا تنازع خلافت پر پیش ہوکر منجر بہ جدال وقتال ہوا ہے۔ چونکہ بقول سُنیہ خدا و رسولؐ نے اسکا انتظام نہیں کیا اور اُمت کی رائے پر محوّل کردیا۔ کاش بارگاہ خداوندی و نبوی سے اسکا اظہار ہوجاتا تو کتنا اچھا تھا۔ ذی عزت مخاطب صرف اس امر سے کہ نبی نے ثلاثہ کا کچہ چٹھہ کیوں نہ کھولدیا مغموم ومشوش ہیں نہ معلوم یہ چند مختصر باتیں جو بطور نمونہ مشتے از خروار و قدرے از بسیار دکھلائی گئی ہیں۔ ان کو ملاحظہ فرماکر قابل قدر مخاطب کی کیا حالت ہوگی قبل ازیں کہ معاملات بالائے غور وتفکر میں سائل باتمیز دماغ مبارک پر زور ڈالیں توضیحاً عرض کیا جاتا ہے کہ یہ انتظام قدرت اور مقتضائے مصلحت حضرت عزت ہے کہ بعض موقع پر کسی بات کو باعلامات بیان کیا جاتا ہے اور بعض جگہ نشانوں سے بتلایا جاتا ہے۔ خدا کو اہل بصیرت نے آثار وعلامات وشواہد عقلیہ سے شناخت کیا ہے باوصف اختفا جناب باری نے اپنے واجب الوجود

Presented by www.ziaraat.com

ومالک کل ہونے پر ایسی براہین روشن و دلائل واضحہ دکھلائیں جن سے ہر اہل عقل کو وجود ایزدی کا مجبورًا اقرار کرنا پڑتا ہے - علی ہذا اپنے مقدس کلام میں ہمکو منافقین کا پورا پتہ بتلا دیا اور اُسکا عنوان یہ قایم فرمایا کہ جسنے بعد اظہار ایمان و تسلیم اسلام موت میں شک کیا جہاد سے روگرداں بلکہ گریزاں ہوا کسی کو مارا نہ مرا نہ مار کھائی - نبی کے کہنے کو نمانا اس کے احکام کو معطل کیا - رسول کے طرز عمل پر معترض ہوا - گستاخانہ کلمات اُس کے سامنے کہہ کر بلند آواز بیاں کرکے رنجیدہ طبیعت ہوا وہ اعلیٰ درجہ کا منافق سمجھا اور جو اس کے خلاف ہے وہ مومن پاک - اگر حضرت مخاطب ان تمام باتوں کو صرف خیالی اور نمائشی بتلائیں گے اور اسی پر اڑے رہیں گے کہ پورے طور پر خلایق کو درجہ یقین حبیب ہی حاصل ہوتا جبکہ خدا علیٰ رؤس الاشہاد ظاہر ہوکر ہر ایک کو علانیہ عمل میں لاتا تو عجب نہیں کہ علمائے اسلام کو بیاد ایشاں عقیدہ اُن کے لئے کچھ تجویز کرنا پڑے - بعد ختم تمہید امر مابہ النزاع کی نسبت عرض کرتا ہوں اُسکو ملاحظہ فرماکر سوائے ذی علم مخاطب کے دیگر مشکوک لوگوں کے شکوک بھی رفع ہوکر درجہ یقین حاصل کریں گے قرآن پاک میں منافقین دمرتابین کا جو ذکر ہوا ہے اُن کو آنحضرت نے علاموں سے بھی بتلایا بلکہ اس سے ترقی کرکے اُن کے نام اپنے صحابہ مخصوصین پر ظاہر کئے اور بحکم الکنایۃ ابلغ من التصریح سے اُن لوگوں کو بھی آگاہ کردیا کہ تم دین سے برگشتہ ہو جاؤ گے اور بعد میرے ایسے اعمال قبیحہ کے مرتکب ہوگے جو کہ سعادت آخرت سے تمکو محروم کرنے والے ہوں گے - ان معاملات کے متعلق میں آیات قرآن و احادیث نبوی سے بہت کچھ حضرت مخاطب کو دکھلا سکتا ہوں مگر چونکہ ماشاءاللہ وہ ذی فہم اور حق آگاہ ہیں - لہذا اختصار سے کام لیتا ہوں حضرات شیخین کے ثبوت نفاق میں تو ممدوح الوصف رسالہ سجادیہ مولفہ حقیر کو ملاحظہ فرمائیں اگر فرصت رکھتے ہیں تو خود دیکھیں ورنہ علمائے عصر سے اُسکو [illegible] صورت دیگر یقین کامل فرمائیں کہ حضرات شیخین اُن منافقین کے سردار تھے جن کا ذکر قرآن میں درج ہوا ہے - شاید حضرت مخاطب یا اُن کے ہم خیال یہ تصور فرمائیں کہ اپنے ایک رسالہ پر

پر حوالہ دینے کے عبارات عاشقاں بر شاخ آہو - کی مثال کا مصداق بنایا ہے - لہٰذا سوائے مطالب
مندرجہ رسالہ ہٰذا آیۃ تحفہ و دیگر آیات و احادیث سے دکھلائے دیتا ہوں کہ خدا و نبی نے اکثر
صحابہ و خصوص ثلاثہ کو منافق اور بد راہ کنندہ از دین حق فرمایا ہے اول آیہ قرآن و
از اں بعد حدیث غدیر و بعد ازاں اقوال علماء سنیہ حوالہ قلم کروں گا۔

## آیہ قرآن متضمن مثالب و معائب ثلاثہ مندرجہ سورہ آل عمران

ام حسبتم ان تدخلوا الجنۃ ولما یعلم اللہ الذین جاھدوا منکم و یعلم الصابرین ولقد
کنتم تمنون الموت من قبل ان تلقوہ فقد رأیتموہ و انتم تنظرون۔
وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علیٰ
اعقابکم ومن ینقلب علیٰ عقبیہ فلن یضر اللہ شیئاً وسیجزی اللہ الشاکرین

ترجمہ یہ وہ ترجمہ ہے جو کہ زمانہ حال میں حسب محاورہ مولوی
نذیر احمد صاحب دہلوی نے کیا ہے۔

کیا تم اس خیال میں ہو کہ تم جنت میں جا داخل ہو گے - حالانکہ ابھی تک اللہ نے نہ تو یہ جانچا کہ تم میں سے کون جہاد کرنے والا ہے اور نہ یہ جانچا ہے کہ کون ثابت قدم ہیں اور تم موت کے آنے سے پہلے خدا کی راہ میں مرنے کی آرزو میں کیا کرتے تھے - سو اب تم نے اسکو اپنی آنکھ سے دیکھ لیا و پھر لڑنے سے کیوں جی چراتے ہو اور محمد اس سے بڑھ کر اور کیا ہے کہ ایک رسول ہیں اور بس ان سے پہلے اور بھی رسول ہو گذرے ہیں اگر محمد اپنی موت سے مر جائیں یا مارے جائیں تو کیا تم الٹے کفر کی طرف لوٹ جاؤ گے وہ خدا کا تو کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا اور جو لوگ - اسلام کی نعمت کا شکر کرتے ہیں انکو خدا عنقریب جزائے خیر دے گا بے حکم خدا مر نہیں سکتا - ہر ایک کی موت کا وقت مقرر لکھا ہوا ہے اور جو شخص دنیا میں اپنے کئے کا بدلہ چاہے اسکا بدلہ ہم یہیں دینگے اور جو آخرت میں بدلا چاہتا ہے اسکو وہیں دیں گے اور جو لوگ شکر کرتے ہیں ہم عنقریب انکو جزائے خیر دینگے
نتیجہ اور خلاصہ مطلب اس آیہ کا یہ ہے کہ اے اصحاب محمد کیا ابھی سے تم نے بہشت میں جانے کے

لئے مگر یہ کس لیں اسوقت تک باعتبار ظاہر تمکو بھی یہ معلوم ہوا کہ تم میں کون میدان جنگ میں ثابت قدم رہنے والا ہے اور کون صف حرب سے گریزپا ہونے والا ہے اس آیہ وافی ہدایہ میں وہ لوگ مخاطب نہیں ہیں جو کہ جان توڑ کر لڑتے تھے خود بھی زخم کھاتے تھے اور دوسروں کو بھی زخمی کرتے یا جان سے مار ڈالتے تھے اگر یہ خطاب اُن چلتے پرزے بہادران اسلام سے سمجھا جائے تو خدائے عادل کی بڑی ناانصافی ثابت ہوتی ہے کہ موددار اور قابل کار لوگوں کو بجائے تعریف کے دھمکاتا اور تنبیہ کرتا ہے۔ بلکہ یہ زجر وانتباہ اُن لوگوں کے لئے ہے کہ جو بلا تلوار چلائے بہشت کو اپنی جاگیر جانتے تھے۔ دیکھو خدا نے صاف صاف فرما دیا کہ اے مسلمانو پہلے نصرت اسلام کر کے جنگی تمغہ زیب گلو کرو پھر ہماری درگاہ سے ہر طرح کی امید بہبودی رکھو۔ اگر جہاد میں جانفشانی نہ کروگے تو ہمارے حضور سے آخرت میں کوئی حصہ نہ پاؤگے یہ آیہ مبارکہ مدنی ہے اسوقت حضرات ثلاثہ ہجرت وسبقت اسلام وغیرہ جمیع عزتوں سے بہرہ ور ہو چکے تھے حضرت صدیق یار غار کی معزز صفت سے موصوف ہو چکے تھے۔ پس ایسے لوگوں کی نسبت خدا کا یہ فرمانا کہ ابھی تک نصرت اسلام میں تمہاری ثابت قدمی وجان سپاری ہمارے نزدیک قابل اطمینان نہیں صاف اسبات کا پتہ دینے والا ہے کہ صرف ہجرت وسبقیت بہ اسلام وغار نشینی کافی نہیں سمجھی گئی جملہ معاملات کا محض لوجہ للہ ہونا اسوقت تصور کیا جائے گا جبکہ جہاد کا سارٹیفکٹ دفتر خداوندی سے مل جائے۔ ذی علم سائل اس علامت آخر کی جانچ کے لئے اپنی مذہبی کتابیں کھول کر دیکھیں حضرات ثلثہ کو جہاد کی اس صفت سے جس میں خدا نے (جاھدوا بانفسھم) کی شرط لگائی ہے یہ مراحل دور پائیں گے صرف لا الہ الا اللہ کہکر بوریا بندھنا بغل میں دبا کے مکہ سے ہجرت کرنا۔ غار میں حزن وبیقراری فرمانا نبی کے محل میں لڑکیاں بھیجنا خدا کے نزدیک کچھ کارآمد نہ ہوگا۔ تاوقتیکہ میدان جنگ میں چمکتی ہوئی کے سامنے آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھا جائے۔ تکمیل ایمان کے لئے جمیع شرائط اسلام کا پورے طور پر بجالانا ازبس ضروری سمجھا گیا ہے۔ جہاد نفس سے بالاتر کوئی علامت ایمان صحیح کے لئے قائم

Presented by www.ziaraat.com

نہ ہو سکتی تھی۔ اسی واسطے خدا نے اسکو متمم ایمان قرار دیا ہے۔ دیکھو اگر زید کسی گورنمنٹ کی رعایا بنکر مدام اظہار وفاداری کرتا ہے اور جس وقت کہ سلطنت کا مقابلہ غنیم سے ہو زید مذکور جنگ کرنے اور حرب گاہ میں ثابت رہنے سے گریز کرے تو کہا جائے گا کہ وہ اہل غدر و خیانت سے ہے اور کبھی ان صلہ و عطایا کا مستحق نہیں ہو سکتا جو کہ فاتح سپاہیوں کو خزانہ شاہی سے تقسیم ہوں گے۔ بلکہ اسکا نام کاٹ دیا جائے گا اور گھوڑا اور وردی سب ضبط کر لی جائے گی علی ہذا تا وقتیکہ حضرات اہل سنت خیاب ثلاثہ کرام کا لڑائیوں میں جان لڑانا ڈ کھلائیں گے کبھی کوئی انعام نہ پائیں گے تمام غزوات وسرایا کی کیفیت کتب تواریخ میں موجود ہے اکثر مجاہدین کے مقتولوں کا نام لکھا ہے اور جن بزرگواروں نے زخم کھائے ہیں اُن کی بھی صراحت کی گئی ہے۔ مگر یہ حضرات نہ کبھی کسی جنگ میں زخمی ہوئے اور نہ کسی کو مارا اسجگہ اُن کے موالی و معتقدین کہ سکتے ہیں کہ ہر شخص کا زخم کھانا ضروریات سے ہے۔ نہیں چونکہ یہ اعلی درجہ کے خوش مشق و تیز دست و چلت پھرت والے تھے۔ لہذا دشمن کی زد سے اپنے آپ کو بچاتے رہے میں اسکو تسلیم کرکے عرض کرتا ہوں کہ جو لوگ چستی و چالاکی سے دشمنوں کے حرب رد کرتے ہیں وہ دوسروں کو ضرور صدمہ پہنچاتے ہیں۔ تواریخ کے معائنہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان صاحبوں کی تلواریں کبھی غلاف سے باہر نہیں ہوئیں۔ واللہ میں نے کسی کتاب میں نہیں دیکھا کہ بعد سرور کائنات یا اپنے اپنے زمانہ خلافت میں ان کی سروہی نے کسی کافر کے جسم سے آنا خون بھی نکالا ہو جتنا کھٹمل یا پسو چوس لیتا ہے۔ ہاں ہمیں شک نہیں کہ آوردگاہ سے جان سلامت لے کر کمیپ میں بہت تیز قدمی سے چلا آنا گویا ان کی خصوصیات سے تھا نہایت تعجب کی بات ہے کہ شریک جنگ ہو کر نہ مارے اور نہ مرے اور پھر امیدوار تمغہ ہونا ناظرین اس موقع سے سرسری نہ گذریں بلکہ کچھ رک کر نظر ڈالیں اور دل میں غور کریں کہ جن لوگوں نے خدمت اسلام بالکل نہیں کی جہاد میں جسکو خدا نے معیار اسلام تجویز فرمایا ہے ثابت قدم نہیں رہے۔ وہ کیونکر جنت النعیم کے کسی گوشہ میں بستر لگا سکتے ہیں۔ دیکھو آیہ امتحان مستقیم موصوفہ بالا کا ترجمہ۔ ابھی تک تمہارا ثابت قدم رہنا درجہ ثبوت کو نہیں پہنچا واضح ہو کہ یہ

آیت بعد جنگ بدر نازل ہوئی ہے اس کے بعد بڑے بڑے معرکہ مثل خندق وصلح حدیبیہ
وجنگ احد وخیبر وحنین وسرایا وغیرہ واقع ہوئے ہیں تمام حروب کا جنگی نقشہ دیکھ کر
انصاف فرمانا چاہئے کہ حضرات ثلثہ نے اُن مواقع پر کیا داد جوانمردی دی اور اسلام کی
کس اسلوبی سے اعانت فرمائی بروز محاصرہ خندق عمر ابن عبدود کی پُرصولت وہیبت ناک آمد
دیکھ کر آنحضرت سے جناب عمر نے جنکو انہما کا دلاور اور جرنیل کہا جاتا ہے۔ عرض کیا یہ حضور آپ
کے لشکر کے یہ ناتوان وفاقہ کش سپاہی اس سے نہیں لڑ سکتے یہ آدمی نہیں دیو زاد ہے
ایک مرتبہ ایام جہالت میں ہم مال تجارت لئے جاتے تھے۔ راہ میں قافلہ پر ڈاکہ پڑا اتفاقاً سے
یہ پہلوان ہمارا رفیق راہ تھا۔ ایکدم میں سب کو بھگا دیا اونٹ کی ٹانگ پکڑ کر چوروں پر اس
طرح پھینکتا تھا کہ جیسے سنگ فلاخن پھینکا کرتے ہیں۔ عمر جیسے بہادر آدمی سے یہ مضطربانہ
تاریخی واقعہ سُنکر نکما دبلیا لوگوں کے جوتے ڈھیلے ہوگئے پیٹ کی انتڑیاں غل غل د
غل غل کرنے لگیں۔ رسول پاک یہ تحیر عمر صاحب کی طرف نگراں تھے کہ پریٹ پر کھڑے ہوئے
کس ادا سے فوج کا دل بڑھا رہے ہیں عام قاعدہ ہے کہ ایسے موقع پر اُن تھورانہ الفاظ
کا استعمال کرتے ہیں کہ جن سے مُردے میں جان آجائے نہ یہ کہ جیتا جاگتا مر جائے حضرت عمر بھی
عجیب خوش مزاج تھے نہ خود لڑتے رہتے نہ لڑنے والوں کے دل بڑھاتے تھے۔ بلکہ سپاہ کی
طبیعت مضمحل کر دیتے تھے۔ خوب ہوا نبی نے کبھی انکو کمان افسر نہ بنایا ورنہ معلوم نہیں کیا گل کھلاتے
اگر حضرت امیر اُسوقت آمادہ جنگ ہو کر اُسکو قتل نہ کرڈالتے تو نتیجہ یہ ہوتا کہ حضرت عمر فتراک عمر
ابن عبدود سے باندھے جاتے اور اسلام پیر پھیلا کر خندق میں گہری نیند سوتا۔ ذی علم مخاطب
غور فرمائیں کہ جناب عمر کی یہ پرانی خبر اسلام کو کس حد تک ضرر رساں تھی صلح حدیبیہ میں جوش اسلام
اسلام سے ایسے خود رفتہ ہوئے کہ نبی کی نبوت سے استغفا دے بیٹھے۔ سبحان اللہ سچے دل سے
ایمان لانے والے ایسے ہی حضرات ہوتے ہیں جنکو آنحضرت کے نبی برحق ہونے میں تذبذب و تشکیک
پیدا ہو جائے۔ کتب اہل سنت میں وارد ہوا ہے کہ صلح حدیبیہ سے حضرت عمر ایسے ناراض ہوئے

کہ نبی کی نبوت میں شک کر بیٹھے اور نہایت غیظ و غضب سے فرمایا ما شککت منذ اسلمت الا
یومئذٍ یعنی جب سے میں ایمان لایا ہوں کبھی ایسا شک نہیں ہوا جیسا کہ آج ہوا اس طرز کلام سے
واضح ہوگیا کہ جناب دوم متشکک و مذبذب ہمیشہ رہتے تھے مگر آج کا شک بہ نسبت اور دنوں
کے کچھ ایسا بڑھ گیا تھا کہ اس کے پوشیدہ کرنے پر قادر نہوئے بید ھڑک ہوکر کہہ اُٹھے جناب عمر کا
شک چونکہ اُن کے اسلام کی عزت کا بڑھانے والا ہے لہذا حضرات اہلسنت کو بڑی فکر ہوئی کہ اتنا
لمبا چوڑا جنیفہ حدود اسلام سے نکلا جاتا ہے اگر تینوں میں سے یہ ایک بلند قامت علیحدہ ہوگیا تو بڑی
خرابی لازم آئے گی لہذا امام عینی شارح بخاری نے زچ ہوکر لکھدیا کہ احتمل کان مولفۃ القلوب
الی الان یعنی عمر صاحب کا نبوت میں اظہار شک فرمانا اسپر دلالت کرتا ہے کہ وہ اسوقت تک اسلام
میں پختہ نہ تھے بلکہ بذیل مولفۃ القلوب اُن کا شمار تھا۔ سبحان اللہ گوسالہ ما پیر شد و گاو نہ شد۔
حضرت عمر کی تمام عمر گذر گئی مگر پکے مسلمان نہوئے۔ اگر علمائے اہل سنت ہمکو اس تاریخ سعید سے اطلاع دینگے
جس میں اہل تالیف کی جماعت چھوڑ کر عمر صاحب پکے اور سچے مسلمان بنے تھے شکریہ ادا کیا جائیگا۔ قبل از حدیبیہ زیر درخت
ببول بیعت رضوان ہوئے تھے جس کا ذکر قرآن پاک میں اس طرح ہوا ہے لقد رضی اللہ عن
المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ الی آخرہ چونکہ اس آیت میں خدا نے اپنی رضامندی متعلق
بہ مومنین کی ہے اور حضرت عمر اسوقت تک بوجہ خامکاری بذیل مولفۃ القلوب معدود تھے لہذا وہ
آیۂ رضوان کے حکم سے نکل گئے سنی صاحب جو بصد طمطراق آیۂ موصوفہ بالا میں جناب عمر کو اعلیٰ درجہ
کا حصہ دار جانتے ہیں وہ امام عینی کی تحریر کو عینک لگا کر دیکھیں سوائے ازیں کتاب کلمۃ التقویٰ
مولفہ جناب مولوی رافت علیصاحب سنی المذہب امروہوی کے صفحہ ۳ سطر ۶ پر لکھا ہے کہ ہماری کتابوں میں
جو وارد ہوا ہے (ما شککت منذ اسلمت الا یومئذٍ **ترجمہ** یعنی حضرت
عمر نے فرمایا کہ جیسا شک مجکو آج محمد کی نبوت میں ہوا کبھی نہوا تھا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اُن
کا نفس مضطر ہوگیا تھا۔ بعد ملاحظہ واقعات صدر جناب مخاطب قرآن سے درباب فاروق فلاح کامیں
انشاء اللہ یہ آیت ضرور نظر پڑے گی ان المومنون الذین آمنوا باللہ ورسولہ ثم لم یرتابوا

یعنی خدا اور رسول پر ایمان لانے والے وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے ایمان میں شک نہیں کیا چونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مشکوک بہ نبوت ہوئے لہٰذا اہل ایمان کے فرد سے اُن کا نام نامی و اسم گرامی خدا نے خارج فرما دیا اب میں پھر آیہ "ام حسبتم" کی طرف توجہ کر کے حضرات شیخین کا انقلاب علی الاعقاب یعنی اسلام سے پچھلی حالت کفر کی طرف لوٹ جانا کتب اہلسنت سے ثابت کر کے محترم مخاطب کے قلب نورانی سے مواد ولائے شیخین اس طرح کھینچ لوں گا کہ جیسے ڈاکٹر لوگ گلاس لگا کر مادہ مفسد نکال لیتے ہیں

## توضیح آیہ ام حسبتم جس سے ارتداد خلفا ثابت ہوتا ہے

علامہ سیوطی دُر منثور میں لکھتے ہیں کہ آیہ بالا بعد معرکہ بدر احد میں نازل ہوئی ہے بہ نظر اطمینان مخاطب و دیگر ناظرین عبارت حوالہ قلم کرتا ہوں اخرج ابن ابی شیبہ فی کتاب المصاحف عن سعد بن جبیر قال اول مانزل عن آل عمران ھذا بیان للناس و ھدی و موعظۃ للمتقین ثم انزل بقیتہا یوم احد یعنی سوائے انہ ھذا بیان الی آخرہ باقی سورۂ آل عمران بہ مقدمۂ اُحد نازل ہوئی ہے مضمون انقلاب دلوٹ جانا کفر پر اسی بقیہ حصہ میں ہے۔ تفسیر کشاف میں حضرت عبداللہ ابن عباس کا یہ قول نقل ہوا ہے قال ان المسلمین کانو یقولون ربہم اللھم ربنا ارنا یوماً کیوم بدر نقاتل فیہ المشرکین و نبلیک فیہ خیرۃ فلتمس فیہ الشہادۃ خلاصہ کلام یہ ہوا کہ جن لوگوں نے بدر میں داد مردانگی دی تھی اور کفار و مشرکین کے قتل کا انکو اتفاق ہوا تھا وہ آرزو کرتے تھے کہ خدایا کوئی ایسا دن بھی آئے گا جیسا کہ روز بدر تھا تا کہ ہم بھی مشرکوں کے خون سے اپنی تلوار کی آب بڑھائیں۔ پس اس آیہ میں وہی لوگ مراد ہیں جنکو کفار سے سر کھیونیکا اتفاق ہوا تھا اور وہ بے شبہ ثلاثہ اور اُنکے ہم مزاج تھے۔ کیونکہ دنیا کی تاریخیں ان کے زخم کھانے یا کسی کے جسم پر صدمہ پہنچانے سے حالت سکوت میں ہیں خدا خدا کر کے بعد واقعہ بدر معرکہ احد در پیکار ہوا لہٰذا دیکھنا چاہئے کہ اُن جوشیلے سپاہیوں کا جو کہ قتل کفار کے لئے تلواروں کے ڈورے کھوے ہوئے آرزو سے جنگ میں بیچین تھے۔ کیا حال ہوا۔ تمام صحابہ میں حضرت عمر اعلیٰ درجہ کے سخت و شدید لوگوں میں معدود ہیں چنانچہ اسی وجہ سے اشداء علی الکفار کی سنگین زرہ اُن کے بدن اقدس پر آراستہ کی گئی ہے

ان سے جو حالت پیش آئی وہ عجیب خوش منظر ہے تفسیر دُرمنثور میں علامہ سیوطی لکھتے ہیں لقد
رایتنی یوم احد وانا اعدو فی الجبل منہزماً مثل الادوی حضرت عمر فرماتے ہیں کہ میں
مثل بُزکوہی پہاڑ کی چوٹیوں پر روز احد اُچھلتا پھرتا تھا۔ کنز العمال میں ہے لما کان یوم
احد ہزمنا ففررت حتی صعدت الجبل فلقد رایتنی انزو کاننی اروی کہ جناب عمر
فرماتے ہیں ہزیمت کھائی ہمنے روز احد اور میں ایسا بھاگا کہ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا وہاں
میری یہ حالت تھی کہ جیسے پہاڑی بکری کی ہوتی ہے۔ سبحان اللہ آرزو تو بعد بدر یہ تھی کہ
اگر موقعہ جنگ آیا تو کفار کو بھون کر کھا جائیں گے جب مقابلہ کی نوبت آئی انسانی چال بھول کر
بھاگ کھڑے ہوئے۔ حضرت عثمان کا بھاگنا عجیب قطع کا تھا ایسے پُرخوف ہو کر گریز پا ہوئے
کہ تین دن میں بعد تلاش کسی کے گھر سے برآمد ہوئے تھے۔ حضرت صدیق کا حال بھی اہل
تاریخ نے اُس معرکہ میں کچھ بودے الفاظ سے لکھا ہے حضرات شیخین یا اون کی ہم طبیعتوں نے
کچھ یہ ہی نہیں کیا کہ صرف میدان جنگ سے کنارہ کش ہوئے ہوں بلکہ کچھ ایسے مایوس ہوئے کہ
اسلام ظاہری ترک کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ پُرانے کفر تنزل میں اسباب لیجانے کے واسطے تیار ہو گئے
لشکر کی شکست سے ایسا دل ٹوٹا کہ مسلمانی کو دونوں ہاتھوں سے بایں عنوان سلام کرنا پڑا کہ بھائیو
محمد تو قتل ہو گئے اسلامی کشتی کا کھیوا دریائے فنا میں ڈوب گیا اب اس مذہب پر قائم رہنا ممکن نہیں
وہیں چلو جہاں سے آئے تھے (بحالت) چنانچہ تفسیر کشاف میں اس مضمون کو بایں الفاظ لکھا ہے
قال علی رضی فی قول المنافقین للمومنین عند الہزیمۃ ارجعوا الی اخوانکم وادخلوا فی دینکم تفسیر
درمنثور میں اس طرح درج ہے اخرج ابن جریر عن ابن جریج قال قال اہل المرض والارتیاب
والنفاق حین فر الناس عن النبی قد قتل محمدؐ فالحقوا بدینکم الاول فنزلت ہذہ الآیہ
وما محمد الا رسول (الی آخرہ) یعنی اہل مرض ونفاق والا ارباب شکوک نے جبکہ احد میں شیطان نے
قد قتل محمد کی آواز دے کر اپنے رفیقوں کو بلایا تھا یہ بات کہی تھی کہ محمد تو قتل ہو گئے اب اپنے دین قدیم
پر لوٹ جانا چاہئے۔ یہ وہ وقت تھا کہ جتنے درجہ تکمیل ایمان کے لئے ضروری تھے اکثر صحابہ اور

Presented by www.ziaraat.com

بالخصوص جناب ثلاثہ سب طے کر چکے تھے مسبوق بہ اسلام ہو کر خلعت مہاجرت زیب بدن فرما چکے تھے شیخین کرام کی ذی عزت بیٹیاں ایوان نبوی میں عروسی لباس پہنے ہوئے متبختر کناں شمل رہی تھیں جناب ثالث بالخیر بقول اہلسنت نبی کی دو صلبی بیٹیوں کے شوہر بنکر ذی النورین کا تمغہ لگا پیشانی انور پر لگائے ہوئے تھے غرضکہ باسباب ظاہر حضرات ثلاثہ کے لیے وہ ایسا وقت تھا کہ اگر جہاد میں جو کہ اچھے بُرے جاننے کا آلہ بحکم الذین آمنو باللہ ورسلہ وھاجروو جاھدو فی سبیل اللہ خدا نے تجویز فرمایا ہے ثابت قدم رہتے تو بازی لے چکے تھے مگر افسوس ہے کہ یہ امتحان آخر جیسا تمام محنتوں کا نچوڑ تھا اُن کے حق میں عمدہ نتیجہ بخش نہوا۔ اگر کیبکا ہتھیار بدر واحد وغیرہ میں کھا لیتے یا آنکہ لا اقل صف جنگ سے نہ ٹلتے تو غالباً اسلام کے کسی گوشہ میں بیٹھ سکتے تھے مگر اتفاقات وقت سے جناب خلفا اُن تمام فضائل کے حامل تھے جو کہ ایک ادنیٰ مسلمان کو بھی نازیبا تھی۔ منجملہ دیگر شرائط اسلام کے ایک بڑی شرط یہ بھی ہے کہ گاہے مشکوک و مُذبذب نہ ہو۔ آیہ مبارکہ انما المومنون الذین آمنو باللہ ورسولہ ثم لم یرتابو متذکرہ صدر اس واقعہ کی شاہد عادل موجود ہے۔ دیکھو مثال دنیا سے اطمینان دلاتا ہوں۔ اگر کوئی طالب علم امتحان انٹرنس پاس کرکے۔ نائب تحصیلداری سے نامزد کیا جائے اور ہر طرح سے چاق وچیت ہو مگر گھوڑے پر چڑھنا بانس پر کودنا نہ جانتا ہو تو کبھی اُس عہدہ پر فائز نہو گا علی ہذا اگر ابتدائے اسلام میں جبکہ بظاہر کوئی امید فائدہ بقول اہل سنت نہ تھی۔ زید مسلمان ہوا اور مکہ سے مدینہ کو ہجرت کی۔ نبیؐ کو بیٹی نذر کرکے اُن کا سسرا بنا ہمنشیہ سفر اور حضر میں ساتھ دیا ہر طرح مشورہ میں شریک ہو کر ناک کا بال بنا رہا۔ مگر نفس نبوت کو صحیح نہ سمجھا۔ بلکہ اس میں مشکوک و مشوش ہوا کہ یہ شخص فی الواقع نبی ہے یا نہیں اور شک کا غلبہ اسی طرف ہوا کہ یہ سچا نبی نہیں ہے۔ اگر یہ اپنے دعوے میں صحیح القول ہوتا تو فتح مکہ کی جو قبل ازیں صلح حدیبیہ پیشنگوئی کر چکا تھا وہ روئے ظہور دکھلاتی۔ بایں ذلت وخواری دب کر صلح نہ کی جاتی ہر لڑائی میں اپنے مرشد وہادی کو سپرد کفار کرکے میدان سے بھاگا مرتے وقت اُسکا حکم نہ مانا۔ حالت بیماری

میں اُسکو بیہودہ گو کہا۔ پس از وفات نعش کو بغیل و کفن و دفن چھوڑ کر چلا گیا۔ ایسے شخص یا اشخاص کی نسبت کون عقل کا دشمن کہہ سکتا ہے کہ وہ سچا مسلمان تھا کر بہشت میں پیر پھیلا کر سرگرم استراحت ہو سکتا ہے چونکہ اسوقت تک یہ بات ظاہر نہیں ہوئی کہ حسب اندراجات تفسیر دُر منثور و تفسیر کشاف متذکرہ بالا جن ارباب شک و نفاق نے جنگ احد میں یہ کہا تھا کہ محمد تو قتل ہو گئے اب اپنے دین آبائی کی طرف لوٹ جانا چاہیے وہ کون بزرگوار تھے لہذا ہم کتب اہل سنت کی طرف رجوع کر کے مخاطب ذی فہم کو اُن مرتابین و منافقین کے اسمائے گرامی بتلاتے ہیں۔ اول منافقوں کی حیثیت دکھلائیں گے اور پھر اُن کے نام بتائیں گے

## حیثیت منافقین از حبیب السیر

"انس در معرکۂ احد امیرالمومنین عمر ابن خطاب را دید کہ با طائفہ از اہل اسلام در مقام تحیّر بگوشہ نشستہ از سبب حزن پرسید جواب دادند کہ رسول صلعم بہ قتل رسید گفت شما دیگر حیات چہ میکنید برخیزید و با اعدا مقاتلہ نمائید تا کشتہ شوید پس انس شمشیر کشید و متوجہ میدان شد تا قتل شد" یہ عبارت بزبان حال گویا ہے کہ امیرالمومنین عمر ابن خطاب آواز شیطان کو صحیح باور کر کے قتل آنحضرت پر متیقن ہو گئے اور اپنی ہمخیال جماعت کے ساتھ متحیر تھے اور اسدرجہ تحیّر بڑھا ہوا تھا کہ انس کے کہنے پر کچھ اعتنا نہ کیا اُسنے جو قتل کفار کی طرف اشارہ کیا تھا مطلق پروانہ کی بالآخر وہ بیچارہ خود متوجہ حرب ہو کر قتلو و قتلو مندرجہ قرآن کا مصداق بنا چونکہ اہل نفاق وارتیاب قتل سرور کائنات صلی اللہ علیہ و الہ وسلم سے بیدل ہو کر ترک اسلام پر بہم سوگند ہو گئے تھے۔ لہذا انس کے نصائح آمیز فقرات اُن کے حق میں کچھ موثر نہ ہوئے چونکہ خلیفہ دوم کی نسبت مثل اردیہ دیہاڑی بکری) کی طرح کودنا اچھلنا وارد ہوا ہے لہذا معلوم ہوتا ہے کہ بعد تعلیم انس حضرت عمر گوشہ تحیّر و تشویش سے اُٹھ کر۔ پرانے دین میں جانے کے لئے مثل بز جست و خیز کرنے پر آمادہ ہو گئے۔ چونکہ فوراً اُن کو معلوم ہو گیا کہ محمد زندہ ہیں اور علی نے جنگ کو سر کر لیا لہذا واپس چلے آئے اگر خبر کے شائع ہونے میں کچھ دیر ہوتی اور میں ارادہ

Presented by www.ziaraat.com

سے عمر صاحب مع اپنے رفقا کے تیز قدم ہوئے تھے اُسکو پورا کرتے یعنی قدیمی لنگوٹیا یاروں کے ساتھ سب کچھ کھا پی لیتے تو دوبارہ اسلام لانے میں اُنپر وہی تو دقت و زحمت ہوتی جو کہ مرتد کو ہوا کرتی ہے بڑی خیر گذری کہ سوائے ایچُلل کودکے معاملہ ارتداد رو بکار نہوا انہیں لوگوں کے حق میں اہل سنت آیات و بشارت قرآنی کو جو کہ بحق مومنین مخلصین نازل ہوئی ہیں کھینچ تان کرلاتے ہیں میں حضرت مخاطب کو یہ بھی بتلائے دیتا ہوں کہ روز احد سوائے حضرت امیرؑ کے سب بھاگ گئے تھے اُن بھاگے والوں میں بعض ایسے تھے جو کہ فی الواقع مغلوب کفار ہوکر تاب مقاومت نہ لاسکے اور اکثر جن کے سرگروہ حضرت ابو بکر وغیرہ تھے اس طبیعت کے آدمی تھے کہ اسلام سے استعفا دینے پر امادہ ہوگئے - وہی صاحب حبیب السیر جن کی عبارت اوپر نقل ہوئی ہے لکھتے ہیں (در بعضے روایات آمدہ است کہ نوبتے زید بن وہب از عبداللہ ابن مسعود پرسید کہ چنیں شنیدہ ام کہ در روز احد بغیر از علی مرتضیٰ وابودجانہ وسہل بن حنیف رضی اللہ عنہم در خدمت حضرت رسول ہیچ کس نماندہ بود ایں خبر مطابق واقعہ ست یا نے - جواب داد کہ در اول حال کہ سپاہ اسلام روئے بوادی انہزام نہادند بجز مرتضیٰ احدے در نزد مصطفیٰ نماند بعد از ساعتے عاصم بن ثابت و ابودجانہ وسہل بن حنیف وطلحہ بن عبداللہ بملازمت خیر البشر شتافتہ کمر محاربت بر میاں بربستند - باز پرسید کہ ابوبکر و عمر کجا بودند گفت ایشاں نیز بہ گوشہ رفتہ بودند وچوں از حال عثمان بن عفان استفسار نمود گفت او نیز بطرفے شتافتہ در روز سوم از جنگ پیدا شد) ان عبارتوں کے نقل کرنے سے یہ نتیجہ ضرور نکل آیا کہ حضرات شیخین آنحضرت کے قتل کی خبر سنکر ضرور گھبرائے اور وہ گھبراہٹ کچھ اس سبب سے نہ تھا کہ آنحضرت کے قتل نے اُنپر کوئی ایسا اثر ڈالا ہو جیسا کہ وفادار غلاموں پر آقا کی وفات سے پڑتا ہے - اگر حزن والم تینوں بزرگواروں پر طاری ہوتا تو حضرت عمر مثل بکری نہ کودتے عثمان صاحب تین دن میں نہ آتے صدیق اکبر میدان جنگ سے باہر قدم نہ رکھتے - بلکہ اسجگہ پتھروں سے سر توڑ توڑ کر مرجاتے اور عاشق رسول اللہ

کہلاتے ۔ یہ کیا عشق و محبت ہے دیکھو وہ عبارت جسکو میں نے پہلے نقل کیا ہے ۔ اُس نے حضرت اول و دوم سے پوچھا کہ کیوں سر تشویش خم کئے بیٹھے ہو جواب دیا کہ رسول قتل ہو گئے اُس نے کہا کہ پھر تم زندہ رہ کر کیا کرو گے اُٹھو اور قتل اعدا میں کوشش کرو یہ حضرات کچھ اس واسطے ایمان تھوڑا ہی لائے تھے کہ رسول کے ساتھ خود بھی مر جائیں تعجب ہے مجکو حضرات شیخین کے عشق صادق پر اُس تو جہاد کر کے راہ خدا میں جان دیدے اور یہ صاحب کہیں سے کہیں پہنچ جائیں ان تین میں دو صاحب نبی کے سسرے تھے اور ایک داماد سسرا صاحبوں کی محبت قابل نظر ہے داماد کی خبر قتل سُننے سے چونکہ بیٹیوں کے رانڈ ہونیکا مظنہ قوی تھا لہذا مقتضائے حمیت یہ تھا کہ اُسکے قاتلوں کو مارتے اگر اُن کا قتل کرنا ممکن نہوتا تو خود جان بحق ہو جاتے سوائے ان کے ہمنے آجتک نہیں سُنا کہ کوئی سسرا افواج مخالفین میں اپنے خویش کو چھوڑ کر اس طرح پشت بمیدان ہوا ہو جیسکہ حضرات شیخین ہوئے تھے داماد بجائے فرزند کے ہوتا ہے اور خصوصاً اس شخص کا جس کے صرف اولاد دختری ہی ہو ۔ ہمبریں جناب عثمان سے بھی مجکو ایک موقعہ شکایت ہے کہ دوہرے اور ڈبل داماد بوجہ زینب و رقیہ سلام اللہ علیہما کی شمار ہو کر ذی النورین کہے جاتے ہیں یہ کیسے فرزند تھے کہ اپنے ولی نعمت کی مطلق خبر نہ لی اور بھی اسی میں میدان چھوڑ کر ایسے گریز پا ہوئے کہ تین دن میں بصد مشکل پتہ لگا ۔ دیکھو اُس میدان بلا خیز و شور میں وہی آپ کے ساتھ رہا جو کہ داماد اصلی ہو کر ہزار بیٹوں سے افضل اور نفس ناطقہ تھا (علی مرتضیٰ علیہ السلام) بحوالہ تفسیر کشاف و درمنثور میں اول عرض کر چکا ہوں کہ منافقین و مرتابین نے آنحضرت کی خبر قتل سُنکر کہا تھا ارجعوا الی اخوانکم وادخلوا فی دینکم (یعنی لوٹ چلو اپنے قوم و قبیلہ اور قدیم مذہب پر دیں یہ کون لوگ تھے اس جماعت کی جانچ چنداں دشوار نہیں کیونکہ آیہ "اُم حسبتم" موصوفہ بالا میں جن کی نسبت خدا نے یہ فرمایا ہے کہ اگر محمدؐ مر جائے یا قتل ہو جائے تو تم اپنی پچھلی حالت کفر پر عود کر جاؤ گے یہ وہی ہیں جن کی تلوار بدر میں غلاف پوش رہی اور اُحد میں روبفرار ہوئی اور حسب مرحمت

بالا یہ لوگ ثلاثہ اور اُن کے امثال تھے تفسیر مدارک میں بذیل تفسیر آیہ صدر لکھا ہے کہ انقلاب علی العقبین کا علاقہ اُن لوگوں سے ہے جنھوں نے جہاد سے فرار کیا۔ حضرات شیخین مرتے مرگئے مگر یہ عادت نہ گئی چونکہ فاضل مخاطب بالخصوص اپنے محبوب خلفاء کی نسبت دریافت فرماتے ہیں لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کتاب اہل سنت سے قایل اس قول کا کہ اب اسلام چھوڑ کر اپنے پُرانے چھپروں میں جن پر کفر کا پھوس پڑا ہوا ہے چلنا چاہیئے جناب شیخین رضوان اللہ تعالیٰ کو ثابت کر دیا جائے مسند امام حنبل میں جو کہ نزد سنیہ انتہا کی معتمد ہے یہ عبارت لکھی ہے ان الشیخین ھزما یوم احُد ورجع عمر ینشف دموعہ ویسال علیا العفو فقال الست المنادی قتل محمد فارجعوا الی ادیانکم فقال انما قال ابوبکر ثم نزلت ان الذین تولوا منکم یوم التقی الجمعان انما استزلھم الشیطان خلاصہ کلام یہ ہے کہ یوم احد ابوبکر وعمر نے ہزیمت کی زاں بعد عمر ابن خطاب واپس ہوئے بایں شان کہ اپنے مُنہ سے آنسو پونچھتے جاتے تھے (اشکِ ندامت) اور حضرت امیرؑ سے کہتے تھے کہ یا حضرت ہمکو اس جرم نمایاں سے معافی دیجئے۔ حضرت علیؑ نے یہ عذر یہ حیلہ سنکر فرمایا کہ کیوں حضرت آپ نے نہیں فرمایا تھا کہ محمد تو قتل ہو گئے اب اپنے قدیم مذہب پر لوٹ جانا چاہیئے۔ عمر صاحب نے جواب دیا کہ میں نے نہیں بلکہ ابوبکر نے کہا تھا اسی مضمون کے قریب قریب تفسیر کشاف میں لکھا ہے ذی فہم مخاطب حذرا انصاف فرما کر ہماری تحقیقات بلیغ کی داد دیں کہ آیہ "اَم حسبتم"، کا مصداق باوصف عدم موجودگی اسمائے ہم نے حضرات شیخین کو کس حُسن ولطافت سے قرار دیا ہے جس طرح کہ بڑا تجربہ کار افسر پولیس ہزار آدمیوں میں سے اصلی مجرم کو پکڑ لیتا ہے اسیطرح میں نے انقلاب علی الاعقاب کا سیاہ دھبہ گہری نظر کرکے خلفا کے جسم مبارک پر دیکھ لیا ہے ذی قدر مخاطب ضرور تیزآب کلام سے اس سیاہ داغ کے مٹانے میں کوشش کریں گے۔ اگر الزام چھوٹنا ممکن نہو تو اُن کو چاہیئے کہ فوراً اپنا اسباب سفینہ نوح میں اُٹھا لائیں اور اس دریائے بلا سے جس میں مع الفضل بڑے ہوئے ڈبکیاں کھا رہے ہیں ہمکنار عافیت ہو جائیں میں بیت

وثوق سے امید رکھتا ہوں کہ حضرات ثلاثہ کے حالات حسب صراحت بالا معائنہ فرما کر جناب مخاطب اُن سے تعلقات نیاز مندی اُٹھالیں گے اور جو حسن ظن رکھتے ہیں وہ مبدل بنوع دیگر ہو جائیں گے اہل سنت بڑے دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں کہ تمام صحابہ کو عدول انکو آیات بشارات و مدح کا مقصود الیہ بالخصوص جناب ثلاثہ کو جانتے ہیں یہ خیال نہیں فرماتے کہ جس قرآن میں تعریفی جملے بحق صحابہ وارد ہوئے ہیں اسی میں آیات مذمت وعتاب بھی درج ہیں۔ حضرات سنیہ فضائح و ذمائم فقرات قرآنی کا ذکر تو کبھی زبان پر نہیں لاتے۔ البتہ آیات مدائح پیش کر کے ناواقفوں کو دھوکا دیا کرتے ہیں کہ جن لوگوں کی خدا نے یہ شان بیان کی ہے انکو شیعہ منافق و بدراہ کنندہ خلایق جانتے ہیں ہم شیعہ لوگ اُن بزرگواروں کو اپنا ہادی و پیشوا جانتے ہیں کہ جن سے آیات مدح باعتبار عادات و حرکات حمیدگی رکھتی ہیں اور جو صحابہ آیات غضب سے تعلق رکھتے ہیں اُنکو ویسا ہی سمجھتے ہیں دیکھو شاہ ولی اللہ قرۃ العینین مطبوعہ مطبع مجتبائی کے صفحہ (۱۶۳) پر درباره صحابہ لکھتے ہیں) و لانسلم کہ درعصر اول خوئے فتنہ نداشتہ اند۔ نمی بینی کہ بعد وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بسیارے مرتد گشتند) یعنی ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ عصر اول یعنی عہد رسول میں اصحاب خوئے فتنہ و فساد نہ رکھتے تھے اگر مفسد نہ ہوتے تو بعد آنحضرت کثیر التعداد صحابہ رہ گرائے بادیہ بے ایمانی نہ ہوتے۔ جناب مولوی مہدی علیخاں صاحب بہادر محسن الملک شروع آیات بنیات میں لکھتے ہیں کہ (اکثر مسلمانوں کو بعد اسلام شیطان نے بہکایا) پس واضح ہوا کہ تمام صحابہ عدول و قابل قبول نہ تھے۔ اچھوں میں بُرے ملے ہوئے تھے انھیں ناہنجاروں کے باب میں خدائے کریم فرماتا ہے (ومن یرتدد منکم عن دینہ فیمت وھو کافر فحبطت اعمالھم فی الدنیا والاخرۃ واولٓئک اصحاب النار ھم فیھا خالدون یعنی جو لوگ کہ تم مسلمانوں میں سے مرتد ہو جائیں گے اُن کے تمام اعمال حسنہ جو کہ بہ حیثیت اسلام ظاہری کیئے ہیں ضبط کر لئے جائیں گے اور ہمیشہ کے لئے

Presented by www.ziaraat.com

جہنم میں ڈالدئے جائیں گے اسجگہ چند آیات لکھے دیتا ہوں جن سے ثابت ہو جائے گا
کہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ کے تمامتر اصحاب جادۂ راستی پر نہ تھے بلکہ اُن میں اکثر
حد اعتدال سے گذرے ہوئے تھے سورۂ مائدہ میں خدا فرماتا ہے یا ایھا الذین آمنو
من یرتد منکم عن دینہ الی آخرہ اے ایمان لانے والو جو کوئی کہ تم میں پھر جائے
دین سے دوسرے مقام پر ارشاد ہوا ہے (منکم من یرید الدنیا ومنکم من یرید الآخرۃ
یعنی اے اصحاب محمد تم میں سے بعض دنیا کے طالب ہیں اور بعض آخرت کے) تریدون عرض
الدنیا واللہ یرید الآخرۃ (بل تؤثرون الحیٰوۃ الدنیا والآخرۃ خیرًا و ابقیٰ
(ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والآخرۃ واعد لھم عذابا
مھینا) یقولون بافواھم ما لیس فی قلوبھم (یخادعون اللہ والذین آمنو وما
یخدعون الا انفسھم) یعنی اے اصحاب رسول تم مکاری اور دھوکہ بازی سے کہتے ہو کہ ہم
ایمان لائے ہیں یہ دھوکہ خدا کو ضرر رساں نہیں ہے۔ بلکہ تمہارے نفسوں کو نقصان پہنچانے
والا ہے۔ با وقار سائل چونکہ ماشاء اللہ زیرک و دانا و ارباب ہمت سے ہیں غور فرمائیں
کہ آیات مجوزہ ایسے ہی لوگوں سے علاقہ رکھتے ہیں جنھوں نے روز اُحد نبی کو جرگہ کفار
میں تنہا چھوڑکر قدیمی دین کی طرف لوٹ جانے کا ارادہ کیا تھا یا کسی اور گروہ سے الحاصل
یہ بات صاف طور پر ظاہر ہو گئی کہ اصحاب نبی میں بد و نیک ہر طرح کے شامل تھے کلام
باری میں اچھے بُرے کی تمیز کا جو نشان تبلایا گیا ہے اُس حلیہ سے ہم لوگ پتا لگا لیتے
ہیں جیسا کہ انقلاب علی الاعقاب کا گہرا دھبہ ثلاثہ کی پیشانیٔ مبارک پر دکھلا دیا گیا آیۂ
متدلہ میں خدا نے ارتداد کے لئے یہ شرط قایم فرمائی ہے (افائن مات او قتل) یعنی
اگر ہمارا رسول مرجائے یا قتل ہو جائے تو کیا تم اُلٹے پیروں پھر جاؤ گے۔ قتل کی خبر سنکر
جو شیخین نے کفر پورہ آباد کرنے کا ارادہ کیا تھا وہ مخاطب صحیح العقل نے دیکھ لیا اب یہ
دکھلاتا ہوں کہ قریب وفات و بعد از وصال سرور کائنات کس خوش رفتاری سے راہ

یمانے میدان ارتداد ہوئے اس کی اجمالی حالت یہ ہے کہ باوصف تاکید شدید نبی کو نا چار
و بے بس دیکھ کر دوات وقلم حاضر کرنے سے انکار کیا۔ غایت بے ادبی اور گستاخی سے نبی کے منہ
پر اُن کو بیہودہ گو کہا۔ لشکر اسامہ کی شرکت سے اعراض بلکہ حکم نبی پر اعتراض کیا۔ بعد وفات
نعش اقدس کو بیگور و کفن چھوڑ کر سقیفۂ بنی ساعدہ میں چلے گئے سبحان اللہ کیا نبی کے عاشق
زار تھے کہ اُن کے مرتے ہی اس طرح آنکھیں بدل گئے کہ جیسا پورانا طوطا پنجرے سے نکل کر
حق قدیم فراموش کر کے آقا سے علیحدہ گی اختیار کر لیتا ہے مخاطب صحیح المزاج بلا جنبۂ خلفا
ذرا طبیعت پر زور دیکر سوچیں کہ تمام عالم کا یہ قاعدہ ہے کہ پہلے میّت کو دفن کرتے ہیں
ازاں بعد دیگر امور کی طرف متوجہ ہوتے ہیں رسالتمآب کے یاران دمساز کس مدرسہ کے
تعلیم یافتہ تھے کہ اپنے خداوند نعمت کے دفن کی طرف مطلق متوجہ نہ ہوئے اور دنیا کے
پیچھے پنجہ جھاڑ کے پڑ گئے۔ ڈاکٹر لیٹنر صاحب نے جو کہ مشہور ترین اشخاص میں تھی اعتراضاً
مدرسۂ امرتسر میں کہا کہ مسلمانوں کا نبی برحق نہ تھا کاش وہ سچا پیغمبر ہوتا تو مقلدوں
کی طبیعت پر اُس کی حقیت کا ضرور اثر پڑتا۔ مشاہدہ سے واضح ہوتا ہے کہ اُس کے مصاحب
ورفقا کچھ پورے طور پر متیقن بہ حقیت نبوی نہ تھے اگر اُن کی نبوت پر پورے معتقد ہوتے
تو تکفین ودفن نہ چھوڑتے حضرات خلفاء کی بیجا کارروائی نے یہ اثر ڈالا کہ ایک نصرانی
کو موقعہ اعتراض مل گیا میں یقین کرتا ہوں کہ بعد معائنہ واقعات بالا جناب مخاطب و دیگر
حق طلب اگر رہرو مسلک انصاف ہوں گے تو ضرور مان لیں گے کہ خدا نے بلا اظہار ہمیت
آیہ" ام حسبتم" میں جن صحابہ کے مرتد ہونے کی خبر دی تھی وہ بے شبہہ ثلاثہ تھے۔ احد میں
دین قدیم بُت پرستی کی طرف لوٹ جانے کا انھوں نے ارادہ کیا تھا اور بزمانہ علالت نبی
وپس از وفات اُن سے ایسی حرکات روئے ظہور لائیں کہ جن سے اُن کے مرتد ہونے کی
خبر ملتی ہے قرآن پاک سے ثلاثہ کی حالت حقیر نے اس عنوان سے دکھلائی ہے کہ انشاء اللہ
آیندہ کسی سنی صاحب کو اُن کے پیچھے ایما ندار ہونے کا اشتباہ نہو گا مگر چونکہ دنی عزت

مخاطب نے اپنے سوال میں یہ فرمایش کی ہے کہ نبی نے ثلاثہ کے حالات جو کہ بزمانہ آیندہ حسب مزعوم شیعہ اُن سے خلاف منشا رخدا واقع ہونے والے تھے علی الاعلان کیوں نہ بیان کردیئے تاکہ خلایق دھوکہ میں نہ پڑتی - لہذا بہ تعمیل ارشاد سائل صاحب اب میں بصراحت تمام متردہ واقعات ہدیہ نظر کرتا ہوں جن سے بفضلہ یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ رسول مقبول نے پورے طور پر تبلیغ کردی تھی مسلمانوں میں سے جو لوگ چشم بینا رکھتے ہیں انھوں نے آنحضرت کے ارشاد سے فائدہ اُٹھایا اور جن کی آنکھوں پر تعصب کی سیاہ پٹی بندھی ہوئی تھی انھوں نے مطلق نہ سمجھا

## تصریح ان واقعات کی جس سے ثابت ہوگا کہ رسول مقبول نے ثلاثہ کی حالت پورے ظاہر کردی تھی

صحیح مسلم جلد دوم کے صفحہ (۲۴۹) پر ایک طویل مضمون ابی حازم صحابی کے حوالہ سے نقل ہوا ہے اردو میں اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ رسول مقبول نے فرمایا کہ میرے اصحاب کو فرشتے جہنم میں لیجائیں گے میں کہوں گا کہ الٰہی یہ تو میرے صحابہ ہیں اُنکو جہنم میں کیوں ڈالا جاتا ہے پردۂ غیب سے آواز آئیگی کہ اے محمد بعد تمہارے یہ لوگ اُس روش پر چلے جس پر تم چلنے سے منع کر گئے تھے بلکہ دین میں احداث کرکے خلایق کو گمراہ کیا صحیح بخاری مطبوعۂ مصر کی کتاب الفتن میں - بروایت ابی ایل صفحہ (۱۳۶) پر بھی مضمون بالا باختلاف عبارت و اتحاد مطلب درج ہے سوائے ازیں بخاری کے جزو ۲۷ میں جو کہ بمبئی میں طبع ہوئی ہے صفحہ ۹۶۱ و ۹۶۲ پر یہ مضمون درج ہے واضح رائے ارباب دانش ہو کہ اسلام میں علاوہ حکم خدا و رسول کے ایک تیسری شاخ سیرت شیخین بھی ہے سوائے ان کی سیرت کے کسی صحابی کے ایجاد کی ہوئی - کوئی بات اسلام میں جاری نہیں ہے اس سیرت نے بالکل پتہ لگا دیا کہ ثلاثہ نے امر دین میں احداث کیا اور یہ ہی بجرم بدعت حسب مفادات احادیث مسلم و بخاری متذکرۂ بالا مُوئے کشاں وادیٔ جہنم میں بھیجے جائیں گے بہ نظر اطمینان مخاطب نشان دیئے دیتا ہوں کہ جن کے مُنہ پر آنحضرت

Presented by www.ziaraat.com

نے کہدیا تھا کہ تم بعد میرے دین خدا کو احداث بدعات سے خراب کروگے وہ حضرت ابوبکر
صدیق تھے موطا امام مالک کا ترجمہ مسمّی بہ کشف الغطا (مطبع مرتضوی دہلی میں چھپا ہے اُس کے
صفحہ (۱۰۳) پر یہ عبارت ہے (ابو النضر سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ و آلہ نے جنگ احد
کی شہیدوں کے لئے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جنکا میں گواہ ہوں (یعنی ان کی سعی اور کوشش اور
صبر پر اور صحت ایمان پر قیامت کے دن میں گواہی دوں گا ۔ حضرت ابوبکر صدیق نے کہا یا
رسول اللہ ہم ان کے بھائی نہیں ہیں ۔ مسلمان ہوئے ہم جیسے کہ وہ مسلمان ہوئے اور جہاد کیا
ہمنے جیسا کہ اُنھوں نے جہاد کیا آپ نے فرمایا کہ ہاں مگر مجھکو معلوم نہیں کہ بعد میرے تم کیا احداث
کروگے یہ سُنکر ابوبکر روئے ۔ جناب مخاطب صاحب آپ بھی آپ کو معلوم ہو گیا کہ جن صحابہ پر
آپ فریفتہ و دلدادہ ہیں وہ آنحضرت کے نزدیک کیا وقعت ایمانی رکھتے تھے اور کیسے صاف
لفظوں میں حضور انور نے اُن کے حالات بتلا دیئے چونکہ آپ کو اُن سے نیاز مندی ہی لہٰذا کبھی
حسن ظن اجازت نہیں دیتا کہ اُن کے قبائح اور معائب پر نظر ڈالی جائے ۔ دیکھو آپ کی صحیح
مسلم میں صاف لکھا ہے کہ آنحضرت نے اپنے صحابہ سے فرمایا کہ جس وقت تمپر خزاین روم و فارس
کھولدئے جائیں گے اسوقت تمہارے طبائع کی کیا حالت ہوگی ۔ مراد یہ کہ جب مفلس سے
امیر یا محکوم سے حاکم ہو گئے تو وہ موقع ایسا ہوگا کہ آپے میں رہنا اور پائے ثبات کا لغزش
نہ کرنا پڑے جوانمردی سے ع گر بدولت برسی مست نگردی مردی ) یہ سنکر عبد الرحمان ابن
عوف نے کہا کہ جیسے ہم اسوقت مطیع احکام خدا ہیں ایسی ہی جب بھی رہیں گے آپ نے
فرمایا کہ ممکن نہیں کہ تم لوگ مسلک صواب پر رہو بلکہ باہم راہ بجائے حسد و بغض و عداوت
ہو کر رشتہ اتحاد کو قطع کر ڈالو گے ۔ روم و فارس کے قضا یا جلا فت اول و دوم میں پیش آئے
اگر حضرت کے علم میں کہ بر دے وحی ہوتا تھا اصحاب با وقار بالکل ایماندار ہوتے
تو ہرگز اُن کی دولت مندی و حکومت مآلی کو منجر بہ تحاسد دنیا غرض نہ بتلاتے ۔ کیا جناب
مخاطب اس سے بھی آنحضرت کا کوئی روشن تر حکم طلب کرتے ہیں ۔ اگر اب بھی تسکین خاطر

نہیں ہوئی تو اور لیجئے - صحیح بخاری چھاپہ دہلی صفحہ (۴۹۱) پر بروایت ابی سعید الخدری یہ مضمون درج ہے کہ آنحضرت نے بمحضر صحابہ ارشاد فرمایا کہ تم لوگ اُن کی پیروی بالشت بالشت اور ہاتھ ہاتھ بھر کروگے جو کہ تم سے پہلے گذر گئے ہیں مطلب یہ کہ گذشتگان کے قدم بقدم چلوگے - اگر وہ سوراخ سوسمار میں گھسے ہیں تو بہ متابعت اُن کے تم بھی وہی کروگے صحابہ نے کہا کہ کیا ہم مثل یہود و نصاریٰ ہو جائیں گے جواب ملا کہ بے شبہہ تم یہی رفتار اختیار کروگے - غالباً اس جلسہ میں جبکہ یہ حدیث بیان کی گئی تھی ثلاثہ بھی موجود ہوں گے اس قسم کی بہت احادیث ہیں کہاں تک نقل کروں - ان اخبار صادقہ پر غور کرکے ہر وہ شخص جو کہ حضور کو مخبر صادق جانتا ہے ضرور باور کرے گا کہ نبی نے اپنے بعد والوں کے حریص بحکومت ہوکر حسد و بغض و نفسانیت و ارتداد و اطاعت یہود کرنے کی پوری خبر دیدی تھی - اگر جناب مخاطب اب بھی یہی کہے جائیں گے کہ میری تسکین خاطر نہیں ہوئی اس علاج میں تو کیا لقمان علیہ السلام بھی نہیں کرسکتے - علاوہ ازیں جناب مخاطب نے بعض آیات قرآن پر بہ امعان نظر نہیں ڈالی اگر فی الجملہ قرآن داں ہوتے تو سمجھ لیتے کہ خدائے پاک نے بھی جو کہ واقف اسرار ضمائر ہے خلفائے ثلثہ کا پورا حال بیان کردیا ہے دیکھو اللہ پاک اپنے مقدس کلام میں ارشاد فرماتا ہے فهل عسيتم ان توليتم ان تفسدوا في الارض و تقطعوا ارحامكم اولئك الذين لعنهم الله فاصمهم واعمى ابصارهم - یعنی اصحاب محمد وہ وقت قریب ہے کہ تم متولی امر اسلام ہوکر ملک میں خرابی ڈالو اور فتنہ و فساد برپا کرکے قطع رحم کرو لعنت خدا کی اُن پر جو ایسا کریں خدا نے اُن کے کانوں کو بہرا اور آنکھوں کو اندھا کردیا ہے اخبار قرآن غلط نہیں ہوسکتے - جناب مخاطب خالی از جنبہ مذہب ہوکر غور فرمائیں کہ وہ لوگ کون تھے جنھوں نے نفسانیت کو دخل دے کر صراط مستقیم سے کجی کی اور قطع رحم کے باعث ہوئے یہ بھی واضح ہو کہ مراد حضرت باری غائبین اہل اسلام سے نہیں ہے بلکہ یہ آیت حاضرین مسجد نبوی کو سنائی گئی تھی چنانچہ جمال الدین محدث روضة الاحباب میں لکھتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

کہ آنحضرت نے جو آخر خطبہ پڑھا تھا انہیں صحابہ کو آیۂ دخل عظیم سے خوف دلایا گیا تھا عبارت طویل ہے دلیل المتحرین مولفہ خود مطبوعہ یوسفی دہلی کے صفحہ (۲۰۴) پر ملاحظہ ہو علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد میں لکھا ہے کہ صحابہ کرام محبت جادہ وثروت سے باہم حسد وعداوت کر کے جادہ شریعت سے منحرف ہو گئے تھے شاہ ولی اللہ صاحب تحفہ نے بھی تحریر فرمایا ہے کہ اصحاب نبی سینہ صاف نہ تھے بلکہ باہم کدورت رکھتے تھے دیکھو صاحب سجادیہ مولفہ حقیر کا صفحہ (۱۹) چونکہ مخاطب صاحب کا ہر عنوان سے اطمینان ضروری ہے لہذا عرض کیا جاتا ہے کہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنے اصحاب کے کان کھول کر سنا دیا تھا کہ تم لوگ بعد ہمارے حریص دنیا ہو کر بروز قیامت اہل ندامت کے ساتھ محشور ہو گے۔

مشکوٰۃ المصابیح کی کتاب الامارۃ میں بحوالہ بخاری شریف لکھا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا عن ابی هريرة عن النبی صلعم قال انکم ستحرصون علی الامارة وستكون ندامة يوم القيامة بخاری شریف کے صفحہ (۲۲۳) پر ہے کہ آنحضرت نے اپنے صحابہ سے فرمایا واللہ ما اخاف عليكم ان تشركوا بعدی ولكن اخاف عليكم ان تنافسوا فيها یعنی اے صحابہ مجکو تم سے یہ خوف نہیں ہے کہ تم لوگ بعد میرے مشرک ہو کر ظاہر بظاہر راہ کفر اختیار کرو گے بلکہ یہ خوف ہے کہ باہم نفسانیت کر کے رہگرائے بادیہ ضلالت ہو جاؤ گے۔ بہ نظر توضیح مطلب میں ذی علم مخاطب کو یہ بھی دکھائے دیتا ہوں کہ بحکم آیہ قتل عظیم و حدیث ستحرصون وان تشركوا بعدی متذکرہ بالا صحابہ نے کس سے نفسانیت اختیار کی تھی جو شخص کہ بروز قیامت خدا سے داد خواہ ہوگا بظاہر صحابہ نے اسی سے راہ نفسانیت برتی ہوگی۔ ترجمہ صواعق محرقہ کے صفحہ ۲۴ سطر ۱۰ پر بحوالہ بخاری شریف یہ عبارت لکھی ہے (از علی منقول ست کہ گفت) انا اول من يجثو على ركبتيه بين يدی الرحمان على الخصومة يوم القيامة یعنی من اول کسے خواہم بود کہ بروز قیامت بدو زانو در آمدہ نزد خدائے تعالیٰ با خصم خود خصومت کنم چونکہ یہ مضمون بخاری شریف کا ہے لہذا مخاطب عوز فرمائیں کہ حضرت امیرؑ کن لوگوں کی شکایت مدعیانہ حیثیت سے

پیش خدا فرمائیں گے بہ نظر سہولت مخاطب ہیں مدعا علیہم کا پتہ بھی دیئے دیتا ہوں جنپر حضرت امیر دعویدار ہوں گے۔ امام شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے اللھم انی استعدیک علی القریش فانہم قطعوا رحمی و غصبونی حقی واجمعوا علی منازعتی امرًا کنت اولی بہ یعنی تحقیق کہ میں قریش پر مستغیث ہوں گا بہ ایں وجہ کہ انھوں نے قطع رحم کرکے میرا حق غصب کر لیا اور میری مخالفت پر مجتمع ہو گئے اور جس امر کے لئے میں اولی وا لیق تھا اُسپر منصرف نہونے دیا۔ اگر جناب مخاطب انصاف فرمائیں گے تو غالبًا سمجھ جائیں گے کہ خلفا پاک دامن نہیں ملکہ بروز قیامت زیر مواخذہ آنے والے ہیں۔ کیوں جناب مخاطب اب آپکو معلوم ہو گیا کہ یہ لوگ دین خدا میں احداث کرنے والے تھے افسوس ہے کہ آپ ایسے لوگوں کو اپنا پیشوائے دین جانتے ہیں بحمد اللہ یہ بات بوجوہ روشن ظاہر ہو گئی کہ رسالتمآب نے ثلاثہ کے حالات سے پورے طور پر آگاہ کر دیا تھا کہ یہ لوگ مخلوق کو سیدھی راہ سے الٹی چال چلائیں گے

## سوال دوم

ہرگاہ بروئے مذہب شیعہ امامت داخل اصول ہے اور مثل وحدانیت و نبوت اُسپر اعتقاد کرنا امر لازمی ہے اور بصورت انکار امامت خارج از دائرہ مومنیت ہونا پڑتا ہے تو ایسی چیز کا قرآن میں کیوں نہ ذکر ہوا اگر بعنوان واضح امامت مندرج قرآن ہوتی تو یہ اختلاف امت جو کہ منجر بہ مفاسد گوناگوں ہو رہا ہے نہ ہوتا۔

## جواب

مولوی خلیل احمد صاحب ساکن انبہٹہ ضلع سہارنپور نے ایک کتاب بجواب رسالہ مراۃ الامامت مسمی بہ مطرقۃ الکرامۃ لکھی ہے اُس کے جواب میں جو فقیر نے رسالہ لکھا ہے وہ خاص طور پر ایسی بحث میں لکھا گیا ہے جو کہ سوال مندرجہ بالا سے علاقہ رکھتی ہے چند آیات و احادیث متعلق بہ امامت درج رسالہ کی گئی ہیں حضرت مخاطب اُسکو بالتمام ملاحظہ فرمائیں

پورے طور پر مطمئن ہو جائیں گے۔ صاحب مطرقہ نے درباب امامت ایک بسیط بحث کی ہے جواب بھی بمقتضا بہ تفصیل دیا گیا ہے چالیس جزو پر صرف بحث امامت کو بہ ہزار اختصار لکھا گیا ہے منجملہ اُن آیات واحادیث کثیرہ کے جو کہ مطرقہ میں بیان کی گئی ہیں صرف ایک آیت اس جگہ حوالہ قلم کئے دیتا ہوں زیادہ اگر دیکھنا ہو تو جواب مطرقہ کو ملاحظہ فرمائیں۔

## آیت مشتمر بخلافت

یا ایھا الذین امنوا اطیعو اللّٰہ و اطیعوا الرسول و اولی الامنکم (یعنی جو لوگ کہ ایمان لائے ہیں اپنر واجب ہے کہ خدا اور رسول و اولی الامر کی اطاعت کریں۔ یہ آیت واضح ترین آیات درباب اثبات امامت ہے۔ کیونکہ خدانے صرف تین شخصوں کی امامت کا اپنے بندونکو حکم دیا ہے ایک اپنی اور دوسری نبی اور تیسری اولی الامر کی اس سے واضح ہو گیا کہ جس کی اطاعت کا خدانے اپنے اور نبی کی اطاعت کے ساتھ حکم دیا ہے وہ ہی امام ہے شیعہ بہ اتباع آیۂ ذریت رسول الثقلین کو اولی الامر مانکر اُن کی متابعت کو عین متابعت خدا اور رسول جانتے ہیں اور حضرات اہلسنت ہر حکمراں کو خواہ وہ فاسق ہو یا فاجر اولی الامر کہتے ہیں جس سے نانارا و چنگیز خاں وہمون نقال و حجاج وخدیو مصر وسلطان روم وغیرہ سب اولی الامر کہے جاتے ہیں آیہ موصوفہ بالا میں دو جگہ لفظ اطیعو آیا ہے ایک خدا اور دوسرا نبی و اولی الامر پر تکرار اطیعو کی بظاہر وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ اللّٰہ جل شانہ کی اطاعت میں نبی و اولی الامر و دیگر عامہ خلایق یکساں رتبہ رکھتے ہیں۔ گویا لفظ اطیعو سے خدانے اپنی ذات اور نبی و اولی الامر کے بیچ میں ایک حد فاصل قایم کردی۔ دوسرے اطیعو سے نبی اور اولی الامر کو یکساں درجہ عنایت فرمایا کہ خلایق دونوں کو اطاعت میں سرمو تفاوت نہ سمجھے۔ جملہ اہل اسلام نبی اکرم کو معصوم جانتے ہیں پس جس گروہ کی اطاعت مقترن بہ متابعت پیغمبر ہے اُسکا مثل نبی معصوم ہونا لازمی ہوا یہ نہیں ہوسکتا کہ نبیٔ معصوم وسلاطین مطعون ومذموم کی اطاعت ایک نوع کی سمجھی جائے اگر بقول اہلسنت اولی الامر شاہان زمانہ سمجھے

جائیں گے جو کہ عموماً غیر محتاط و ظلم شعار ہوتے ہیں تو لازم آجائے گا کہ خدا نے ہمکو اطاعت فساق پر مامور فرمایا اور پھر اس اطاعت فاجرین کو عین اطاعت خود نبی صلعم قرار دیا ہیں کہتا ہوں کہ سلاطین روزگار کی فرمانبرداری کا حکم دینا ہی فضول ہے۔ کیونکہ ہر شخص اُنکی تابعداری بوجہ تعلقات سیاست وحکومت اپنا مفاد سمجھ کر لازمی طور پر کرتا ہے مخاطب جو حکام وقت کی اطاعت سے سر مو تجاوز نہیں کرتے بلکہ اُن کی خوشنودی کے لئے اپنے آرام اپنی دولت کو نذر کر دیتے ہیں یہ اسوجہ سے نہیں کرتے کہ خدا نے چونکہ اُن کو اولی الامر کی اطاعت کا حکمدیا ہے اس لئے کرتے ہیں بلکہ یہ فرمانبرداری محض اس غرض سے کی جاتی ہے کہ اُن کے تمام معاشرت دنیا وموت وحیات وغیرہ اُن کے قبضہ اقتدار میں ہے۔ اگر مخاطب ایک دن بھی ایسا نہ کریں تو نیم ساعت بہ آرام بسر نہیں کر سکتے۔ جو لوگ مسلمانوں میں قرآن کا نام بھی جانتے ہیں اور کبھی نظر اُٹھا نہیں دیکھا وہ حکام وقت کی اطاعت کرتے ہیں تو کیا یہ سمجھ کر کرتے ہیں کہ خدا نے قرآن میں چونکہ حکمدیا ہے لہذا اُسکے اتباع سے ہم ایسا کرتے ہیں۔ دیگر اقوام جنکو قرآن سے مخالفت ہے وہ بھی حکام وقت کے ایسے ہی تابع ہیں جیسکہ مخاطب تو کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ باتباع آیۂ اولوا الامر وہ ایسا کرتے ہیں نہیں ہرگز نہیں۔ پس یہ دلائل ووجوہ شافیہ واضح ہو گیا کہ اولی الامر مندرجہ آیت حکام دنیا نہیں ہو سکتے۔ بلکہ یہ وہ بزرگ ہیں جو کہ مثل نبی معصوم عن الخطا ہیں مخاطب اور اُن کے ہم خیال انصاف فرمائیں کہ خدا نے قرآن میں کیسے صاف اور صریح جملہ سے امامت کا تصفیہ فرما دیا ہے دوسری جگہ سورۂ نساء میں خدا فرماتا ہے واذا جاءھم امر من الامن او الخوف اذاعوا به ولو ردوه الى الرسول والى اولى الامر منهم لعلمه الذين يستنبطونه منهم الى ابہ) ترجمہ جو کہ ڈپٹی نذیر احمد خانصاحب بہادر نے کیا ہے۔ اور جب اُنکے پاس امن کی یا خوف کی کوئی خبر آتی ہے تو اُسکو (سب میں اُڑا دیتے ہیں) اور اگر اُس خبر کے بارے میں رسول کی طرف اور اُن لوگوں کی طرف رجوع کرتے ہیں جو اُنمیں برسر حکومت ہیں تو پیغمبر اور حاکموں میں سے جو لوگ اس

(بات کی اہلیت) کو کھود لگانے والے ہیں۔ اُس خبر (کی حقیقت) کو معلوم کر لیتے ہیں۔

اس آیۂ مبارکہ میں خدا نے اولی الامر کو صفت استنباط یاد فرمایا ہے تمام امّت کو اسپر اتفاق ہے کہ اہلبیت نبوی سے بالاتر علم میں کوئی نہ تھا پس صاف طور پر واضح ہوگیا کہ اولی الامر وہ ہیں جو کہ وفور علم و کمال سے استنباط مطالب کر سکتے ہیں اور قرآن سے وہ بھی حکم لگانے میں قدرت تام رکھتے ہیں جو کہ فی الواقع منشار جناب باری ہے۔ چنانچہ بہ حکم حدیث ثقلین نبی نے اپنے اہلبیت کو قرآن سے شیرازہ بند کر کے علی الاعلان فرما دیا کہ علی مع القرآن والقرآن مع علی علی کتاب خدا کے ساتھ ہیں اور وہ ان سے چسپیدہ ہے حضرت مخاطب توجہ فرمائیں کہ ملوک و سلاطین دنیا سے یہ مضمون کیونکر چسپاں ہوسکتا ہے۔ شاہان دنیا بجائے خود رہے جن بزرگواروں کو حضرات سنیہ خلیفہ رسول کہتے ہیں وہ بھی علوم میں محتاج اہلبیت تھے اکثر مواقع پر مسائل مشکلات کے جواب میں عاجز ہو کر حضرت عمر نے لولا علی لہلک عمر فرمایا ہے وجہ یہ تھی کہ خلفاء ثلثہ شروع پیری اور ڈھلتی ہوئی جوانی میں اسلام لائے تھے اس عمر کے جہلا کا عالم ہونا ایسا ہی بعید العقل ہے کہ جیسا فی المثل بوڑھے طوطے کا پڑھنا اور حضرات امیر و جناب ختمی مرتبت کا تعلق بمفاد حدیث انا و علی من نور واحد ازلی تھا دنیا میں علی نے نبی کے گود میں پرورش پائی بجائے شیر مادر دہن اقدس کا لعاب نوش فرمایا ہر قسم کے علوم کو آنحضرت سے سیکھا سوائے نبی کے دنیا میں کوئی اُن کا معلم نہوا آن واحد کو نبی سے جُدا نہوئے روز مباہلہ نبوت آنحضرت کو درجہ صداقت پر پہنچانے کے لئے میدان بددعا میں مع بچوں اور بی بی کے چلے گئے پس قرآن سے استنباط مطالب کرنے کی وہ ہی قابلیت رکھتے تھے۔ اور یہ ہی عزت و جلالت باعث ہوئی کہ وہ بعد نبی اولی الامر کے معزز خطاب سے بہرہ ور ہوئے بہ نظر اطمینان جناب مخاطب حقیر یہ بھی عرض کئے دیتا ہے کہ آنحضرت نے اولی الامر کو حکام دنیا سے تعبیر نہیں فرمایا بلکہ اپنے صحابہ سے فرما دیا کہ قرآن میں جو لفظ اولی الامر وارد ہوا ہے اس کے مورد ہمارے اہلبیت ہیں

Presented by www.ziaraat.com

چنانچہ جمال الدین محدث روضۃ الاحباب میں لکھتے ہیں از جابر بن عبداللہ روایت ست،
قال لما نزلت اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول و اولی الامر منکم فقال یا رسول اللہ عن
اولی الامر الذی امرنا باتباعھم فقال رسول اللہ واولی الامر منکم اولھم علی بن
ابیطالب ثم الحسن ثم الحسین ثم علی ابن الحسین ثم محمد بن علی المعروف فی اللہ را ق یا بست
فاذا لقیتہ فاقراہ منی السلام ثم الصادق جعفر بن محمد ثم موسیٰ بن جعفر ثم علی بن
موسیٰ ثم محمد بن علی ثم علی بن محمد ثم الحسن بن علی ثم سمی و کنیتی حجۃ اللہ فی ارضہ و بقیتہ
محمد بن الحسن یفتح اللہ عزوجل علی یدیہ مشارق الارض و مغاربھا و ان غیبتہ
بعینہ من شیعتہ و اولیائہ الی آخرہ جابر کہتے ہیں کہ جب آیہ اولی الامر نازل ہوئی تو ہم
پوچھا کہ وہ کون لوگ ہیں جن کی اطاعت ہم پر فرض کی گئی ہے آنحضرت نے بارہ اماموں کے
نام تبلا دئیے جامع الاصول میں لکھا ہے المھدی من ولد فاطمہ والخلافۃ لا منہم
یعنی جناب امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام اولاد جناب فاطمہ سے ہیں اور نہیں ہے خلافت
مگر ذریت سیدہ میں سید علی ہمدانی جن کی توصیف شاہ ولی اللہ وغیرہ نے اپنی تالیفات
میں کرکے مذہب اہل سنت کا ان کو قطب الاقطاب بیان کیا ہے کتاب مودۃ القربیٰ میں لکھتے
ہیں کہ آنحضرت نے فرمایا انا سید النبیین وعلی سید الوصیین والاوصیاء من بعدی
اثنی عشر اولھم علی و اخرھم المھدی آنحضرت نے فرمایا کہ ہم سرور انبیاء ہیں اور علی سردار
اوصیا ہمارے بعد بارہ وصی ہوں گے جن کے پہلے علی اور آخر میں مہدی ہیں
سوائے ازیں علامہ ابراہیم بن محمد الحموینی کتاب فرائد السمطین میں ایک طولانی عبارت لکھتے
ہیں جسکا اردو یہ ہے۔ صحابہ نے آنحضرت سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آیہ اطیعوا اللہ واطیعوا
الرسول واولی الامر منکم و آیہ انما ولیکم اللہ و آیہ لم تتخذوا من دون اللہ ولا رسولہ ولا
المومنین ولیجۃ عام مومنین کے حق میں نازل ہوئی ہیں یا خاص کے حضرت امیر نے فرمایا
ہے کہ آنحضرت پر وحی نازل ہوئی کہ اے نبی جسطرح تونے احکام صلواۃ و زکواۃ و حج و دیگر امور کو واضح

کر کے بیان کیا ہے اسی طرح ان آیات کا بھی مطلب بیان کر دے پس آنحضرت نے میری نیابت
و وصایت سے اُنکو آگاہ کیا ابو بکر صدیق و عمر فاروق نے پوچھا کہ ہذا آیات مخصوص بذات
مرتضوی ہیں آنحضرت نے فرمایا کہ سوائے علیؑ و اولاد علیؑ کے اور کسی سے ان کا تعلق نہیں علی
اور اُس کے گیارہ فرزند میرے وزیر و والی ہر مومن ہیں قرآن اُن کے اور وہ قرآن
کے ساتھ ہیں جتبک کہ حوض کوثر پر مجھ سے ملاقی ہوں۔ امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر جلد
سوم مطبوعہ مصر کے صفحہ ۳۵۷ سطرہ ۲ پر بذیل تفسیر آیۂ اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول یہ عبارت
لکھتے ہیں ان اللہ تعالی امر بطاعتہ اولی الامر علی سبیل الجزم فی ہذہ الآیۃ
و من امر اللہ بطاعتہ علی الجزم و القطع لا بد من ان یکون معصوما عن الخطاء
اذ لو لم یکن معصوما الخ ترجمہ کلام امام رازی صاحب یہ ہے کہ جن اولی الامر کی
اطاعت کا خدا نے حکم دیا ہے اُسکا بالجزم و القطع معصوم ہونا لازمی ہے کیونکہ اگر وہ معصوم نہوا
تو لازم ہوگا کہ خدا نے اہل معصیت کی اطاعت کا حکم دیا جن سے احکام میں خطا کا واقع ہونا
ایک لابدی امر ہے جناب مخاطب تلاش معصومین کے لئے جب سرگرم ہوں گے انشاء اللہ سوائے
خاندان نبوت کے کسی دوسرے میں یہ صفت نہ پائیں گے۔ اگر حضرات ثلاثہ کی طرف بہ نظر
تحقیقات معصومیت کے لیے نگاہ اٹھائیں گے تو شاہ صاحب کے فیصلہ پر جو کہ تحفہ میں اُن
کی نسبت ان لفظوں سے کہ گئے ہیں کہ خلفاء ثلثہ نہ معصوم اند و نہ منصوص۔ مطلع ہو کر کبھی
بھولے سے بھی معتقد عصمت نہوں گے چونکہ مخاطب ذیلعزت صحیح بخاری و مسلم شریف وغیرہ
کو زیادہ باعتبار جانتے ہیں۔ لہذا کتب مذکورۃ الصدر سے چند احادیث نقل کئے دیتا
ہوں جس سے اُنکو معلوم ہو جائے گا کہ اولی الامر کیا عزت رکھتے ہیں اور اُن کی خلافت اور
امامت کے اعتقاد کو اہل اسلام سے کہاں تک علاقہ ہے۔

**روایات بخاری** صحیح بخاری میں بروایت جابر ابن سمرۃ وارد ہوا ہے قال سمعت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یکون بعدی اثنی عشر امیرا کلہم من قریش۔

(۲) بخاری شریف میں بروایت ابن عتبہ وارد ہوا ہے قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم لایزال امر الناس ماضیا ما ولیہم اثنی عشر رجلا ثم تکلم صلی اللہ علیہ وسلم بکلمۃ خفیت فقالت الی ماذا فقال رسول اللہ فقال کلہم من قریش صحیح مسلم جلد دوم کتاب الامارۃ دیکھو چند احادیث حسب مضمون بالا وقف نظر ہوں گے تمام روایات مندرجہ صحاح کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت نے فرمایا امر اسلام ہمیشہ رہیگا اور اہلبیت بارہ بزرگوار ہمارے خلیفہ ہونگے جب تک کہ وہ نہ ہو لیں گے اسلام تمام نہوگا جناب مولوی خلیل احمد صاحب اپنی مولفہ کتاب ہدایات الرشید میں لکھتے ہیں کہ وہ خلفاء دوازدہ گانہ اپنے مخالفوں پر غالب آئیں گے اور اُن کے اوقات میں وقوع فتنہ و فساد نہوگا۔ احادیث میں صرف اُن کی تعداد بیان کی گئی ہے نام کیسکا نہیں بتایا گیا۔ لہذا حضرات اہل سنت نے جنکو بعد آنحضرت خلیفہ رسول سمجھا اُن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؑ۔ معویہ یزید۔ عبدالملک۔ ولید۔ سلیمان۔ شہزادہ یزید ثانی عمر ابن عبد العزیز۔ رسالہ عطر ایمان مولفہ حیقر مطبوعہ ریاض فیض نگینہ کے صفحہ ۷ و ۸ کو دیکھو انشاء اللہ سب راز کھل جائے گا

بخلاف اہل سنت شیعہ نے بارہ خلفاء اُنکو سمجھا ہے جو کہ تمام عالم میں اولاد رسول سے بارہ امام ہیں اور جن کے نام صحابہ کو آنحضرت نے بوقت نزول آیہ اولی الامر بتلا دئے تھے افسوس ہے کہ حضرات اہل سنت نے بہ مخالفت و ضدیت اہلبیت ہوئی کا خلیفہ ماننا گوارا نہ کیا۔ مگر یزید و ولید و عبدالملک وغیرہا کو امام مان لیا مجکو مخاطب کے انصاف سے قوی اُمید ہے کہ اب انکو اس انکار پر جراءت نہوگی کہ ذکر امامت سے اوراق قرآن خالی ہیں بحمد اللہ آیت و احادیث مرویہ طریق سنیہ سے ایسا ثبوت دیا گیا کہ سوائے تسلیم کوئی چارہ نہ ہوگا

## سوال سوم

آنحضرت نے جناب امیر کو بہ الفاظ ظاہر اپنے بعد خلیفہ کیوں نہ بتلایا اور یہ کس لئے نہ کہا کہ یہ لوگ ضد سے اُن کی خلافت کو تسلیم نہ کریں گے اگر حضرت صاف لفظوں میں کہہ جاتے تو منازعات خلافت

بلافصل کے نامنجار سمجھنے میں کوئی واہمہ نہ رہتا۔

## جواب

افسوس ہے کہ مخاطب نے اپنے کتب خانہ کی سیر نہیں کی ورنہ اُن کو وہ احادیث ملجاتیں جن میں بیانات آپ صلی اللہ علیہ والہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ بعد ہمارے علی خلیفہ ہونگے۔ حقیر نے چند احادیث ثبت خلافت مرتضوی مطرقہ کے جواب میں لکھدی ہیں مخاطب اُنکو ملاحظہ فرماکر اپنا اطمینان فرماسکتے ہیں۔ اسجگہ بطور اختصار عرض کرتا ہوں کہ شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی تحفہ میں لکھتے ہیں بحوالہ مشکواۃ کہ آنحضرت نے صحابہ سے فرمایا کہ اگر ابوبکر کو خلیفہ کروگے تو سچا اور باامانت پاؤگے عمر کو باانصاف دیکھوگے علی کو بعد ہمارے خلیفہ کیا تو تمکو سیدھا بہشت میں پہنچا دے گا۔ مگر مجکو یقین نہیں ہے کہ تم اُن کو خلیفہ کرو جناب مخاطب غور فرمائیں جبکہ راہ بہشت متعلق بہ اطاعت مرتضوی تھی اور بعلم نبوی صحابہ ایسے شخص کی خلافت کو ناپسند فرماتے تھے تو اس سے صاف ظاہر ہوگیا کہ اُن لوگوں کو جنت کی ضرورت نہ تھی دنیا کے بندے تھے سو اُس نے اُن سے خوب واقفت کی مخاطب جانتے تھے کہ رسول نے یوں ظاہر نفرمایا کہ یہ لوگ علی کو خلیفہ نہ ہونے دیں گے شکر خدا کہ تحریر مشکواۃ وتحریر شاہ صاحب سے واضح ہوگیا کہ صحابہ ایسے طالب دنیا تھے کہ باوصف انعام جنت حضرت امیر کی خلافت سے دلتنگ تھے حضرت امیر کو بھی بجائے خود یہی یقین تھا کہ صحابہ مجکو بعد نبی خلیفہ نہ ہونے دیں گے چنانچہ بخاری شریف کے جزششم میں صفحہ ۷۹ پر لکھا ہے کہ حضرت عباس نے بزمانہ وفات آنحضرت میں حضرت امیر سے فرمایا کہ درباب خلافت حضرت سے پوچھ لیا جائے جناب امیر نے فرمایا کہ وہ سوائے میرے کسی کو اپنا خلیفہ نہ بتائیں گے مگر صحابہ مجکو تحت خلافت کے پاس نہ آنے دیں گے ہرچند کہ بجواب مطرقہ میں متعدد احادیث لکھ چکا ہوں جنمیں آنحضرت نے جناب امیر کو اپنا خلیفہ قرار دیا ہے۔ لیکن ایک حدیث اسجگہ بھی لکھے دیتا ہوں تاکہ سائل کا پورا جواب ہوجائے حموینی نے کتاب فرائد السمطین میں لکھا ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من احب ان یرکب سفینۃ النجاۃ ویستمسک بالعروۃ الوثقیٰ ویعتصم بحبل اللہ المتین فلیوال علیا

ولیعاد عدوہ ولیاتم بالائمۃ الهداۃ من بعدہ فانهم خلفائی واوصیائی وحجج اللہ علی خلقہ من بعدی وسادات امتی وقادۃ الاتقیاء الی الجنۃ حزبهم حزبی وحزبی حزب اللہ وحزب اعدائهم حزب الشیطان) یعنی آنحضرت نے فرمایا کہ اگر کسی شخص کو سفینۂ نجات پر سوار ہونے اور خدا کی مضبوط رسی پکڑنے کی خواہش ہو تو اسکو چاہیئے علی سے محبت اور اُن کے دشمنوں سے عداوت کرے اور نیز اولاد علی سے بھی راہ موالات اختیار کرے کیونکہ بعد میرے وہ خلیفہ و اوصیا اور حجت خدا ہیں اور امت کی سرداری اور اتقیا کی راہ نمائی اُن سے متعلق ہے اُن کا لشکر میرا لشکر ہے اور میرا لشکر خدا کا لشکر ہے اور اُن کے دشمنوں کا لشکر شیطان کا لشکر ہے امید ہے کہ جناب مخاطب حسب وصیت رسول اکرم حضرت امیر کی خلافت کے معتقد ہوکر لشکر خدا میں اپنا نام لکھانے کی کوشش کریں گے اور تابعان مرتضوی کو خدائی فوج سمجھیں گے سوائے ازیں رسالۂ آفتاب خلافت میں حقیر نے ثابت کر دیا ہے کہ بوقت نزول آیۂ وانذر عشیرتکم الاقربین میں۔ آنحضرت نے حضرت امیر کو اپنا خلیفہ مقرر کرکے تمام کنبہ کو اُن کی اطاعت کا حکم دیا

## سوال چہارم

جبکہ بہ قول شیعہ خلفاء ثلاثہ بدراہ کنندہ خلائق تھے تو آنحضرت نے اُن کو اپنے پاس سے علیحدہ کیوں نہ کر دیا اور ایسے لوگوں سے رشتہ و قرابت کا سلسلہ کیوں ڈالا جس پر گہری نظر ڈالنے سے سخت پیچیدگی لاحق ہوتی ہے اور بغیر در حضرات ثلاثہ کے ذیحق اور صاحب مرتبہ ہونیکا یقین پیدا ہوتا ہے

## جواب

حقیقت الامر یہ ہے کہ آنحضرت کو خدا نے ترویج دین و اشاعت ملت کے لئے مبعوث فرمایا تھا اخلاق کریمانہ سے لطف و مدارا پیش آنا آپ کا فرض ذاتی تھا مطلب یہ تھا کہ لوگ اُن سے وحشت نہ کریں بلکہ خلق و مروت دیکھ کر اُن سے پیوستگی اختیار کریں۔ چنانچہ آپ کو جو حکم باری دربارۂ معاشرت تھا وہ پارۂ دلن تنا میں اسطرح بیان کیا گیا ہے فبما رحمۃ من اللہ لنت لهم ولو کنت

فظا غلیظ القلب لا نفضوا من حو لک یعنی اے ہمارے حبیب رحمت سے تو اُن کے لئے نرم طبیعت و حلیق مزاج ہوا اور اگر تو تند مزاج و سخت طبیعت ہوتا تو تیرے پاس یہ لوگ ہرگز نہ آتے بلکہ گریز و فرار اختیار کرتے مخاطب ماشاء اللہ ذی فہم ہیں بجائے خود انصاف فرمائیں کہ آنحضرت کے لشکر میں تین طرح کے آدمی تھے۔ مومن۔ مولفۃ القلوب۔ منافق ہم نے آجتک نہیں سنا کہ ان اقسام ثلاثہ کے لوگوں سے آنحضرت نے کسی کو دھتکار بتائی ہو بحکم آیہ وافی ہدایہ یا ایھا النبی جاھد الکفار و المنافقین آنحضرت بالخصوص قتال اہل نفاق پر مامور ہوئے تھے مگر بعض مصالح سے خود نہ کیا بحکم یا علی حربک حربی دست مرتضوی پر اس کو موقوف و محمول کر دیا یستہ۔ و مراتب صرف شیخین ہی سے نہیں کیا بلکہ ابوسفیان کی بیٹی مسماۃ ام حبیبہ بھی آنحضرت کی زوجیت میں داخل تھیں بلکہ اس سے بالاتر چند کفار بھی آپ نے خسر تھی مطلب ان تسرارت پیشہ لوگوں کے خسر بنانے سے یہ تھا کہ شاید تقرب و اختصاص سے اُن کے خصائل ذمیمہ بدل جائیں۔ اور عادات قدیمہ چھوڑ کر راہ راست اختیار کریں مگر تقوے درختے کہ تلخ ست دیرا سرشت + اگر در نشانی بباغ بہشت + واز جوئے خلدش بہ ہنگام آب + بہ بیخ انگبین ریزی و شہد ناب + سرانجام گوہر بکار آورد + ہماں میوۂ تلخ بار آورد۔

نبی کی صحبت شبانہ روزی و تعلقات شبانہ روزی و تعلقات رشتہ مندی نے ان لوگوں کو کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔ ملاجامی فرماتے ہیں **بیت** ہر کہ را دیدہ بہ بہبود نبود + دیدن روئے نبی سود نبود صاحب صواعق محرقہ جو کہ اہلسنت کے بڑے معتمد عالم ہیں تحریر فرماتے ہیں ان بنی تیم و بنی عدی کانوا اعداء لبنی ھاشم فی الجاھلیۃ یعنی حضرت ابوبکر و عمر کا خاندان بنی ہاشم سے قدیمی عداوت رکھتا تھا۔ پس جناب شیخین کی بیٹیوں سے آنحضرت نے اسے واسطہ تعلق پیدا کیا تھا کہ شاید عداوت قدیم مستحیل بہ موالات ہو جائے مگر افسوس ہے کہ آنحضرت کی صحبت شبانہ روزی و مجلس نشینی نے اُن کے دلوں سے اس مواد عداوت کو نہ نکالا۔ بلکہ اور ترقی پذیر ہو کر خاندان نبوت کی بربادی کا سبب ہو گیا۔ نبی محبت خدا تھے اُن کا کام احکام خدا کا پہنچانا

بہ محبت و اخلاق معاشرت کرنا تھا سو اسکو بہ احسن الوجوہ کر دیا اب ماننا نہ ماننا خلایق کے اختیار میں تھا۔ میں باتمیز مخاطب کو دنیا کے لوگوں میں اُسکی مثال تبلاتا ہوں ہندوستان میں جو سرکش راجپوت تھے۔ سلاطین اسلام نے اُن کی بیٹیوں کو صرف اس واسطے لیا تھا کہ بوجہ رشتہ داری شر و فساد دور ہو کر ملک میں امن پھیل جائیگا متمدن لوگ اکثر ایسا کرتے ہیں مگر بندی رشتہ خلفاء کی اصلاح حال کا سبب نہیں ہو سکتا۔ مخاطب کو چاہیے کہ کردار شایستہ سے اُن کا ذیعزت ہونا ثابت فرمائیں۔

## سوال پنجم

جبکہ رسول اکرم کی ازواج مطہرات ام المومنین کہی جاتی ہیں تو اس لحاظ سے وہ جناب سیدہ و حسنینؑ کی مائیں ہوئیں اندریں صورت اُن کی خدمت میں یہ گستاخی کیوں کی جاتی ہے جسکو شیعہ کرتے ہیں۔

## جواب

حضرت طلحہ نے جبکہ آیۂ حجاب نازل ہوئی یعنی پردہ زنان کا حکم صادر ہوا تو فرمایا کہ محمد اپنی بیبیوں کو اب پردہ میں بٹھائیں اُن کی وفات کے بعد میں عائشہ کو اپنے نکاح میں لاؤں گا حضرت طلحہ کی بدنیتی سے جناب احدیت نے بغرض تحفظ عزت نبوی حکم دے دیا کہ ازواج نبی ام المومنین ہیں یعنی جس طرح اصلی ماں سے تم نکاح نہیں کر سکتے ایسے ہی نبی کی بیبیوں کو عقد میں نہیں لا سکتے۔ حضرت طلحہ عند السنۃ حواری رسول ہیں مضمون بالا سے اُن کے ایمان کا اندازہ کرنا چاہیے کہ احکام خدا کا کس خوبی سے اعتقاد و اعزاز فرماتے تھے اور ناموس نبی کو کس نگاہ سے دیکھتے تھے عجب نہیں کہ بی بی عائشہ پر ان کی بدنظری باعث نزول آیۂ حجاب ہوا تھا پس ہم حضرت عائشہ و حفصہ و دیگر ازواج کو ان عیوب سے بری جانتے ہیں جو کہ ذی عزت عورتوں کے منافی شان ہیں جو شخص اُن کو بُرے لفظوں سے یاد کرے یا کہ اُنپر کوئی ایسا الزام لگائے جس سے اُن کی پاکدامنی پر حرف آئے اسکو ہم

تمام شیعہ فاسق جانتے ہیں۔ البتہ بجرم عداوت اہل بیت اُن کی ذات پر وہ حملہ قرآنی وارد کرتے ہیں جو کہ کاذب و ظالم پر قرآن میں وارد ہوا ہے اور جبکہ اُن کی سوئے کرداریوں پر مخاطب مطلع ہوں گے مثل ہمارے وہ بھی اُن الفاظ کے پیش کرنے میں مضائقہ نفرمائیں گے۔ حضرت عائشہ جو کہ عندالسنیہ نہایت معزز ہیں۔ خلاف حکم خدا اور رسول گھر سے باہر نکل کر حضرت امیر سے برسر جنگ ہوکر ہزارہا مومنین کے قتل کی باعث ہوئیں امام حسن علیہ السلام کے جنازہ پر تیر چلوائے دیکھو اصل الحقیقت برد الحقیقت مولفہ حقیر مخاطب خود انصاف فرمائیں کہ اگر بی بی صاحبہ کو بجرم معاملات بالا الفاظ معلومہ سے یاد نہ کیا جائے تو کیا ایسی مخرب اسلام و دشمن خاندان نبوت کی روح پر سورۂ فاتحہ پڑھی جائے خدا نے سورۂ تحریم میں خبر دے دی ہے کہ اُن کے دل ٹیڑھے ہو گئے تھے جملہ فقد صغت قلوبکما قابل تلاوت ہے خدا نے نبی کو اُن کے اندرونی مضمونوں پر مطلع فرما کر آگاہ کر دیا تھا کہ یہ دونوں (عائشہ و حفصہ) تمہاری ایذادہی و صدمہ رسانی پر کمربستہ ہیں مگر ان کے کوئی تدبیر اذیت رسانی نہ ہوگی کیونکہ خدا و جبرئیل و صالح المومنین و دیگر ملائکہ تمہاری امداد کو موجود ہیں اُن کی نامسلمانی کو بھی (خیراً منکن مسلمت مومنت) سے ظاہر کر دیا بالآخر زوجہ نوح و لوط علیہم السلام کو جو کہ کافرہ تھیں اُن کے ساتھ مثال میں پیش کر دیا۔ پس ایسی عورتوں کو مستوجب ایسے دین سمجھنا خیلے بعید العقل ہے۔

اگر بقدر مخاطب اپنے کتب خانہ کی سیر فرمائیں گے تو بی بی صاحبہ پر احکام کفر جاری کر کے اُن سے وہی برتاؤ کریں گے جو کہ کافروں سے کرتے ہیں جناب شاہ عبدالعزیز صاحب نے تحفہ کے باب دوازدہم میں صفحہ (۶۲۶) پر لکھتے ہیں) محارب حضرت مرتضیٰ اگر از راہ عداوت و بغض ست نزد علمائے اہل سنت کافر ست بالاجماع و ہمیں ست مذہب ایشاں در حق خوارج و اہل نہروان) شاہ صاحب نے محاربین حضرت امیر کے لئے بغض و عداوت کی شرط لگائی ہے یعنی اگر از راہ عداوت لڑے تو کافر ہیں اور اگر دوستانہ طریقہ سے جنگ کی۔ تو میں نے آج تک نہیں سنا کہ جو شخص باہم دیں دابقین سے بیزار ہوکے خون بہا بیں اور پھر محارب

ایک دوسرے کے دوست بھی ہوں۔ لیکن حقیر ثابت کئے دیتا ہے کہ یہ جنگ مصنوعی نہ تھی جبکہ امتحان افواج کے لئے کیجاتی بلکہ مخالفانہ تھی خود صاحب تحفہ بذیل مطاعن ابوموسیٰ اشعری لکھتے ہیں در فتنکہ حضرت امیرؑ برسر آرائے خلافت راشدہ بیعمبر شد بقدر مقدور در تسکین فتنہ و دفع مخالفان کہ طلحہ و زبیر وام المومنین عائشہ صدیقہ و ابویعلی بن امیہ و ابوموسیٰ اشعری و دیگر صحابہ کرام بودند کوشش وسعی فرمود واز قتل وقتال جنگ وجدال با ایشان پاک نفرمود نظر بہ واقعات صدر کر کے بی صاحبہ کے مقدمہ میں مخاطب خود اپنی رائے سے فیصلہ صادر فرمائیں۔

## سوال ششم

بوقت مشورہ حضرت علی نے کیوں خلفار کو ایسی رائے دی کہ جس سے انکو امر مشورہ طلب میں کامیابی ہوئی اگر حضرت امیرؑ حسب اعتقاد شیعہ انکو متصرف امر ناجائز جانتے تھے تو لازم تھا کہ ایسی کج رائے دیتے کہ جس سے اقتدار خلافت برباد ہو جاتا۔

## جواب

بے شبہہ معاملات دینی و امور تمدنی میں خلفا رنے جب حضرت امیرؑ سے مشورہ طلب کیا آپ نے انکو نیک رائے دی یہ بات حضور انور کی انتہائے اہلیت پر دلالت کرتی ہے کہ باوصف مخالفت اچھی تدابیر تبلاتے تھے ورنہ مخالف کا راہ نیک تبلانا بعید الخیال ہے حقیقت واقعی یہ ہے کہ حضرات خلفار حسب الارشاد نبیؐ ومشاہدہ ذاتی وتجربہ متواتر خوب جانتے تھے کہ تمام اسلام میں علی سے زیادہ مصالح دین کا جاننے والا کوئی دوسرا شخص نہیں ہے اور اصلاح حال اسلام اُن کا شیوہ خاص ہے۔ ممکن نہیں کہ کبھی کوئی ایسی رائے دیں جس سے دین نبوی کو کوئی ضرر پہنچے۔ لہذا جب خلفار کو دینی یا دنیاوی کوئی مشکل پیش آتی تھی اور حضرت امیرؑ سے رجوع کرتے تھے تو آپ نظر حفاظت اسلام وازدیادی عزت دین وہی رائے دیتے تھے کہ جسکا علم اُن کو نبی سے پہنچ چکا تھا یا انکہ اُن کی عقل صائب اجازت دیتی تھی۔ معاملات متعلق بہ فلاح اسلام میں نیک صلاح دینی آپ کی خوش نیتی اور اپنے بھائی کی بیسی مذہب کی حمایت ونگہبانی پر دلالت کرتی ہے نہ کہ خلفا کی دوستی ومحبت پر چونکہ خلفا رپہ بہانہ ترقی اسلام رہا

کو بڑھاتے تھے اور جہاد کی آڑ لیکر لوگوں پر ظاہر کرتے تھے کہ ہم دین محمدی کی ترویج کرتے ہیں لہذا ایسے موقع پر جب آپ سے رائے طلب کیجاتی تھی تو جناب اُن لوگوں کے مقصد دنیا طلبی سے قطع نظر کرکے غرض ظاہری جسکا تعلق عرف اسلام سے تھا ملحوظ خاطر فرماکر وہ متین و اثرخیز تدبیر بتلاتے تھے کہ جس سے دین نبوی کا وقار بڑھے اور بہ نظر کفار اُس کے اقتدار میں قوت ہو دیکھو جبکہ کفر و اسلام کا مقابلہ ہوتا ہے اسوقت تمام مسلمان چہ شیعہ و چہ سنی سب ایک ہوکر بر سر مدافعت ہو جاتے ہیں جو علمائے اہل سنت مجد میں وعظ فرماتے رہتے ہیں کہ تعزیہ نہ بناؤ۔ مجالس بر پا نکرو ماتم کے لئے ہاتھ نہ اُٹھاؤ تنازعات محرم میں دیکھا گیا ہے کہ وہ ہی علما رنقل ضریح اقدس کو سر پر اُٹھائے اُٹھائے دم پنجتن کہتے پھرتے ہیں اور مع اپنے مقلدین کے حلقہ ماتم میں کھڑے ہوکر ایسے جوش سے سینہ زنی کی ہے کہ سبحان اللہ چونکہ کفر و اسلام کا تنازع ہوتا ہے۔ لہذا اسوقت سنی صاحب یہ خیال نہیں کرتے کہ ہم امر ناجائز کی تائید کیوں کریں علی ہذا حضرت امیرنے خلفار کی اسی جہت سے امداد کی کہ وہ خلعت اسلام پہنکر کفار عرب سے دست و پنجہ ہوتے تھے اور خدا کی وحدانیت و اقرار نبوت پر لوگوں کو مسلمان بناکر فتح ممالک کرتے تھے۔ اگر ایسے موقع پر حضرت امیر اُن کی مشکلات کو حل نفرماتے تو گویا ترویج اشاعت اسلام ظاہری سے مانع ہونے کا الزام اُٹھاتے۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ آنحضرت نے تقریباً ۲۰ برس تک ظاہری طور پر نبوت کی جس کا اثر پورا پورا تمام ملک عرب میں ہوا تھا بعد رحلت آنحضرت قبائل عرب میں ارتداد شروع ہو گیا تھا اکثر علما ممالک غیر سے بعض امتحاناً و بعض استفاداً حالات اسلام دریافت کرنے کے لئے آتے تھے تاکہ حقیقت حال پر مطلع ہوں۔ عقلاء غیر مذاہب کو جواب مسکت و تسلی بخش دینا اُس شخص کا کام تھا کہ جس نے بچپنے میں زبان نبی چوس کر بہ برکت لعاب دہن اقدس علوم اولین و آخرین کی ماہیت پر اطلاع پائی ہو۔ جسکو خود رسول مقبول نے افضل ترین امت (برادرچ) و تعیہا اذن واعیہ (یاد رکھنے والا کان) کا خطاب دیا ہو اور اپنے علوم نامتناہی کا دروازہ بتایا ہو۔ جس کو خدا نے نفس نبی تجویز فرمایا ہو۔ جس کو نبی نے بقول مخالف و موالف ہزار باب علم تعلیم کئے ہوں جسکو رسول نے بہ مفاد حدیث القرآن مع علی و علی مع القرآن حامل رموز قرآن ارشاد فرمایا ہو جس کے باب میں نبی نے بقول امام فخرالدین

رازی نے بحرِ علمائے اہلِ سنت در باب شرکت امر نبوت اُن لفظوں میں عائد کی ہو جن میں جنابِ موسیٰ نے
حضرت ہارون کے لئے کی تھی ان صفات جمیلہ کا حامل سوائے علی مرتضیٰ کے تمام صحابہ میں کوئی نہ تھا
جانشینان نبی یعنی حضرات خلفائے ثلثہ جن سے بوجہ تعلقات ظاہری علائق دریافت کرنے آئی تھی
علوم دینی سے ایسے بے بہرہ تھے کہ بسم اللہ و الحمد للہ و سبحان اللہ تک معنی نجانتے تھے دیکھو کتاب
زین الفتیٰ مؤلفہ علامہ عاصمی حضرات ثلاثہ کا مسائل سے جہل بطور فہرست جیفر نے رسالہ ورلے بہا
میں بیان کردیا ہے دینی معاملات کا جاننا تو علم پر موقوف ہے اُنکو سیدھی طرح پیشاب کرنا بھی
نہ آتا تھا۔ تو ہم کشادگی مقام معروف کھڑے ہو کر پیشاب کرتے تھے بیٹھ کر موتنا مضر بتلاتے تھے
رسالہ بحث نفر جریر میں جیفر نے جناب عمر کا وہ قول بھی نقل کردیا ہے جو کہ اُن کی زبان مبارک سے
ایں الفاظ صادر ہوا تھا کہ بیٹھ کر پیشاب کرنے سے چوڑی ہو جاتی ہے اور کھڑے ہو کر موتنے سی
منقبض رہتی ہے۔ جن وجوہ سے خلیفہ صاحب مقام معلوم کو تنگ رکھنا بحق خود افلح سمجھتے تھے اسکو
بزبان قلم پر لانا پسند نہیں کرتا البتہ میاں شیر کے دفتر میں اُسکا پتہ لگ سکتا ہے سوائے ازیں
بعد فراغت۔ پانی سے نہ دھوتے تھے بلکہ سر پیشاب گاہ کو انگلیوں میں دبا کر دیوار دیر اسطرح رگڑا
کرتے تھے کہ جیسے بندر سانپ کے کھچے کو مل دل کر بیجان کردیا کرتا ہے۔ عرب میں جا کر دیکھئے اسوقت
بھی اکثر آدمی دیوار یا زمین سے رگڑتے ہوئے نظر آئیں گے۔ یا تمیز سنی کیفقدر ترمیم کے بعد آج
تک اسی طریقہ اور فاعدہ پیشاب کو ڈھیلے سے خشک کر بیٹھے ہیں دیوار یا زمین سے چسپاں نہیں
ہوتے ایسے شخص دوسرے آدمیوں پر حقایق اسلام کیونکر ظاہر کر سکتے تھے۔ اُن کی کچہری
میں سوالات علمی کا جواب سوائے لاٹھی سونٹے۔ لات گھونسے اور کچھ بھی نہ تھا۔ چنانچہ مذاہب
غیر کے چند آدمی بہ جرم دریافت حالات اسلام زیر کفش دمید کئے گئے اسوقت میں جبکہ اسلام
تازہ تھا اور لوگوں کی طبائع میں وقعت ایمان پورے طور پر جاگزین نہوئی تھی اگر حضرت
امیر علی علو نکو نہ روکتے اور علمائے غیر مذاہب کو جواب شافی دیتے تو کشتی اسلام جس کے ملاح تھے
آپ کے حالات سے بے خبر تھے چکر کھا کر بیٹھ جاتے۔ خلفاء کا کیا بگڑتا تھا۔ عرب کے بدو

سوائے لوٹ کھسوٹ اور مار دھاڑ کچھ بھی نہ جانتے تھے۔ ارتداد ظاہری اختیار کرکے پھر وہی پیشہ کرنے جسکو قبل از اسلام کرتے تھے (لوٹ) حضرت امیرؑ خوب جانتے تھے کہ یہ لوگ تو مغلوب کفار ہوکر دامن جہاد کے الگ ہو جائیں گے۔ لیکن میری خاموشی و پہلو تہی بنیاد اسلام کو ڈھیلا کرکے انجام کار حصار دین کو گرا کر زمین سے ملا دے گی لہٰذا آپ نے تمام خلفا اور اکثر حضرت عمرؓ کا مشکلات کو حسل فرما یا جناب دوم کا یہ قول مشہور عالم ہے کہ خدا اس روز عمر کو دنیا سے اٹھائے جبکہ انحلال معضلات کے لئے علیؑ موجود نہوں اسی واسطے ہر وقت اُن کے مُنہ میں شکریہ کے لئے بڑا لمبا فقرہ (لو لا) رہتا تھا حسب روایات اہلسنت ایک جنگ میں جانے کے لئے حضرت عمر نے مشورہ لیا کہ میں بذات خود میدان میں جانے کا ارادہ رکھتا ہوں جناب امیرؑ نے فرمایا کہ آپ یہاں بیٹھے بیٹھے تدابیر کرتے رہیں اُن کا رد کرنا عین حمایت اسلام تھی کیونکہ اگر حضرت عمر کوئی نامی سپہ سالار یا جنگ آزما بہادر ہوتے اور کبھی صف جنگ میں کوئی نمایاں کام کیا ہوتا تو حضرت امیرؑ ایسے بہادر فاتح کو جس کی دشمن کے مقابلہ میں ضرورت ہوتی ہے کبھی نہ روکتے بلکہ بہ اصرار آمادہ کرتے۔ لیکن وہ تو اُن کو بدر و اُحد و خیبر و حنین میں دیکھے ہوئے تھے خوب جانتے تھے کہ یہ بزرگ حرب گاہ میں زیادہ ٹہرنے کے عادی نہیں اور آلات جنگ کی تابش و چمک سے خیرہ چشم ہوکر کافور مزاج ہو جاتے تھے۔ اگر عین ہنگامہ میں ان کے حسب عادت قدیمانہ پیر اُکھڑ گئے اور حرب گاہ سے کھسک کر کیمپ میں چلے آئے تو کفار سردار اسلام کی نامردی پر مطلع ہوکر سمجھ لیں گے کہ یہ گروہ چنداں باوقعت نہیں ہر چیز کی قدر و منزلت وہ ہی جانتا ہے جو کہ اُسکو بناتا اور پیدا کرتا ہے۔ کوئی ہرا بھرا شاداب باغ اگر اس شخص کے سامنے اُجڑ جائے جس میں بیٹھ کر اُسنے باغبانی کی ہو اور گرمی کے موسم میں سر پر پانی کے گھڑے رکھ کر اُنہیں تازگی پہنچائی ہو تو جو صدمہ اُسکو گذرے گا وہ اس شخص کو نہیں ہو سکتا جس نے اُسکو مول خریدا ہو یا کہ مالک سے بہ جبر و غضب لیا ہو یہ ہی حالت بعینہ حضرت امیرؑ کی ہے۔ بہ اتفاق امت اسلام کے ہر پودہ نے علیؑ کے خون سے نشو و نما پیدا کیا اگر علیؑ و اولاد علیؑ کے پاک و طاہر خون کی نہریں نہ چلتیں تو شجر اسلام خشک ہو جاتا۔ سوال اول

کے جواب میں عمرابن عبدود کے کچھ اجمالی حالات میں نے بیان کی ہے ضرورت موقعہ پھر اُس کی تفصیلی کیفیت بیان لکھتا ہوں جس کے معائنہ سے انشاء اللہ واضح ہو جائے گا کہ علیؑ نے ابتدائے اسلام میں سربازی کرکے بڑی گہری نیو کھود کر مضبوط پتھر گاڑا تھا۔ اپنے ہمنام کی پرصوت آمد دیکھ کر خلیفہ دوم نے آنحضرت سے عرض کیا کہ آپ کے ہمراہی اس سے مقابلہ نہیں کرسکتے یہ آدمی نہیں بلکہ دیوزاد ہے۔ عمر جیسے پرخشونت وتیزمزاج آدمی سے یہ ہوشربا خبر سنکر لشکر اسلام کے ہوش جاتے رہے کا ٹو تو خون نہ تھا اب کس میں ہمت تیغ زنی نہ رہی حضرت عمر کی تاریخ دانی اور محققانہ خبر نے یہ اثر ڈالا کہ بزدلے چھری مرنے لگے۔ آنحضرت ہر چند ترغیب جنگ دیتے ہیں جرأت دلاتے ہیں۔ مگر ایک صاحب پیر نہیں ہلاتے۔ حضرت عمر کے فقرات زنجیر پا ہوگئے رسول پاک گھبرا گئے کہ عمر نے اچھی جگہ مادہ تاریخ نکالا کہ لوگ خوف سے نیم جان ہوگئے یہ صورت دیکھ کر حضرت امیر کی آنکھوں میں زمانہ تیرہ وتار ہوگیا۔ درد دین و جوش اسلام سے مودبانہ عرض پیرا ہوئے کہ یا حضرت گو کہ یہ کیسا ہی بہادر کیوں نہو مگر میں ضرور اسکے مقابلہ کے لئے جاؤں گا۔ حضور اجازت میدان عنایت فرمائیں۔ رسول مقبول عطائے رخصت میں نہایت محبت و تعلق طبیعت سے دریغ و مضایقہ فرماتے تھے اور علی اصرار کو حد غایت سے بڑھاتے تھے بالآخر تن تنہا نبی کی دعاؤں کا لشکر لیکر میدان میں گئے اور بعد ردّ و بدل شدید ایک ضرب میں مثل خیار دو ٹکڑے کر دیا۔ صاحب ماینطق عن الہوٰی نے یہ جملہ فرماکر کہ ضربت علی یوم الخندق افضل من اعمال اُمتی الی یوم القیامۃ یعنی علی نے جو روز خندق عمرابن عبدود کے سر پر ضربت لگائی وہ میری امت کے تمام اُن اعمال سے افضل ہے جو کہ قیامت تک کریں گے۔ حضرت امیرؑ کی عزت افزائی فرمائی چونکہ علیؑ بہ مثل نبیؐ حافظ اسلام اور اُس کے ترقی خواہ تھے لہذا اُن سے نہ رہا گیا اور تائید یزدانی و قوت ایمانی سے دشمن دین نبوی کو پیوند خاک کردیا۔ اُحد میں اکثر صحابہ وبالخصوص جناب ثلاثہ آنحضرت کو نرغۂ کفار میں چھوڑ کر ایسے تیز قدم ہوئے کہ اپنے مرشد و ہادی کو پیچھا پھر کر بھی نہ دیکھا کہ کفار نے اُن سے کیا سلوک کیا

Presented by www.ziaraat.com

بھلے مالسنو انکو یہ بھی یاد نہ رہا کہ زیر درخت ببول (بیعت رضواں) ہم نے کس وعدے پر تجدید بیعت کی تھی۔ علی چونکہ شریک امر نبوت و باعث اجرائے کار شریعت تھے وہ کیونکر معرکہ سے ہٹتے اور رسول اکرم کو تنہا چھوڑتے برابر لڑا کئے نبی کو صدمہ اعدا سے بچایا اور کفار کو پسپا کر کے دین نبی کا بول بالا کیا بدر میں اکثر کفار کا خون بہایا خیبر میں حارث و مرحب کا جو حال بنایا وہ محتاج بیان نہیں پس جس شخص نے اسلامی بنیو کو اسطرح مضبوط کیا ہو وہ کیونکر گوارا کر لیتا کہ علمائے غیر مذاہب کے علمی حملوں کو رد کر کے جواب نہ دیتا اور شیخین کی ایسی درماندگی میں جبکہ وہ عاجز ہو کر جیب و داماں نگراں ہوتے تھے مدد نہ کرتا اگر کفار کی نگاہ میں اسلام بیوقعت ہوجاتا تو سوائے نبی و علی کے اور کون تھا کہ اس باغ کے اجڑ جانے سے صف ماتم بچھا کر روتا اہل دانش کو غور فرمانا چاہیے کہ حضرت امیر کی وہ رائے زنی و مشورہ دہی خلفاء کے اتحاد سے نہ تھی بلکہ صرف محبت اسلام سے علی اسبات کے بالذات ذمہ دار تھے کہ اسلام کی نگہبانی کریں اور اسپر کوئی حرز نہ آنے دیں وجہ یہ تھی کہ علی نے نبی کی گود میں پرورش پائی تھی ہمیشہ اُن کی کفش برداری و نا بعداری کو اپنا فخر سمجھا تھا تمام رموز اسلام اور اس کے غوامض کو نبی سے سیکھے ہوئے تھے۔ قدرت نے اُن کے قلب کو نور ایمان سے روشن کر دیا تھا۔ صغیر سنی میں بہت استقلال کے ساتھ آنحضرت سے وعدہ کر چکے تھے کہ میں اس دین کی پورے طور پر امداد کروں گا تمام بنی ہاشم و قریش میں یہی ایک ایسے شخص تھے جنھوں نے اجرائے کار رسالت میں مدد دینے سے آنحضرت کو پورا اطمینان دلایا تھا۔ قبل از اشتہار نبوت آنحضرت نے اپنے تمام کنبہ کے لوگوں کو جمع کر کے دعوت طعام کی۔ بعد فراغ فرمایا کہ میں خدا کی جانب سے پیغمبر اولوالعزم مقرر ہوا ہوں قریب ہے کہ جمیع مذاہب باطلہ کو دنیا سے اُٹھا کر جھوٹی بنیاد ڈنکو منہدم کر کے سچی وحدانیت کی روشنی پھیلاؤں شرک و بدعت و کج اخلاقی کو صفحہ عالم سے مٹاؤں ایسا آفتاب دین روشن کروں کہ جس کے اُجالے سے سب رہرو عرصہ ہدایت صراط مستقیم پر قایم ہو جائیں آپ صاحبوں سے جو کہ اس مجمع میں میرے قبیلہ سے موجود ہیں۔ کوئی شخص ایسا ہے کہ اس عظیم الشان مہم میں میرا مددگار رہے۔ حاضرین جلسہ نے جو کہ محض ظاہر بین تھے اتنی بڑی بات سنکر

گردنیں نیچی کرلیں حالانکہ بوڑھے جوان ہر جنس کے آدمی اس جلسہ میں موجود تھے علیؑ مرتضیٰ
باوصف صغرسنی اُس جماعت سے کھڑے ہو کر کہنے لگے کہ یا حضرت حضور شوق سے اعلان امر
حق فرمائیں میں انشاءاللہ ہر طرح آپ کی امداد کو موجود ہوں تا بمقدور وامکان نصرت دین میں
پوری جانفشانی کروں گا آپ کی حمایت ونگہبانی میں جان جیسی عزیز چیز کو بحقیقت محض سمجھوں گا
کم عمر بچے سے یہ متورانہ تقریر سنکر ارباب جلسہ بہ تحیر نگراں تھے کہ یہ نوخیز بچہ ایسے عظیم الشان امر کو
کہ جسکو ظاہر کیا گیا کیونکر انجام دے گا بعض خاندانیوں نے روز احد حضرت ابوطالب سے کہا کہ آپ
آپ کو اپنے بیٹے کی اطاعت کرنی چاہئے آج سے وہ سردار ہوا اور آپ تابعدار محققین ومورخین
اہل سنت نے اس واقعہ کو بشرح عظیم اپنی اپنی کتابوں میں لکھا ہے بلکہ بعض اہل یورپ نے بھی اپنی
تالیفات میں ذکر کیا ہے احتیاطاً اُن کتابوں میں نام بقید صفحہ لکھے دیتا ہوں تاکہ تلاش کنندہ
کو دقت نہو۔ تاریخ جریر طبری جلد اول حصہ ۳ صفحہ (۱۱۷۰) تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۲۳
تاریخ ابوالفدا صفحہ (۱۱۸ و صفحہ ۱۱۹ - خصائص نسائی صفحہ (۵۵ و ۵۶) معارج النبوۃ صفحہ ۲۴ و ۲۵
تاریخ زوال سلطنت روم مولفہ گبن صاحب جلد ۵ صفحہ (۴۸۵)
سوائے ازایں حضرات اہلسنت کو تسلیم ہے کہ علیؑ بحکم نبی نصرت دین حق کے ذمہ دار تھے اور مذہب اسلام
کی مددگاری اُن کے فرائض ذاتی میں داخل تھی چنانچہ غدیر میں جو بشیر ونذیر نے بحق مرتضوی لفظ
مولی کا استعمال فرمایا تھا اس کے معنی حضرات اہل سنت محب وناصر ومددگار بتلاتے ہیں ہر گاہ
حسب تسلیم اہل سنت حضرت امیر حکما ناصر دین تھے اور منجانب رسولؐ مقبول خاص طور پر حمایت اور
نصرت اسلام پر مامور کئے گئے تھے تو بہ عہد خلفا جو آپ نے شیخین کی حل سوالات مشکلہ میں امداد کی
اور درباب امور ممتن اُن کو عندالمشورہ نیک رائے دی وہ سب بنا د تعلقات مذہبی تھی نہ کہ
بہ محبت خلفاء کیا آپ نے شیخین کی کسی بھی خدمت کو انجام دیا یا اُن کے ذاتی معاملات میں امداد دی
نہیں نہیں حضرت نے اپنی فراست ذاتی وکمالات نفسانی سے اُس امر کی کمک کی جس کا کرنا اُنکو
ہر طرح ضروری تھا اسجگہ ایک اور نکتہ بلیغ قابل نظر ہے عموماً حضرات اہلسنت جناب امیرؑ کو ناقابل

خلافت وانتظام مملکت خیال کئے ہوئے ہیں اُنکو سوچنا چاہئے کہ جس شخص سے خلفاء با وصف قوت تدبر معاملات ملکی و امور تمدنی میں رائے لیکر کاربند ہوتے تھے اور بالآخر اُسی میں کامیابی حاصل کرتے تھے اُس سے بالاتر عقل و دانش میں اور کون شخص ہو سکتا تھا۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ مثل سلاطین دنیا چال بازی کو بُرا جانتے تھے ہر معاملہ میں اتباع احکام خدا کو مقدم سمجھ کر کاربند ہوتے تھے۔ خلاف شرع کام کسی نا پسند فرماتے تھے اگر اصطلاح اہل سنت عدم قابلیت اسی کو کہتے ہیں تو ہم بصد خوشی اسکو منظور کرنے کے لئے تیار ہیں میں امید کرتا ہوں کہ جناب مخاطب اپنا سوال واپس لینے میں کوشش کرکے کبھی بھولے سے بھی یہ خیال نفرمائیں گے کہ حضرت امیرؑ کی مشورہ دہی بر بنائے اتحاد خلفا تھی

# سوال ہفتم

ہر گاہ حضرت امیر علیہ السلام شیخین کرام کو متصرف بہ امر ناجائز جانتے تھے تو اُن کے ہاتھ پر بیعت کیوں کی جس سے اسلام میں اشتباہ عظیم پیدا ہو گیا۔

# جواب

تمام کتب تواریخ و سیر و احادیث میں درج ہے کہ حضرات شیخین رضوان اللہ تعالیٰ رسول مقبولؐ کو بے غسل و کفن و دفن چھوڑ کر بغرض انتظام خلافت سقیفہ بنی ساعدہ میں چلے گئے اور حضرت امیرؑ مع چند صحابہ مخصوصین و بنی ہاشم کفن و دفن میں مشتغل رہے چنانچہ زمانہ حال کے محقق کامل و سرفرقہ مذہب سنیہ جناب مولوی خلیل احمد صاحب دیوبندی جنکی کتاب ہدایات الرشید کو حضرات علمائے اہل سنت نے نمونۂ عجائب قدرت خداوندی کا خطاب دیا ہے ہدایات الرشید کے صفحہ (۱۵۱) پر لکھتے ہیں کہ شیخین نے دفن سرور عالم پر انتظام خلافت کو اسواسطے مقدم کیا کہ نعش اقدس متعفن ہونے سے محفوظ تھی اگر خلافت پر دفن کو تقدیم دیجاتی اور انصار میں سے کوئی خلیفہ نامزد ہو کر اسلامی مسند پر بیٹھ جاتا تو کشتی اسلام درہم برہم ہو کر اس طرح ٹکڑے ٹکڑے ہوتی کہ کسی تختہ کا پتہ نہ لگتا۔

اس سے ثابت ہوا کہ حضرات خلفاء دفن نبی میں شریک نہیں ہوئے اور انصار جن کی صفت قرآن

Presented by www.ziaraat.com

میں دروغ ہے ایسے تھے جن کے خلیفہ ہونے سے جہاز اسلام تباہ ہو جاتا۔ بعد از واپسی سقیفہ حضرت صدیق اکبر نے جناب امیرؑ کو بغرض اخذ بیعت بلایا آپ نے اپنا مستحق بخلافت ہونا باین دلیل واضحہ ثابت فرمایا کہ حضرت اول ساکت ولاجواب ہو گئے۔ شیخ جمال الدین محدث نے روضتہ الاحباب میں اس قضیہ کے متعلق بڑی طولانی گفتگو کرکے کہا ہے کہ ابو بکر چوں دید کہ کلمات علی جملہ محکم و استوار و مقابل صد ہزار اساست ازراہ رفق و مدارا پیش آمدہ گفت کہ اے ابو الحسن مرا گمان نبود کہ تو ودایں امر با من مخالفت خواہی کرد اکنوں کہ مردمان با من اتفاق کردند تو نیز اگر موافقت کنی ظن من مطابق واقعہ خواہد شد واگر بافعل مصلحت نہ بینی حرجے نیست علی برفاست و بخانہ خود رفت) سوائے ازایں شاہ ولی اللہ تحریر فرماتے تھے کہ علیؑ زاہد ترین صحابہ تھے، مگر شیخین کے زہد سے اُن کا زہد کم درجہ رکھتا تھا۔ بایں معنی کہ شیخین نے حصول خلافت میں کوئی کوشش نہیں کی اور علی ہر طرح کی تدابیر عمل میں لائے کہ میں نبی کا مستقل خلیفہ ہو جاؤں علاوہ براں بخاری و مسلم و دیگر کتب میں لکھا ہے کہ تاحیات سیدہ حضرت امیرؑ اور باتباع اُن کے کسی بنی ہاشم نے حضرت صدیق کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دیا جبکہ فاطمہ علیہ السلام وفات پاگئیں تو لوگوں نے علیؑ سے منہ پھرا لئے اور وہ رو داری و احترام چھوڑ دیا جو کہ حیات جناب سیدہ میں کرتے تھے تب علی نے مضطر ہو کر حضرت ابو بکر سے بیعت یا صلح کر لی میں یہ بھی اہل ایمان کو دکھلانا چاہتا ہوں کہ علی کہاں تک حضرات شیخین کی خبر لیتے تھے اور وہ بزرگوار کس حد تک اون کا احترام کرتے تھے۔ ۱۶ مجلدات دفتر سینہ میں لکھا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آگ اور لکڑیاں لیکر دروازہ فاطمہ پر گئے اور چلا چلا کر پکارے کہ اس گھر کو جلادو۔ فاطمہؑ نے پس در سے کھڑے ہو کر کہا کہ اے میرے باپ کے مصاحب خاص اس گھر میں رسول خدا کی امانت حسنین موجود ہیں آگے میرا قلم جرأت نہیں کرتا کہ خلیفۃ اللہ نے کیا فرمایا چونکہ یہ آگ کا قصہ سخت وحشت ناک و دردانگیز اور نفرت دلانیوالا ہے۔ لہٰذا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی نے بہت اگر مگر کرکے تحفہ میں صفحہ ۴۶۲ و ۴۶۵ پر اس قضیۂ جانگزا و ہوشربا کو باین الفاظ

تسلیم فرمایا۔ پس وجہ اش آنست اے سبب آتش بردن کہ این تخویف کسانے را بود کہ خانہ حضرت زہرا را ملجا و پناہ ہر صاحب جنایت دانستہ وحکم حرم مکہ معظمہ دادہ درآنجا جمع می شدند وفتنہ و فساد منظور می داشتند و برہم زدن خلافت خلیفہ اول بہ کنگاشہا و مشورہ ہائے فساد انگیز قصد می کردند وحضرت زہرا نیز از ایں نشست و برخاست مکدر و ناخوش بود۔ لیکن بہ سبب کمال حسن خلق باآن بے پردہ نمی فرمود کہ درخانہ من نیامدہ باشید عمرابن خطاب چوں دید کہ حال بایں منوال ست انجاعت را انندید نمود کہ من خانہ را برشما خواہم سوخت۔

اس عبارت کی چند باتیں قابل نظر ہیں اول یہ کہ جو لوگ خانہ جناب سیدہ میں مجتمع ہوتے تھے وہ صاحب جنایت دارباب فتنہ و فساد تھے اور حسب تصریح شاہ ولی اللہ و تاریخ طبری وغیرہا بلکہ خود شاہ صاحب وہ ارباب جنایت اصحاب رسول مقبول حضرت زبیر و علی المرتضیٰ و بنی ہاشم و دیگر ہواخواہان جناب امیر تھے۔ پس بلا دقت واضح ہوگیا کہ بزعم شاہ صاحب یہ بزرگوار امر دین میں خیانت کرنے والے اور جماعت اسلام میں فساد پھیلانے والے تھے جو کہ اشد من القتل ہے تعجب کہ شاہ صاحب اصحاب رسول کو جو کہ از جملہ عشرہ مبشرہ عند السنیہ تھے نالایق جماعت میں معدود فرماکر ایسے ناہنجار لفظوں سے یاد فرماتے ہیں کہ جنکا مافوق ممکن نہیں ہم شیعہ اگر کسی صحابی کی شان میں بجابت خاندان نبوت کچھ کہیں تو رافضی کہے جائیں اور شاہ صاحب و دیگر بزرگوار ایسے جلیل القدر صحابہ کی جناب میں بے ادبانہ الفاظ لکھنے کا یہ صلہ پائیں کہ مولانا و رحمۃ اللہ علیہ کہے جائیں۔ یکیام ووہوا اسی کا نام ہے۔ دوم سیدہ اس فسادیشہ جماعت کے آنیسے ناراض تھیں مگر پوست کندہ نہ کہ سکتی تھیں کہ میرے گھر میں نہ آو نہ معلوم جناب شاہ صاحب کو کیونکر معلوم ہوا کہ فاطمہ علیہا السلام اُن لوگوں کی آمد ورفت اپنے گھر میں ناپسند کرتی تھیں شاید پیر طریقت یا علم ولایت سے اینر ظاہر ہوا ہوگا ہم بہت خوشی سے اسکا ثبوت دیکھنے کے لئے تیار ہیں۔ اگر فی الواقع حضرت سیدہ اس کمیٹی کی مخالف تھیں اور بد السنت حضرت عمر اُن کا کوئی مقصود نہ تھا تو ایک ناکردہ گناہ سیدانی کو کیوں دھمکایا۔ کیا کسی صدمہ رسیدہ و پدر

Presented by www.ziaraat.com

مردہ کو تعذیب نار کرنا یا دل شکستہ عورت کو خوف دلانا اور یہ کہنا کہ تیرے بچوں کو جلا دیا جائے گا اسلام جیسے مہذب مذہب میں جائز ہے مقتضائے مقام یہ تھا کہ زبیر و دیگر مفسدین کے گھر پر آگ لیجا کر فرماتے کہ تم زبردستی بنی رازی کے گھر میں یاغیانہ تدابیر کرکے خلیفہ وقت کو غصہ دلاتے ہو اور نانا اور نواسی کا باہم مادہ رنجش پیدا کرتے ہو لہذا میں تمہارا گھر جلا کر خاک سیاہ کئے دیتا ہوں حقیقت الامر یہ ہے کہ شاہ صاحب نے بزور طبیعت یہ فقرہ لکھا ہے تاکہ خلقت یہ نہ سمجھ لیوے کہ فاطمہ بھی خلافت خلیفہ اول سے ناراض تھیں حالانکہ بخاری شریف میں وارد ہوا ہے کہ حضرت ابوبکر پر سیدہ ایسی غضبناک ہوئیں کہ تاحیات صدیق سے کلام نہ کیا اور حضرت امیر سے وصیت کی کہ ابوبکر میرے جنازہ پر نہ آئیں چنانچہ حضرت علی نے بتعمیل وصیت ایسا ہی کیا کہ شیخین کو فاطمہ کی وفات اور ان کے دفن سے اطلاع نہ دی اس واقعہ کو میں نے رسالہ تقریر دلپذیر میں واضح طور پر بیان کیا ہے اصلیت یہ ہے کہ حضرت امیر اور ان کے خیر طلب خلیفہ اول کو امر ناجائز کا مرتکب سمجھ کر اون کی بیخ کنی میں کوشاں رہتے تھے صاحبان عقل و تمیز غور فرمائیں جبکہ علی و خلفاء باہم سینہ صاف ہو کر متحدانہ برتاو رکھتے تھے اور اہلبیت بھی حضرت صدیق اکبر کو امام برحق جانتے تھے تو یہ منافقانہ تدبیر کیوں کی کہ بظاہر دولت خواہ اور بباطن بدخواہ۔ عقل سلیم کبھی مجوز نہیں ہو سکتی کہ جس عایا کے مکان میں اہل بغاوت جمع ہو کر بادشاہ کا معزول کرنا چاہیں وہ رعیت سلطنت کی خیر اندیش ہو۔ کوئی باغی کبھی مطیع سلطنت گھر میں بیٹھ کر بلا اجازت و مرضی صاحب خانہ خلاف گورنمنٹ کارروائی نہیں کر سکتا۔ نتیجہ یہ راند ہوا کہ علی و بتول حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالی کو ادعاء منصب خلافت میں صادق القول جانتے تھے بلکہ اُن سے نحاصمانہ روش اختیار کرکے کوشش کر رہے تھے کہ عہدہ خلافت ان سے متعلق نہ رہے۔ اس جگہ حضرات اہل سنت بہ طرفداری جناب عمر یہ فرما سکتے ہیں کہ روایات متذکرہ سے فقط اتنی بات کا پتہ دیتی ہیں کہ حضرت فاروق آگ اور لکڑیاں لے کر گئے تھے ممکن ہے کہ جلانا مقصود نہ ہو صرف تنبیہہ و تادیب دہمکی و خوف دلانا مرکوز طبیعت ہو جبکہ فی الواقع آگ نہیں

لگا ئی گئی تو اعتراض یعنی چہ۔ اُسکا جواب بر سبیل اعجاز و اختصار یہ ہے کہ کیا رسول کی بیٹی کو بحالت سوگ نشینی آگ لگانے کا خوف دلانا کوئی چھوٹی بات ہے جس گھر میں میت واقع ہوتی ہے اُس کے ساکنین و ورثاء میت کو تسلیں و دلاسا دیتے ہیں یا کہ اُس کے گھر پر آتش فشانی ہوتے ہیں۔ اگر کوئی غلام اپنے ولی نعمت کی بیٹی کو پس از وفات آقا یہ کہے کہ تم میری اطاعت اختیار کرو ورنہ تمہارا گھر جلا دوں گا تو دنیا کا کوئی آدمی ایسے غلام کو لطف بھری نگاہ سے نہ دیکھے گا۔ علی ہذا جناب فاطمہ حضرت عمر کی آقا زادی تھیں اور وہ اُن کے باپ کے غلام بایں صورت حضرت عمر ضرور مورد طعن ہو سکتے ہیں دیکھو تعزیرات ہند میں صرف دھمکی دینا جرم میں داخل کیا گیا ہے۔ شیعہ کے یہاں جلانا ثابت ہے۔ اہل سنت کی کتب میں دھمکی دینا لکھا ہے۔

اور یہ بھی ممکن ہے کہ علمائے اہل سنت نے بہ نظر حمایت عمر سد باب تفضیح خیال کر کے آگ لگانے کے واقعہ کو چھپایا ہو اور محض لکڑیاں لیجا کر خوف دلانے کو لکھدیا ہو اگر اتنا پردہ بھی درمیان نہ ہو تو شیعہ دینی میں بھر تیزی ہی کیا ہے۔ دیکھو اسی آگ کا شرارہ اڑ کر وادی کربلا میں پہنچا جس نے اس طرح اُس گھر کو جلایا جسکا کوئی مسلمان انکار نہیں کر سکتا اگر خاندان نبوت سے حکومت اسلام نہ نکلتی تو کبھی کسی کو اُن کے دھمکانے ڈرانے آگ دکھانے اور بدرجہ آخر پھونکدینے کی جرأت نہ ہوتی وہ حضرات نرم طبیعت اہل سنت جنکو خاندان نبوت سے دلی محبت ہے اور ان کا عزو احترام کرنا جزو ایمان سمجھتے ہیں وہ کبھی اس واقعہ آگ کو سچا نہیں جانتے بلکہ بجائے خود یقین کئے ہوئے ہیں کہ حضرت صدیق و فاروق اعظم سے کبھی ایسی بے ادبی نہ ہو سکتی تھی کہ اپنی مرشد زادی کو ایسا سخت صدمہ پہنچاتے۔ نظر برآں اُن کا اطمینان خاطر کرتا ہوں کہ علمائے اہلسنت نے اس گھر کو جلا دینا جائز تجویز فرمایا ہے۔ چنانچہ جناب شاہ صاحب تحفہ کے صفحات مذکورۂ بالا پر تحریر فرماتے ہیں کہ گو کہ حضرت عمر نے خانہ فاطمہ کو جلایا نہ تھا۔ لیکن اگر وہ جلا بھی دیتے تو مجرم نہ تھے بلکہ عامل بہ سنت ہوتے ہوتے۔ مثال میں رسول پاک کے زمانہ کی ایک حکایت لکھتے ہیں کہ ایک کافر آنحضرت کی مذمت کیا کرتا تھا جبکہ صحابہ اُس سے انتقام لینا چاہتے تھے تو کعبہ میں گھس

جاتا تھا لوگوں نے آنحضرت سے عرض کیا کہ حضور آپ کو بُرا کہکر ایک کافر اپنا نامۂ اعمال سیاہ کرتا ہے۔ جب ہم اسکو سزا دینا چاہتے ہیں دوڑ کر خانہ کعبہ میں چھپ جاتا ہے۔ چونکہ اُس مقام محترم میں کسی کا مارنا حرام تجویز ہوا ہے۔ لہذا ہم کچھ نہیں کہ سکتے آنحضرت نے فرمایا کہ اُسکو اُسی جگہ مار ڈالو اسی طرح جو لوگ جماعت نماز سے تخلف کرتے تھے اون کے لیے نبی کریم نے حکم دیا کہ زبردستی گھروں سے مُوئے کشاں بلائے جائیں اگر نہ آئیں تو اُن کے جھونپڑے پھونک دئے جائیں ہر دو حکایات سے شاہ صاحب یہ نتیجہ برآمد کرتے ہیں کہ جن لوگوں نے خلیفہ کی اطاعت سے سرتابی کی وہ مثل اس کافر کعبہ نشین و متخلفین جماعت کے تھے جبکہ کعبہ میں ایسے اشخاص کو امان نہ ملی تو فاطمہ کا گھر کیا وقعت رکھتا تھا اگر عمر صاحب اُسکو جلا بھی دیتے تو عند اللہ معتوب نہوتے ارباب عقل غور فرمائیں جبکہ حسب تصریح بالا حضرت امیرؑ نے حصول خلافت میں کوئی وجہ کوشش ایسا نہ تھا جسکو اُٹھا رکھا ہو اور بوقت بیعت طلبی حضرت ابوبکر سے اپنے حق بخلافت ہونے میں ایسی تقریر کی ہو کہ خلیفہ صاحب لاجواب ہو گئے ہوں اور بر ہمی امر خلافت میں ایسے کوشاں ہوئے ہوں کہ اپنے گھر میں کمیٹیاں قایم کی ہوں اُس کی نسبت کیونکر خیال کیا جاسکتا ہے کہ بطیب خاطر خلیفہ صاحب کی بیعت کی تھی۔ صحیح مسلم میں لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے جناب عباس عم رسول خدا و جناب امیرؑ نے سر جلسہ فرمایا کہ تم دونوں مجکو اور ابوبکر کا کاذب و غادر و خائن و آثم جانتے ہو۔ اندریں صورت کب عقل سلیم مجوز ہو سکتی ہے کہ جنکو علی کاذب سمجھیں اُن کی بیعت بھی کریں۔ اس سے بالاتر ایک اور بات عرض کرتا ہوں اگر حضرت علی نے خلفائے ثلثہ کو امام برحق سمجھ کر بیعت کی تھی تو خدا و رسول و ابوبکر و علی سب پر الزام وارد ہوتا ہے ملاحظہ ہو کہ جناب شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی تحفہ صفحہ ۱۳۹ پر لکھتے ہیں کہ باتفاق شیعہ و سنی ثابت است کہ پیغمبر فرمود انی تارك فیکم الثقلین الی آخرہ یعنی من در میان شما دو چیز بزرگ میگذارم قرآن و اہلبیت اگر بہ ایں ہر دو تمسک کنید ہرگز گمراہ نشوید شاہ صاحب مطلب حدیث یہ بیان فرماتے ہیں و ازیں معلوم شد کہ پیغمبر مارا حوالہ بایں دو چیز

عظیم الفتن فرمودہ پس مذہبیکہ مخالف این ہردو باشد عقلاً و شرعاً باطل ست) تمام صحابہ کبار موجود ہیں آنحضرت ممبر پر جلوہ فرما ہیں۔ قرآن و اہلبیت امت پر حاکم کئے جاتے ہیں سبکو حکم دیا جاتا ہے کہ اگر ان دونوں کی اطاعت کروگے۔ گمراہی سے بچوگے بصورت مخالفت جادہ پیمائے راہ ضلالت ہوگے۔ اس حدیث سے جس کی صحت مسلمۂ فریقین ہے واضح ہوگیا کہ تمام امت اور بالخصوص صحابۂ موجود الوقت کو حکم باطاعت قرآن و اہلبیت فرمایا گیا تھا۔ یہ حدیث طرق متعددہ سے وارد کتب ہوئی ہے بعض جگہ لفظ اہلبیت وارد ہے اور بعض مقام پر عترت بنظر تعمیم اگر کل لوگوں کی اطاعت فرض کر لی جائے جو کہ آنحضرت کے اہلبیت میں معدود ہو سکتے ہیں تو سب سے طبقۂ اعلیٰ اور نمبراول پر حضرت امیر علیہ السلام ہی ہیں خلاصہ حدیث ہوا کہ اہل اسلام اطاعت قرآن و حضرت علی پر بحکم محکم مامور ہیں۔ اندریں حالت اگر بقول اہل سنت حضرت ابو بکر نے حضرت علیؑ سے بیعت لیکر مثل سایر الناس اپنا تابع و فرماں بردار بنا کر داخل رعایا فرمایا تو خلاف حکم نبوی کیا جو کہ بحکم قرآن عین معصیت ہے اور اگر حضرت علی نے بہ طیب خاطر بیعت کر کے صدیق اکبر کو اپنا امام و ہادی و پیشوائے دین سمجھ لیا تو انھوں نے نبی کے حکم سے اختلاف کیا اس سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ علی بذات خود ایک ناقابل حکومت شخص تھے مسلمانوں پر حکمرانی کرنیکا ان میں پورا مادہ نہ تھا نبی اُن کو سردار امت کریں اور وہ ذاتی ناقابلیت سے ادنیٰ رعایا میں داخل ہوجائیں بہریں بنا لازم آئے گا کہ رسول پاک میں مردم شناسی کا ملکہ نہ تھا بلکہ پرورش خاندان پر نظر تھی جیسا کہ سلاطین دنیا پرست کی بجوش محبت خویش و اقارب بلا امتیاز لائق و نالایق ہوا کرتی ہے کیونکہ انھوں نے تمام کنبہ میں منتخب کر کے جنکو اعلیٰ و افضل قرار دے کر قرآن کے ساتھ شیرازہ بند کیا تھا وہ خود ناکارہ محض تھا اسی طرح قوت خیالی ٹھرمامیٹر یعنی مقیاس الموسم کے پارہ کی طرح اونچے ہوتے ہوتے خدا تک پہنچ جائے گی کہ وہ کیسا عالم و دانا ہے کہ جس نے ہدایت خلق پر ایسا نبی تعین فرمایا جو کہ اپنے ایک گمایۂ عزیز کے ہاتھ میں امت کا ہاتھ دے گیا۔ میں یقین کرتا ہوں کہ کوئی مسلمان

جوکہ تہ دل سے ایمان بخدا اور رسول لایا ہے ایسا خیال کرنے کی جرأت نہ کرے گا جس سے اسلام کا تختہ اُلٹ کر خدائی بھی ہوائی ہو جائے اس موقع پر حضرات اہل سنت کو سوائے دو باتوں کے تیسری ممکن نہیں ہے۔ اول یہ کہ بیدھڑک ہو کر کہدیا جائے کہ حدیث ثقلین بالکل غلط ہے قرآن و اہلبیت امت پر حاکم نہیں چھوڑے گئے بلکہ مسلمانوں کو فرمان آزادی دے کر خود مختار کیا گیا ہے کہ جسکو صالح سمجھیں بغرض اجرائے حدود شرعی اجماع کر کے اپنا حاکم تجویز کر لیں۔ اس صورت میں نہ حضرت ابوبکر پر کوئی الزام نافرمانی و غلط کاری عاید ہوتا ہے نہ علی حنیف العقل و رکیک الرائے قرار پاتے ہیں نہ خدا و رسول کی شان رفیع میں کوئی نقص پیدا ہوتا ہے۔ البتہ صحاح اہل سنت جنمیں حدیث ثقلین درج ہے پایۂ صداقت سے گر کر بے اعتبار ہو جائیں گی اور شاہ صاحب جو کہ تصدیق شدہ و مصدق حدیث ثقلین ہوئے ہیں نامعتبر محض قرار پائیں گے۔ دوم اعتقاد کیا جائے کہ ادعائے بیعت مرتضوی دعوے محض ہے۔ کبھی ممکن نہیں ہو سکتا کہ امیر و کل امیر کسیکا تابع و فرماں بردار ہو سکے۔ یاد رکھو کہ جس طرح ثقل اکبر قرآن سبکا ہادی و رہنما ہے اسی طرح ثقل ثانی اہلبیت اُمتی لوگوں کے لئے مشعل ہدایت ہیں اگر قرآن تابع امت ہے تو علیؑ بھی ہیں والّا فلا اس موقع پر اہل نظر کو ذرا غور کرنا چاہئے اچاٹ نگاہ سے یہ بحث نہ دیکھی جائے بلکہ باریک بین ہونا ضرور ہے میں اہل انصاف کو یہ بھی دکھلانا چاہتا ہوں کہ خود حضرت امیرؑ جناب خود اپنے ذاتکو آنحضرت کا خلیفہ بلافصل جانتے تھے اور دیگر صحابہ کو غاصب حقوق خود و ناحق کوشش سمجھتے تھے۔ بخاری شریف کی جلد ششم میں حسب صراحت اوراق صدر صفحہ ۳۲۹ پر بذیل ذکر علالت آنحضرت درج ہے کہ حضرت عباس نے جناب امیر سے تحریک کی کہ چلو حضرت سے دریافت کریں کہ بعد آپ کے خلیفہ کون ہوگا بجواب حضرت امیرؑ نے فرمایا کہ سوائے میرے رسول پاک کسی کے لئے نہ فرمائیں گے مگر اصحاب مجکو تخت خلافت کے پاس نہ آنے دیں گے حضرت علی جو صحابہ سے امید وفا نہ رکھتے تھے اس کی وجہ یہ بھی کہ خود رسول پاک اُن سے

فرما گئے تھے کہ اے علی میرے جانشین تم سے بغض و عداوت رکھتے ہیں۔ میری زندگی میں یہ کچھ نہیں کر سکتے۔ مگر ان کے دل تمہاری طرف سے مثل آب دیگ جوش مار رہے ہیں بعد میری وفات کے تم سے بیطرح پیش آئیں گے شیخ عبدالقادر محبوب سبحانی علیہ الرحمۃ جو کہ سنیوں کے بڑے مقتدر عالم ہیں غنیۃ الطالبین میں مضمون بالا کے متعلق یہ عبارت لکھتے ہیں اخرج ابو یعلی عن علی قال قلت یا رسول اللہ ما یبکیک قال ضغاین فی صدور اقوام لا یبدونہا لک الا من بعدی ہائے افسوس اصحابوں کی اُن عنایتوں کا جو کہ بعد اُن کے دست صحابہ سے اہلبیت پر واقع ہوئیں خیال کر کے آنحضرت روتے تھے۔ کوئی صاحب تمیز کہہ سکتا ہے کہ جو شخص اپنے خلیفہ ہونیکا اسدرجہ یقین رکھتا ہو وہ کیونکر کسی کی بیعت کر کے حلقہ غلامی میں داخل ہو سکتا ہے ان تمام باتوں سے قطع نظر کر کے ایک اور بات عرض کرتا ہوں جس سے کبھی عقل سلیم مجوز نہیں ہو سکتی کہ حضرت امیرؑ نے خلفاء ثلاثہ کو خلیفہ جائز و امام واجب الاطاعت سمجھ کر بہ طیب خاطر بیعت کر لی تھی جبکہ حضرت عمر ابو لولو کی ضرب سے مبتلائے مرگ ہوئے تو انھوں نے حکم دیا کہ بعد ہمارے اشخاص ذیل حضرت امیر و عثمان۔ و سعد ابن وقاص و طلحہ و زبیر و عبدالرحمان ابن عوف باہم مشورہ کر کے ایک شخص کو خلافت کے لئے منتخب کریں چنانچہ بعد شہادت خلیفہ دوم جملہ حضرات موصوف بالا ایک موقعہ پر جمع ہوئے حضرت عبدالرحمان ابن عوف نے جو کہ بہ حکم جناب عمر اس کمیٹی کے پریزیڈنٹ تھے سب سے اول جناب امیرؑ سے فرمایا کہ خلافت کے مستحق تر اس تمام جماعت میں آپ ہیں۔ لہذا میں جناب کو خلعت خلافت سے مخلع کرنا چاہتا ہوں بشرطیکہ آپ احکام خدا و رسول کے بعد ان سیرتوں کو بھی اختیار کریں جو کہ حضرت شیخین کی تھیں۔ چنانچہ حکیم جلال قرشی ساکن گلاوٹی ضلع بلند شہر نے کتاب نظام عثمانی کے صفحہ (۴۶) سطر ۱۳ پر لکھا ہے عبدالرحمان ابن عوف نے حضرت علی سے پوچھا کہ تم مجھ سے وعدہ کرتے ہو کہ خلیفہ ہونے پر کتاب اللہ اور سنت رسول اور سنت شیخین کے پابند رہو گے اور اسپر عمل کرو گے حضرت علیؑ نے جواب دیا

کہ بقدر طاقت اور امکان اور بقدر مبلغ علم کے میں انہیں کوشش کروں گا حالانکہ سوانحات زمانہ میں مجکو دخل نہیں۔ حضرت علی کا یہ جواب کچھ اس وجہ سے نہ تھا کہ اُن کو خلافت کے حاصل کرنے میں رغبت نہ تھی بلکہ فقط یہ وجہ تھی کہ خلفاء سابقین کی کل باتیں اُن کو پسند نہ تھیں بلکہ وہ اپنے اجتہاد کے مطابق بعض باتوں کے خلاف تھے سید امیر علی صاحب بیرسٹرایٹ لا بھی اپنی مصنفہ کتاب روح الاسلام کے صفحہ (۱۴۷) پر لکھتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے اتباع سیرت شیخین سے مجلس شوریٰ میں انکار کیا جناب مخاطب غور فرمائیں کہ جو شخص سیرت شیخین کو اس درجہ مکروہ و ناپسند کرتا تھا کہ اس کے مقابلہ میں اتنی بڑی سلطنت کی جو کہ قیصر و کسریٰ کے ملک سے بڑھی ہوئی تھی کوئی پروانہ کی اُس کی نسبت کیونکر قیاس کیا جاتا ہے کہ خلفاء کی بہ خوشدلی بیعت کر کے انکو امام جائز الاطاعت سمجھ لیا تھا جو شخص کسیکو اپنا امام و پیشوار دین جانتا ہے وہ اُس کے ہر حکم کو واجب الانقیاد سمجھتا ہے۔ حضرت امیرؑ کی سوانح عمری معروف بہ المرتضیٰ حافظ عبدالرحمان متوطن ملک پنجاب نے لکھ کر ۱۸۹۷ء میں مطبع روز امرت سر سے شائع کرائی ہے اُس کے صفحہ ۶۴ و ۶۵ پر لکھا ہے کہ جو انتظام حضرت عمر نے ترتیب مجلس شوریٰ میں کیا تھا اُس کا صاف حکم یہ تھا کہ بصورت اختلاف عبدالرحمان ابن عوف کی رائے واجب التسلیم سمجھی جائے حضرت علیؑ نے یہ بات سنکر جناب عباس سے کہا کہ چچا صاحب اس مرتبہ بھی ہم سے خلافت گئی عمر نے ایسے ممبر انتخاب کئے ہیں جو مجکو قطعی محروم کر کے دوسرے کو بہرہ یاب کریں گے کیونکہ سعد و قاص عبدالرحمان کا چچا زاد بھائی ہے وہ باہم مختلف الرائے ہوں گے اور عبدالرحمان عثمان کا خسر ہے یہ دونوں بھی بایک دیگر سلسلہ یکجہتی کو نہ توڑیں گے جبکہ حسب منطنہ مرتضوی عبدالرحمان نے حضرت عثمان کو خلیفہ کیا تو حضرت امیرؑ نے فرمایا یہ پہلا دن مجھ پر ظلم کا نہیں اور آیہ فصبر و جمیل و اللہ المستعان علی ما تصفون) پڑھکر اُٹھ کھڑے ہوئے کتاب مذکور کے صفحہ (۵۸) پر لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر نے جناب عمر کو حکم دیا کہ علی و عباس و زبیر فاطمہ کے گھر بیٹھ کر میری خلافت کو برہم کرتے ہیں اُن کو وہاں سے نکالدو عمر اپنے ساتھ تھوڑی آگ بھی لیتے گئے اور جناب فاطمہ سے کہا

کہ تمہارا گھر جلا دوں گا صفحہ (۵۹) پر بحوالہ مسلم و بخاری شریف لکھا ہے کہ فاطمہ کی زندگی میں لوگ علی کی کچھ وقعت کرتے تھے اُن کے مرنے پر وہ چھوٹ گئی علی بدم توجہی اصحاب سے مضطر ہوئے اور حضرت ابو بکر سے کہلا بھیجا کہ آپ مجھ سے تخلیہ میں ملاقات کریں مگر آپ کے ہمدم عمر ساتھ نہ ہوں وجہ یہ تھی کہ حضرت امیر خلیفہ دوم کی صورت دیکھنا مکروہ جانتے تھے حدیث کے ابتدائی فقرات یہ ہیں وکان لعلی من الناس جہتہ حیاۃ فاطمۃ فلما توفیت استنکر علی وجوہ الناس الی آخرہ صفحہ (۶۱) پر ہے حضرت علی نے فرمایا کہ خلافت کو ہم اپنا حق سمجھتے ہیں ابو بکر نے اُسکو خود لے لیا اسکا ہمکو رنج ہوا یہ کہ کر بیعت کر لی اسوقت پھر مسلمان علی کی طرف رجوع ہو گئے صفحہ ۴۳ سطر ۱۴ پر ہے حضرت علی عمر کی خلافت وہ رسالہ میں مثل زمانہ خلافت اول گوشہ نشین رہے جو شخص تمام واقعات کو بہ نظر غور دیکھے گا وہ کبھی اسکا معتقد نہیں ہو سکتا کہ حضرت امیرؑ نے ثلاثہ کو خلیفہ جائز سمجھ کر اُن کی بیعت بخوشدلی کر لی تھی۔ مجکو یقین ہے کہ مخاطب بہت باریک نظر سے اس مضمون پر توجہ فرمائیں گے اور کبھی بھولے سے بھی خیال فرماہوں گے کہ حضرت امیر نے خلیفہ اول کی بیعت برغبت اور اُنکو امام جائز الاطاعت سمجھ کر کی تھی سوائے ازین زمانہ حال کے دو محققین کامل کی تحریریں پیش کرتا ہوں جن کے دیکھنے سے واضح ہو جائے گا کہ حضرت امیرؑ نے صدیق اور اُن کے قایم مقاموں کو کبھی خلیفہ حق نہیں سمجھا نہ اُن کی بیعت امام جائز الاطاعت سمجھ کر برغبت کی اُن میں ایک بزرگ مولوی شبلی نعمانی ہیں اور دوسرے جناب شمس العلما مولوی نذیر احمد صاحب ایل ایل ڈی دہلوی ہیں ہر دو بزرگواروں کے بیانات پیش کرتا ہوں

## بیان مولوی شبلی صاحب

الفاروق میں بمقام ذکر بیعت صدیق فرماتے ہیں صرف بنو ہاشم اپنے ادعا پر رُکے رہے اور حضرت فاطمہ کے گھر میں وقتاً فوقتاً جمع ہو کر مشورے کرتے رہتے تھے حضرت عمر نے بزور اُن سے بیعت لینی چاہی (یہ فقرہ قابل توجہ ہے) لیکن بنو ہاشم حضرت علیؑ کے سوا اور کسی کے آگے سر نہیں جھکا سکتے تھے۔ الی آخرہ۔

Presented by www.ziaraat.com

## تحریر مولوی نذیر احمد صاحب

رویا رصادقہ کے صفحہ ۱۵۲ پر لکھتے ہیں اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ حضرت علی خلافت کے دعویدار ضرور تھے اور کیوں نہ ہوتے پیغمبر صاحب کے بعد داماد کہو۔ بیٹا کہو۔ بھائی کہو سبھی کچھ تھے اور چند در چند قرابتوں کے علاوہ علم و فضل و شجاعت میں کوئی ان کا ہمسر نہ تھا اور سب استحقاق ایک طرف اور فاطمہ کا موجود ہونا ایک طرف کوئی ہے جو اتنے استحقاق کے ہوتے سلطنت ایسی چیز کو چھوڑ بیٹھے اور یہ صرف نہ علی کا خیال تھا بلکہ سیر اور احادیث کی کتابوں سے ثابت ہوتا ہے کہ پیغمبر صاحب کے تمام عقیدتمندان کا یہ ہی خیال تھا) واقعات مصرحہ بالا پر نظر فرما کر با انصاف مخاطب نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ حضرت امیر کی بیعت برغبت تھی یا کہ خلفا کو غیر مستحق امامت سمجھ کر بہ ہزار کراہت وبیدلی حضرات اہل سنت کو لازم ہے کہ بیعت مرتضوی کے صحیح ہونیکا کبھی خیال نفرمائیں

## سوال ہشتم

حضرت علیؑ نے بزور ذوالفقار ثلاثہ کا قلع قمع کیوں نہ کر دیا اگر یہ لوگ قتل کر دئے جاتے تو دنیا مفاسد سے پاک ہو جاتی اور کوئی فتنہ باقی نہ رہتا حضرت امیر کی خاموشی سے واضح ہوتا ہے کہ اگر فی الواقع ثلاثہ برہم دین اسلام تھے تو حضرت علیؑ نے مفسدین کی بیخ کنی میں غفلت کی اس الزام سے اُن کی براءت بظاہر مشکل ہے۔

## جواب

حضرات اہل سنت اکثر یہ بحث کرتے ہیں کہ اگر خلفاء نے خاندان نبوت سے کجروی کی تھی اور اُن کے احترام میں کمی کرتے تھے اور حقوق واجبہ سے روکدیا تھا اور ظلم و تعدی سے اُن کی آسایش میں خلل ڈالا تھا اور امر خلافت میں بیجا طور پر دست انداز ہو کر گمراہ کنندہ خلایق ہوئے تھے اور اسلامی دنیا میں منافقانہ حیثیت سے کفر و نفاق پھیلایا تھا تو حضرت امیر چونکہ قوت خداداد رکھتے تھے اور قدرتی حربہ (ذوالفقار) اُن کے پاس تھا

لہذا لازم تھا کہ ایسے بدکاروں ناہنجاروں کا قلع قمع کرکے صفحہ دنیا سے مٹا دیتے چونکہ حضرت
ابتدا سے خلفا رسے کبھی جنگ ہنیں کی نظر براں سمجھا گیا کہ وہ بزرگوار خوش کردار ونیک اطوار تھے
اور حضرت امیران کی خلافت سے خوش تھے اور جو معاملات اُن کے ہاتھ سے روے ظہور لائے
وہ سب پسندیدہ حضرت مرتضوی تھے انھیں خیالات نے جناب مخاطب کو اس سوال کرنے پر بر
انگیختہ کیا لہذا اسکا ایسا شافی وکافی جواب دیا جاتا ہے کہ انشاء اللہ جناب مخاطب ودیگر متشککین
کی پوری تشفی ہو جائے - اور ہر شخص با انصاف سمجھ لیوے کہ صحابہ رسول جنپر اہل سنت فریفتہ
ودلداده ہیں کس پایہ اور منزلت کے تھے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم اُنکو کیسا جانتے
تھے اور بعض اپنے اصحاب مخصوصین وحضرت امیر سے اُن کے باب میں کیا ارشاد فرمایا -
صحیح مسلم بخاری مطبع انصاری دہلی کی جلد دوم میں کتاب الامارۃ صفحہ (۱۲۷) پر لکھا ہے عن
حذیفہ قال قلت یارسول اللہ انا کنا شر فجاء اللہ بخیر فنحن فیہ فہل من ھذا
الخیر شر - قال نعم قلت ھل وراء ذالک الخیر قال نعم قلت کیف - قال تکون
بعدی آئمۃ لایہتدون بھدی ولا یستنون بسنتی وسیقوم فیہم رجال قلوبہم شیاطین
فی جسمان انس قال قلت کیف اصنع یارسول اللہ ان ادرکت قال تسمع ولا تطع
وان ضرب ظہرک واخذ مالک حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سرور
عالم سے عرض کیا کہ حضور پہلے (مراد از زمانہ جاہلیت) ہم ایک شر میں تھے خداوند تعالی بعد
اس کے خیر لایا (مراد از زمانہ آنحضرت) اب ہم اس میں ہیں اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہے حضرت
نے فرمایا کہ ہاں حذیفہ نے تعجبًا پھر یہ بھی سوال کیا اور حضرت نے وہی جواب دیا حذیفہ
نے پوچھا کہ وہ شر کیونکر ہوگا نبی کریم نے جواب دیا کہ عنقریب (اشارہ بزمانہ وفات) ایسے
لوگ امام وپیشوائے امت ہوں گے کہ میری ہدایت وسنت پر نہ چلیں گے اور بہت قریب
ہے کہ انھیں میں سے ایسے مرد جن کے دل مثل شیطان کے ہوں گے اور جسم انسان کا حذیفہ
نے عرض کیا کہ یا حضرت اُن شیاطین اُمت کے زمانہ کو اگر میں دیکھوں تو کیا کروں آپ نے

فرمایا کہ اُن کی اطاعت کرنا اگرچہ تیرا مال لوٹ لیا جائے اور پشت زخمی کردی جائے دیدہ بایدخیاب مخاطب باریک طبیعت اب کیا رفتار اختیار فرماتے ہیں۔ حتی الوسع تلاثہ کو اس تیہرسہ پہلو کے نشانہ سے بچائیں گے اور جہاں تک اُن سے ہوسکیگا معقود حدیث یعنی ائمہ وصحابیہ وغیرہ کو قرار دے کر اپنا دل خوش کرلیں گے قبل از این کہ سائل خوش دماغ شیاطین امت کے جانچ میں دماغ مبارک پر زور ڈالیں حقیر بہ نظر توضیح وانکشاف خود ایک تنقیح قایم کرتا ہے۔

## تنقیح

یہ موجب حدیث مندرجہ صحیح مسلم شیطان سیرت وانسان صورت کون لوگ تھے

واضح ہو کہ نبی کریم کا ارشاد بہ موجب حدیث بالا اُن آئمہ سے علاقہ رکھتا ہے کہ جنکو حذیفہ نے دیکھا ہو اور نیز اُنھوں نے متمکن سریرحکومت ہوکر دین میں احداث کیا ہو اور دیگر امت نے اس احداث کو اپنا جزو مذہب قرار دے کر راہ ضلالت اختیار کی ہو قبل ازیں کہ میں کچھ لکھوں اتنا عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ بعد ختم دورۂ نبوت اُن شیاطین کا مسلط ہونا ضروری ہے کیونکہ حدیث موصوفہ میں لفظ (سیقوم) ہے جو کہ زمانہ قریب پر دلالت کرتا ہے۔ حدیث میں جو الفاظ خیر وشر وارد ہوئے ہیں اُسپر بغور نظر ڈالنا چاہئے کیا مطلب ہے حذیفہ نے کہا تھا کہ یا حضرت پہلے ہم ایک شر میں تھے یعنی کفر وضلالت میں پھنسے ہوئے مرتکب افعال جاہلانہ ہوتے تھے اُس کے بعد خدا خیر لایا مطلب یہ کہ حضور نے مشعل ہدایت روشن کرکے ہمکو راہ صواب دکھلائی آیا بعد اس روشنی کے بھی اندھیرا ہے آپ نے فرمایا کہ ہاں پھر پوچھا کہ بعد اُس اندھیرے کے اجالا ہے حضور پر نور نے فرمایا کہ ضرور ہے پس اس الٹ پھیر سے یہ نتیجہ نکلا کہ بعد نبی جو پچیس برس تک خلفا رنے اپنی حکومت کا ڈنکا بجایا وہ زمانہ شور وشر کا تھا اُن کی صف سلطنت لپیٹنے پر جو حضرت امیرؑ کی بساط عدالت بچھی ایسی کاریگر ان قدرت نے خیریت واصلاح کا مضبوط ڈورا لگایا تھا حضرت

مخاطب پر لازم ہے کہ تحریر حقیر کو صحیح یاد کر کے زمانہ ثلاثہ کو چونکہ بعد ختمی مرتبت ہے دوز
شرارت سمجھیں اور حضرت امیر کے وقت خلافت کو جامہ جبر سے مزین اعتقاد فرمائیں اگر توجیہ حقیر
کو غلط تصور کریں تو براہ مہربانی خود کوئی زائچہ کھینچ کر تبلائیں کہ پس از غروب آفتاب نبوت وہ
کون لوگ حکمران اسلام ہوئے جنکو آنحضرت نے شرارت سے منسوب فرمایا ہے اور بعد ختم نبوت علو
اشرار جبریت کس وقت سے وابستہ ہے حقیر نے یہ مسئلہ خیر و شر ایسا پیش کیا ہے کہ حضرت مخاطب
ہی نہیں بلکہ بڑے بڑے علما رجال بیں آئیں گے اور اپنے مرشدان طریقت کو کتنا ہی ہاتھ
پکڑ پکڑ کر کھینچیں شر و فساد کے تاریک اور گہرے گڑھے سے نکال نہ سکیں گے۔ مخاطب ذی
شعور براہ مہربانی تعین ازمنہ فرما دیویں کہ بعد نبی صلعم اہل شرارت کا زمانہ کب آیا اور اُس کے
گذرنے پر خیر کا سلسلہ کسوقت سے قایم ہوا۔ اگر وہ اوقات قایم کرنے میں کامیاب ہوں تو پھر
اسی فارم پر دستخط کر دیویں جس کی خانہ پوری حقیر نے کی ہے چونکہ حدیث کی جانچ ہر پہلو سے ضروری
معلوم ہوتی ہے بنا بر آں کچھ اور توضیح کی جاتی ہے اس موقع پر سب سے بالاتر یہ امر قابل نظر ہے کہ
اُن شیاطین کے زمانہ تک حذیفہ کا زندہ رہنا ضروری ہے کیونکہ آنحضرت سے اس جلیل القدر
صحابی نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ اگر میں اُن ناہنجاروں کے زمانہ کو دیکھوں تو کیا روش
اختیار کروں آپ نے فرمایا کہ ان کی اطاعت کرنا اگرچہ تیرا مال لوٹ لیا جائے اور پشت زخمی
کر دی جائے اگر بعلم نبوی اُن کی حکومت کا ادراک حذیفہ کے لئے ناممکن الوقوع ہوتا تو آپ
صاف فرما دیتے کہ تم کیوں گھبراتے ہو جس وقت کہ وہ دجال صفت مسند آرائے حکومت ہوں
گے آپ کی ہڈیاں چونہ ہو جائیں گی۔ نبیؐ کا حذیفہ کو حکم باطاعت فرمانا اسی پر دلالت کرتا
ہے کہ مخبر صادق کے علم میں حذیفہ کو اُن لوگوں کا دیکھنا یقینی تھا۔ میں انشاء اللہ اسکے
متعلق بہت واضح ثبوت دوں گا اگر حضرت مخاطب اسکا انکار فرمائیں گے کہ بموجب حدیث
صحیح مسلم حذیفہ کے لئے شیاطین امت کا دیکھنا لازمی نہیں ہے تو معاذ اللہ آنحضرت کی عبث
گوئی لازم آئے گی کیونکہ آپ نے حذیفہ کو ایسی خبر زمانہ آئندہ کے لئے کیوں سنائی جب

Presented by www.ziaraat.com

ے اسکو ذاتی تعلق نہ تھا اندریں صورت لازم آیا کہ حذیفہ کے زمانہ حیات کی تحقیقات
کی جائے تاکہ معلوم ہو سکے کہ انھوں نے کس کس بادشاہ کی تحت حکومت زندگی بسر کی
شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں کہ مات سنہ خمس و ثلاثین بعد از قتل عثمان بچہل شب
در اول خلافت علی و در بنا فت جمل را و کشتہ شدند صفوان و سعید پسران حذیفہ در صفین
و مبایعت کردند علی را بوصیت پدر یعنی ۳۵ سنہ ہجری میں حذیفہ نے انتقال کیا اور علی کی خلافت
میں اس نے چند راتیں تیر کیں اور اس کے دو فرزند زیر لوائے حضرت امیر درجۂ شہادت پر
پہنچے ۔نتیجہ یہ نکلا کہ جناب حذیفہ نے ثلاثہ کا پورا زمانہ دیکھا سوائے ازیں مسعودی نے مروج
الذہب میں لکھا ہے ان حذیفۃ کان علیلا بالکوفہ فبلغہ قتل عثمان و بیعۃ الناس
لعلی فقال اخرجونی وادعوا الصلوٰۃ جامعۃ فوضع علی المنبر فحمد اللہ واثنیٰ علیہ
وصلی علی النبی وآلہ ثم قال ایہا الناس قد بایعوا علیا فعلیکم بتقوی اللہ والنصرۃ
علیا انہ لعلی اخراً واولاً وانہ لخیر من مضیٰ بعد نبیکم وعن بقی الی یوم القیامۃ
ثم اطبق یمینہ علی یسارہ ثم قال اللہم اشہد انی قد بایعت علیاً وقال الحمد للہ
الذی ابقانی الی ہذا الیوم خلاصہ کلام حذیفہ بن الیمان بوقت ہنگامہ قتل عثمان کوفہ
میں علیل تھے جبوقت کہ ان کو حضرت عثمان کے مارے جانے اور بیعت مرتضوی پر لوگوں
کے متفق ہونے کی اطلاع پہنچی اسوقت اس نے اپنے اہل خاندان سے کہا کہ مجکو مسجد میں
لے چلو اور مطلع کرو کہ سب مسلمان وہاں آکر جمع ہوں جب مجمع ہو گیا حذیفہ ممبر پر تشریف
لے گئے اور بعد حمد و صلواۃ کے بیان کیا کہ ایہا الناس نصرت کرو علی کی اور بیعت کرو ان سے
قسم خدا کی یہ بات تحقیق ہے کہ وہ جناب ہر آئینہ حق پر ہیں اول و آخر میں اور بہتر ہیں اس زمانہ
سے جو کہ اسوقت تک وفات نبی سے گذرا ہے اور قیامت تک باقی رہے گا ۔پس کہا کہ خداوندا
گواہ رہنا کہ میں نے بیعت کی علی سے اور شکر کرتا ہوں کہ تو نے مجکو اسوقت تک زندہ رکھا
حدیث مسلم متذکرۂ بالا اور عبارت مروج الذہب پر نظر کرنے سے چند باتیں ثابت ہوئیں اول

یہ کہ یہ مفاد حدیث مسلم آنحضرت کا جناب حذیفہ سے یہ فرمانا کہ شیاطین کی اطاعت کرنا صاف طور پر تقیہ کی جس سے اہل سنت گھبراتے ہیں بجنسہٖ مشرک بتلانے والا ہے کیونکہ تقیہ اصطلاح اسلام میں اسی کا نام ہے کہ جابر کے مقابلہ میں بہ نظر تحفظ جان و مال فتنہ ایذد و نواب پر صبر و تحمل کیا جائے دوم یہ کہ بقول مسعودی حضرت حذیفہ کا جناب امیر کی بیعت پر لوگوں کو تحریص و ترغیب دلا کر اپنے طول حیات سے شکریہ ادا کرنا اور وفات عثمان مرتبت سے تا قتل عثمان درمیانی زمانہ کو بایں الفاظ وانہ لخیر من مضیٰ بعد نبیکم اچھا بتانا اور جناب علی علیہ السلام کو ہر حالت اول و آخر میں خیر سمجھنا اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ یا اعتقاد حذیفہ ثلاثہ کا وہی زمانہ کہ جس کی خبر بطور پیشین گوئی مخبر صادق نے انکو دی تھی جناب حذیفہ اما ان شیطان سیرت و انسان صورت انھیں لوگوں کو جانتے تھے کہ جنکو بعد نبی مسند آرائے حکومت دیکھا تھا چونکہ حسب تسلیم علمائے اہل سنت ویسا صاحب تحفہ رسالتمآب نے اسمائے منافقین کے ناموں سے حذیفہ کو اطلاع دی تھی۔ لہذا حضرت عمر مضطر ہو کر پوچھا کرتے تھے کہ میرا نام تو آپ کی فرد میں درج نہیں ہے اس واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت عمر بھی بجائے خود متیقن تھے کہ ہم باعتبار کیفر کردار فہرست منافقین میں لکھے جانے کی قابلیت رکھتے ہیں اگر وہ مومن کامل ہوتے اور شائبہ نفاق انکی طبع اقدس میں نہوتا تو حامل اسمائے منافقین (حذیفہ) سے اپنے ایمان کی جانچ کراتے اس جگہ خوش لیاقت مخاطب فرما سکتے ہیں کہ گو حذیفہ نے سوائے جناب ثلاثہ کرام اور کسیکا عہد حکومت نہ دیکھا تھا لیکن ہو سکتا ہے کہ بطور اخبار از منہ آیندہ کے سلاطین جور کی آنحضرت نے اُن کو اطلاع دی ہو اُسپر یہ خدشہ وارد ہوتا ہے کہ آنحضرت کو کیا ضرورت داعی ہوئی تھی کہ ایک جلد مر جانے والے شخص سے ایسی خبر بیان کی کہ جس سے وہ بذات خود کوئی نفع یا ضرر نہ اُٹھا سکتا تھا بلکہ مقتضائے وقت یہ تھا کہ آنحضرت حذیفہ سے یہ فرماتے کہ آپ اُن کے زمانہ تک زندہ نہیں رہ سکتے۔ آنحضرت کا صاف طور پر یہ فرمانا کہ تم اُن کے بحدے اطاعت کرنا کہ مال کے لٹنے اور چھنے پٹنے پر بھی جادہ متابعت سے ایک قدم نہ سرکنا اسی پر دلالت کرتا ہے کہ حذیفہ نے

Presented by www.ziaraat.com

ضرور اُن بدراہ کرنے والے لوگوں کو دیکھا تھا چونکہ حذیفہ نے تینوں خلافتوں کو پورے طور پر دیکھا اور بعد انقضائے ثلاثہ چند روز خلافت مرتضوی کی اُسکو غائبانہ دیکھنی نصیب ہوئیں اور اس مدت قلیل میں ایسا خدشدل ہوا کہ اپنے بیٹوں کو امر بہ بیعت کیا اور خود ہزارہا کوس سے بیعت بلا واسطہ کی اور اسوقت کو بلفظ خیر یاد کیا۔ لہذا کہا گیا کہ حسب خبر معتبر پہلے زمانہ کو شر اور اسکو خیر جانتا تھا۔ اگر جناب مخاطب آزادانہ طور پر بہ نگاہ انصاف ان چند سطور پر نظر ڈالیں گے تو انشاء اللہ صحیح راستہ پر پہنچ جائیں گے۔ ہر چند کہ صحیح مسلم سے (جسکو شاہ صاحب تحفہ میں بایں الفاظ فرماتے ہیں کہ صحیح ترین کتب نزد اہل سُنت صحیح مسلم ست) یہ ایسا واضح ثبوت دیا گیا ہے کہ جسکا ابطال ظاہرا ناممکن معلوم ہوتا ہے۔ مگر بپاس خاطر مخاطب دل چاہتا ہے کہ کچھ اور بھی ہدیہ نذر کیا جائے مشکوٰۃ شریف میں ایک حدیث وارد ہوئی ہے جسکا ماحصل بزبان اردو یہ ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرت ابوذر غفاری سے ارشاد فرمایا کہ اے ابوذر اسوقت تم کیا کرو گے جبکہ بعد ہمارے لوگ مال میراث کو کھا جائیں گے ابوذر نے عرض کیا کہ میں اُنسے جنگ کروں گا حضرتؐ نے فرمایا ایسا نہ کرنا بلکہ صبر و شکیبائی سے جوش ایمان کو روکنا۔ مشکوٰۃ شریف کی کتاب الامارۃ (صفحہ ۲۵۷) پر یہ حدیث وارد ہوئی ہے مناسب مقام سمجھ کر عبارت بھی حوالہ قلم کرتا ہوں عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلعم کیف انتم و ائمۃ بعدی لیتاثرون بھذا لفیٔ قلت اما و الذی بعثک بالحق اضع سیفی علی عاتقی ثم اضرب حتی القاک قال او لا ادلک علی خیر من ذالک تصبر حتی تلقانی رواہ ابوداؤد معنی اس کے وہی ہیں جو کہ اوپر بیان کئے گئے ہیں مولوی رافت علی صاحب امروہوی کے سامنے ایک عالم شیعہ نے حدیث بالا کو پیش کیا وہ سوائے سکوت کچھ جواب نہ دیا دیکھو کتاب التقوٰی مطبوعہ مطبع امداد الہند مرادآباد مولفہ مولوی رافت علیصاحب صفحہ ۱۳ سطر ۳، حذیفہ و ابوذر رضی اللہ عنہما سے جناب مخبر صادق نے ایک نوع کا اشارہ فرما کر جابروں کے جبر پر امر بصبر فرمایا ہے حدیث حذیفہ میں تو کسی قدر اگر مگر اور چہ میگوئیاں کرنے کا موقع مل سکتا تھا۔ جن سب کو میں نے کامل طور پر دفع کر دیا ہے

لیکن حیران ہوں کہ درباب ابوذر کیا گل ریزیاں فرمائیں گے کیونکہ حدیث مشکواۃ شریف کا کوئی جملہ اس پر دلالت نہیں کرتا کہ ابوذر کو بھی آنے والی ناپاک سلطنتوں کے حال بد مآل سے آگاہ کیا تھا بنظر آگاہی ناظرین عرض کیا جاتا ہے کہ اس بزرگ صحابی نے بھی حضرات ثلاثہ کا زمانہ دیکھا تھا شاہ صاحب تحفہ باب ہفتم میں لکھتے ہیں کہ ابوذر شام میں رہ کر حضرت عثمان سے لوگوں کو برانگیختہ کرکے کہتے تھے کہ انھوں نے مال خدا کو شیر مادر سمجھ کر ہضم کرلیا خلیفہ صاحب نے امیر معاویہ کو لکھا کہ ابوذر کو وہاں رہنے دو۔ مدینہ بھیجدو مورخین اہل سنت لکھتے ہیں کہ حاکم شام نے بقصد عقوبت و شدت اس جلیل القدر صحابی کا ننگے اونٹ پر سوار کرکے مدینہ کو چالان کردیا بالآخر عثمان صاحب نے خارج البلد کرکے عرب کے کالے پانی مقام ربذہ میں بھیجدیا اور حکم دیا کہ کوئی شخص اس کی ہمدردی نکرے یہ تمام واقعہ تحفہ کے باب وہم میں بذیل مطاعن عثمان شاہ صاحب نے لکھا ہے۔ تمام صحابہ میں حضرت امیرؑ نے ابوذر کی مشایعت کی اور حد ترخص تک اُن کے ساتھ گئے اور جفائے سلطان پر امر شکیبائی فرمایا۔ خوش لیاقت مخاطب واقعات صدر پر غور کرکے نتیجہ نکالیں کہ اُن کے ممدوحین خلفا کے جسم پر وہ قبا ٹھیک آسکتی ہے جسکو قدرتی مقراض سے کتر کر آنحضرت نے حذیفہ و ابوذر کے گٹھری میں بند ہوا دیا تھا یا کچھ جھول رہ گیا چونکہ حق طلب مخاطب کا پورا اطمینان کردینا مدنظر ہے نظر برانِ دل نہیں مانتا میں مزید کہے جاتا ہے اسواسطے کچھ اور حال حضرات ثلثہ کا وقف قلم کرتا ہوں کنز العمال کے صفحہ ۲۹ بروایت ابو برزہ لکھا ہے کہ رسول صلعم نے فرمایا ان بعدی ائمتہ ان اطعموھم اکفروکم وان عصیتموھم قتلوکم ائمتہ الکفر ورؤس الضلالۃ تحقیقکہ بعد میرے ایسے امام ہونگے کہ اگر اطاعت کروگے تم ان کی تو کافر بنادیں گے بصورت نافرمانی و مخالفت گردن مروڑ ڈالیں گے۔ وہ لوگ آئمہ کفر اور رئیس ضلالت ہوں گے یہانتک وہ واقعات دکھلائے گئے ہیں جو کہ آنحضرت نے اپنے اصحاب صداقت مآب سے بطور اخبار بیان فرمائے تھے اب وہ معاملات ہدیہ نظر کرتا ہوں جنکو خاص حضرات امیرؑ سے آنحضرت نے ظاہر کیا تھا۔ کنز العمال کی

Presented by www.ziaraat.com

چھٹی جلد کا صفحہ (۶۹) دیکھیے جسکو مولف نے کتاب الفتن سے موسوم کیا ہے اسمیں یہ عبارت لکھی ہے عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا علی کیف انت اذا زھد الناس فی الاٰخرۃ ورغبوا فی الدنیا واکلوا التراث اکلا لما واحبوا المال حبا جما واتخذوا دین اللہ دخلا ومال اللہ دولا قلت اترکھم وما اختاروا واختار اللہ ورسولہ والدار الاٰخرۃ واصبر علی مصائب الدنیا وبلاءھا حتی الحق بک انشاء اللہ قال اللھم افعل ذلک یہ حضرت امیر سے منقول ہے کہ فرمایا رسول مقبول نے کہ یا علی کیا حال ہوگا تمہارا جبکہ لوگ نفرت کریں گے آخرت سے اور رغبت کریں گے دنیا سے اور کھا جائیں گے مال میراث کو اور دوست رکھیں گے مال کو اور دین خدا کو مکر و فریب کا جال بنائیں گے یعنی گندم نمائی و جو فروشی اختیار کریں گے۔ حضرت علیؑ نے عرض کیا کہ میں چھوڑ دوں گا ان کو اور اس چیز کو جس سے وہ رغبت کریں گے ملکہ میں اختیار کروں گا اللہ اور اس کے رسول اور خانہ آخرت کو اور صبر کروں گا مصائب دنیا اور اس کی بلا و نیز یہاں تک ملحق ہوں آپ سے انشاء اللہ تعالیٰ یہ جواب حضرت امیرؑ سماعت فرما کر آنحضرت نے جواب دیا کہ اے علی سچ کہا تم نے اور پھر دعا دی کہ خدایا توفیق دے علی کو کہ وہ ایسا کرے۔ مرد عاقل کو غور کرنا چاہیے کہ جناب امیرؑ سے آنحضرت نے کس زمانہ کی خبر دی تھی اور وہ کون لوگ تھے جنھوں نے بعد حضرت مرتضوی دین سے تنفر کیا اور دنیا کی طرف راغب ہوئے اور مکر و فریب کر کے مال میراث کو کھا گئے کہیں خدانخواستہ اس خبر کا تعلق اس حدیث سے تو نہیں ہے جسکا دعوےٰ منجانب سیدہ دائر ہو کر خلیفہ اول کے اجلاس سے ڈسمس ہوا تھا۔ بہر حال مقصود حدیث ضرور کسی کو قرار دیا جائے گا حضرت علی نے کس جماعت اسلام کو بلا تعرض ان کے حال پر چھوڑا تھا وہ کیا بلا اور مصیبت حضرت امیرؑ سے لاحق ہوئی تھی۔ جس پر آپ نے صبر کرنے کا وعدہ کیا تھا اور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ نے مصائب و بلیات کی برداشت پر موفق ہونے کی دعا دی تھی۔ حقیقت الامر یہ ہے کہ اگر توفیق خدا بہ طفیل سید الانبیاء شامل حال نہ ہوتی تو حضرت علی جیسے اشجع الناس سے صبر و تحمل

Presented by www.ziaraat.com

کرنا مشکل تھا۔ ملاحظہ ہو کہ خلائق نے آپ کے منصب خداداد پر تصرف کر لیا۔ مگر حضورؐ نے
سوائے اظہار زبانی کے ذو الفقار کے قبضہ پر ہاتھ نہ رکھا حضرت عمرؓ آگ اور لکڑیاں لیکر دروازہ پر
جلوہ فرما ہوئے۔ مگر آپ نے اُف نہ کیا بچشم تحیر دیکھتے رہے کہ نبی کے مرتے ہی ان لوگوں نے
بانی اسلام کے گھر کی کیا عزت کی۔ کسی بہادر کا بعض موقع پر داد شجاعت دینا اتنا
قابل مدح نہیں ہوتا جتنا کہ ہاتھ روکنا حضرت امیر علیہ السلام چونکہ غالب من کل غالب کے خطاب
سے بہرہ یاب تھے۔ لہذا جیسا غلبہ اُن کو صف جنگ میں افواج مخالفین پر حاصل تھا اسی طرح
اس قدرتی مادہ شجاعت پر غالب ہو کر تحمل کرنے کے عادی تھے غالب من کل غالب کے یہ ہی
معنی ہیں کہ ہر حالت میں غلبۂ تام حاصل ہو چونکہ بوقت بیعت طلبہ خلفا سے جنگ کرنا یقیناً اسلام
ظاہری کی بنیاد کا اکھاڑ ڈالنا تھا لہذا آپ نے عامل وصیت نبی ہو کر وہ استقلال دکھلایا جو کہ نہایت
کا قابل تعریف سمجھا گیا اگر حضرت امیرؑ کا اسوقت جنگ نہ کرنا لائق مدح نہیں ہے تو رسالتمآب صلی اللہ علیہ و
آلہ کی وہ دعا جس میں مُوفق بہ صبر ہونے کی کی گئی تھی عبث سمجھی جائے گی قصہ کوتاہ اگر فاضل
مخاطب تھوڑی دیر کے لئے زانوئے انصاف پر سر جھکائیں گے تو وہ سیاہ دھبے جو کہ حدیث
میں موجود ہیں سوائے ثلاثہ کے کسی دوسری صورت پر نمایاں بتائیں گے مبتش برین منیت کہ
حضرات خلفا کی سپر بنکر جناب مخاطب یہ فرما دیویں کہ جن لوگوں کو نبی نے مکار و فریبی و دین خدا
سے برگشتہ ہونیوالا بیان فرمایا ہے یہ عائشہ و معاویہ واحزابہم ہیں نہ کہ خلفا ہمکو ان دو پیشوائے
اہل سنت کے لے لینے میں کوئی تامل نہیں ہے۔ مگر صرف اسقدر کہ جنگ عائشہ و معاویہ کو خطائے
اجتہادی باصطلاح اہل سنت کہا جاتا ہے۔ تعجب ہے کہ جو لوگ حسب ارشاد نبوی دنیا
طلب و مکار و فریبی و مال میراث کھانے والے ہوں انکو بصیغہ خطائے اجتہادی ثواب کا
ایک نمبر دیا جائے نیز حضرت علیؑ نے ان لوگوں سے خوب خوب جنگ کی ہے۔ گروہ مذکور سے
حضرت علی کا معرکہ پرداز ہونا اُس وعدہ کے بالکل خلاف ہے جو کہ رسول مقبولؐ سے باین الفاظ
کیا تھا کہ میں چھوڑوں گا اُسکو اور اُس چیز کو جس سے وہ رغبت کریں گے ملکہ میں اختیار کرلی

گا اللہ اور اس کے رسول کو اور صبر کروں گا مصائب پر اس بات سے صاف ظاہر ہو گیا کہ جن
لوگوں نے حضرت علی کے سامنے مال میراث کو کہا یا دین خدا کو مکر و فریب کا جال بنایا اندر آپ
نے عامل بوصیت ہونی ہو کر اُن سے کوئی تعرض نہ کیا وہ بے شبہہ ثلاثہ کرام کے سوا کوئی اور
نہ تھا شاہ ولی اللہ ازالۃ الخفا میں لکھتے ہیں کہ ایک روز علی مرتضیٰ نے نبی کریم کو دیکھا کہ
تخلیہ میں بیٹھے ہوئے آہ آہ کر کے دم سرد بھر رہے ہیں حضرت امیرؑ نے عرض کیا کہ حضور
خدانخواستہ طبع اقدس پر کیا ملال طاری ہوا جو ایسے مورد آلام ہیں حضرت نے فرمایا کہ یا علی میرا
رونا تمہاری اس حالت پر ہے جو کہ بعد ہماری وفات کے اعدائے جور سے واقع ہونے والی
ہے اے علی لوگوں کی طبائع میں مادہ حسد مثل آب دیگ جوش مار رہا ہے میری زندگانی
اُن کے برے ارادوں کو روکے ہوئے ہے۔ جبکہ ہم دنیا سے اُٹھ جائیں گے تو وہ تمہارے ساتھ
جابرانہ حرکات سے پیش آئیں گے آپ نے عرض کیا کہ یا حضرت اُس وقت فتنہ و بلا خیز میں میرا
دین تو سلامت رہے گا جناب نے فرمایا کہ بفضلہ تیرے دین کو ضرر نہیں وہ ہر حالت میں اپنے
اعتدال پر رہے گا ولی اللہ صاحب نے اس موقع پر عبارت طولانی لکھی ہے بنظر اطمینان ناظرین
اُسکا حصۂ آخر نذرِ قلم کرتا ہوں قال علی یا رسول اللہ ما یبکیک فقال صغاین منی صدور
اقوام لا یبدونہا لک الا من بعدی قال قلت یا رسول اللہ فی سلامۃ من دینی
قال فی سلامۃ عن دینک۔ قسطلانی شارح بخاری نے جلد دہم میں بہ صفحہ ۱۰۳ لکھا ہے کہ
آنحضرت نے فرمایا کہ بعد میرے امت فتنہ برپا کر کے حقوق اہلبیت ضبط کرے گی۔ علاوہ بریں شاہ
عبدالحق محدث دہلوی مدارج النبوۃ میں بذیل ذکر وفات سید کائنات لکھتے ہیں کہ منجملہ دیگر وصایا
کے آنحضرت نے جناب امیرؑ کو ایک یہ بھی وصیت کی تھی کہ یا علی بعد از من سبب مکروہات زمانہ
بتو خواہد رسید باید کہ دلتنگ نشوی و چوں بینی کہ مردم دنیا دنیا را اختیار کردند تو دین را اختیار
کنی و راہ صبر پیش گیری۔ اسلامی تاریخوں کو ہاتھ میں لیکر جب حضرت مخاطب اُن لوگوں کے نام
تلاش کریں گے کہ جن کے دلوں میں حضرت امیرؑ سے غبار بھرا ہوا تھا اور جنہوں نے امور مکروہہ

کا نقشہ حضرت امیر کو دکھایا اور انھوں نے اُن خلفاؤں پر صبر فرمایا سوائے حضرات ثلاثہ کے کسی کے نام پر انگلی نہ رکھ سکیں گے۔ کیونکہ جن کے اوقات حکومت میں حضرت امیر نے سر تسلیم خم کر کے گوشہ نشینی اختیار کی تھی یہ وہ ہی زمانہ ہے جس میں پیشوایان اہل سنت حضرات شیخین وغیرہ مسند آرائے حکومت رہے تھے ذی علم مخاطب انصاف فرمائیں گے کہ جن لوگوں نے بعد آنحضرت بالاستحقاق ناجائز دین کو ترک کر کے دنیا کو جائے قرار بنا دیا تھا وہ بالکل دنیا کے بندے تھے دین سے اُنکو مطلق سروکار نہ تھا اور اُن کا یہ فعل دنیا طلبی ایسا بُرا تھا کہ حضرت امیر اُسکو مکروہ سمجھتے تھے۔ اگر ترک جہاد پر وصیت ہوتی تو بالضرور جنگ کرتے کیونکہ راہ صبر پیش گیری سے سوائے ممانعت قتال اور کوئی معنی پیدا نہیں ہو سکتے۔ اگر کہا جائے کہ یہ وصیت تو اصحاب و باغیان شام سے علاقہ رکھتی ہے اور حضرت علی کو اُن کے مقابلہ میں امر بہ شکیبائی کیا گیا تھا۔ تو اُن کے سامنے جناب امیرؑ نے خوب خوب تلوار کو چمکایا اور بڑے بڑے نامی شامی آتش ذو الفقار سے کباب کر دیے گئے بلکہ جب روایات مندرجہ صحاح ستہ و دیگر کتب مدعیان حضرت علیؑ بہ حکم نبوی ناکثین و مارقین و قاسطین یعنی طلحہ و زبیر و عائشہ و معاویہ و خوارج کے مقابلہ میں مامور بہ جہاد تھے چنانچہ حضرت نے فرمایا ہے کہ ہمارا جہاد کفار سے تنزیل قرآن پر ہے اور یا علی تمہاری جنگ مسلمانوں سے اسکی تاویل پر ہوگی۔ بعد اظہار واقعات بالا اب وہ وجوہات دکھلائی جاتی ہیں جو کہ حضرت امیر کے لئے عقلاً مانع جدال تھیں اس کی اصلیت یہ ہے کہ خلفاء نے اہلبیت نبوی سے مخالفت کر کے اصول دین کو تو پہلے ہی کھو دیا تھا نبی کو جلسہ بیہودہ کہا نبوت میں شک کیا عدل کے منکر ہوئے امام واجب الاطاعت کے گھر پر آگ اور لکڑیاں لیکر چڑھ آئے قرآن کو ٹکڑے کر کے جلا دیا۔ مگر یہ خیال جاہ و ثروت و توسیع سلطنت اسلام کے شعار ظاہری یعنی فروع دین مثل تاکید نماز و روزہ و حج و زکواۃ و جہاد و تزئین مساجد و تعیین امام جماعت و اخذ صدقات و جمعہ و جماعت وغیرہ ہا کو بہ شدت کرتے رہے۔ جس سے بہ بہانہ رواج اسلام دم بدم زور پکڑتے اور بلاد کفار زیر ریاست لاتے رہے اصول مذہب یعنی اقرار وحدانیت و عدل و نبوت

Presented by www.ziaraat.com

وغیرہ اعتقادی وامر قلبی ہے جسپر سوائے مقلب القلوب کے کوئی آگاہ نہیں ہوتا اور فروع یعنی نماز و روزہ و حج و زکواۃ وغیرہ ایسے ہیں جن میں امداد اعضاء و جوارح و روپیہ کی ضرورت ہوتی ہے اور جنکو عام نگاہیں دیکھ سکتی ہیں۔

اگر خلفاء بہ مثل اصول ترک فروع کرکے کوئی نیا رنگ کھیلتے اور مشرک ظاہری ہوکر مرتد محض بنجاتے تو مخالفت عوام سے کام بگڑ جاتا سلطنت نہ چلتی مگر چونکہ لوگوں کی نظر میں ممتاز ہونا خیال کرکے وہ زہد کا پہلو بائے ہوئے تھے اور جہاد کی آڑ لیکر بہ نظر ترقی سلطنت وسعت اسلام میں کوشاں تھے۔ لہذا اگر حضرت امیرؑ اُن سے اسوقت کوئی جنگی کارروائی کرتے اور اپنے حقوق تلف شدہ کی واپسی میں کوشاں ہوتے تو وباءِ ارتداد پھیل کر بنیاد اسلام کو ایسا ڈھیلا کرتی کہ حضرت ایمان مکہ شریف ہی کی گلیوں میں اسطرح غائب غلہ ہو جاتے کہ جیسے بنارس کے کوچوں میں دھوپ کا پتہ نہیں لگتا بلاد بیرون کے لوگ سمجھ جاتے کہ محمدؐ نے ایک دین تازہ جاری کرکے اپنی ہوا باندھنی چاہی تھی۔ مگر چونکہ سچا معاملہ نہ تھا لہذا مقلدوں میں دھول دھپہ ہوکر دب دبا گیا حضرت امیرؑ نے اسلام پر بڑا احسان کیا کہ اسوقت باتباع وصیت نبوی ذوالفقار پر ہاتھ نہ ڈالا۔ حضرات اہلسنت خلفاء کی فتوحات و توسیعات ملکی سے خوشدل ہوکر بجائے خود غرہ کناں ہوتے ہیں کہ اگر وہ لوگ حق پر نہوتے اور سچے دل سے اسلام کی ہواخواہی نہ کرتے تھے تو اُن کے وقت میں یہ ترقیات کیوں ہوئیں ایسے خیال کرنیوالے کو سوچنا چاہیے کہ دین اسلام کی تائید مرد فاجر سے متعلق کی گئی ہے چنانچہ بخاری شریف کی جلد پنجم میں بصفحہ ۲۴۱ حدیث صحیح موجود ہے کہ ان اللہ لیوید ھذا الدین بالرجل فاجر یعنی خدا مدد کریگا اسلام کی ایسے شخص کے ذریعہ سے جو کہ خود ناہنجار و بدکار ہوگا۔ سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد مولفہ محمد بن یوسف شافعی میں ہے کہ خدا اس دین کی تائید اُن سے کرائیگا جو کہ بیدین ہونگے۔ قدرت خدا قابل تماشا ہے کہ اُنھیں لوگوں کی نسلوں سے جنکو خلفاء نے جادۂ اہلبیتؑ سے منحرف ہونے کی تعلیم دی تھی اور عداوت خاندان رسالت پر برانگیختہ کیا تھا

Presented by www.ziaraat.com

پھوٹ پھوٹ کر مطیع اہلبیت ہوتے جاتے ہیں اس سے بھی عجیب تر یہ ہے کہ خود حضرات خلفاء کی اولاد و احفاد نے رنگ تشیع قبول فرمایا ابتدا میں تمام خلایق سنی تھی اور محب اہلبیت قدر قلیل اب کا غذات مردم شماری پر نظر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف ہندوستان میں لاکھوں شیعہ گورنمنٹ عادل کے زیر سایہ پیر پھیلا کر استراحت فرمائے قالین عافیت ہیں ایران میں جتنے آدمی ہیں سب شیعہ۔ خارجی مثل بقیہ شیطان مفقود ہیں وروس شیعہ لوگوں سے بھرا ہوا ہے دارالسلطنت روم میں ایک کثیر جماعت شیعہ موجود ہے۔ ترکستان وہزارا وبرما ایمان آل رسول سے معمور نظر آتا ہے۔ ہر وقت کے مصالح جداگانہ ہوتے ہیں۔ کبھی ایک بہادر تلوار سے کام لیتا ہے گاہے وہی مرد نامی گردن جھکا کر چلتا ہے۔ دیکھئے سورۂ تحریم میں حکم محکم موجود ہے یاایھا النبی جاھد الکفار والمنافقین یعنی اے نبی کفار واہل نفاق سے جہاد کرو مگر آنحضرت نے سوائے کفار کے منافقین سے جو کہ بہ حیثیت اسلام آپ کے لشکر میں تھے جنگ نہیں کی جن منافقین نے لیلۃ العقبیٰ میں آنحضرت کے قتل کا ارادہ کرکے سرکوہ سے پتھر ڈھلکائے تھے اُن کی نسبت بعض صحابہ اخیار نے حضرت کو رائے دی تھی کہ ان اہل غدر ونفاق کو قتل کرکے اسلامی دنیا کو مفاسد آیندہ سے پاک فرمادیجئے۔ حضور انور نے فرمایا کہ مجکو حجاب معلوم ہوتا ہے مخالفین اسلام کہیں گے کہ جن لوگوں کو ساتھ لیکر محمد نے جہاد کیا اسلام پھیلایا اب وہ ہی قتل کئے جانے لگے۔ ان کو بحال خود چھوڑ دے دیتا ہوں لیلۃ العقبیٰ میں جن لوگوں نے حضرت کی ایذا رسانی کا ارادہ کیا تھا اُن کے نام حذیفہ کو آنحضرت نے بتائے تھے چنانچہ شاہ صاحب تحفہ میں لکھتے ہیں (کہ وہ امین اسرار وصاحب علم المنافقین تھے) حضرات اہل سنت کی کتب ذیل میں یہ واقعہ لکھا ہے تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۱۲۴ و ۱۴۴ احیاء العلوم امام غزالی جلد چہارم صفحہ ۸۸ سیرۃ المحمدیہ صفحہ ۵۶۳ تفسیر کبیر جلد چہارم صفحہ ۶۸۶ و ۶۸۷ تاریخ خمیس جلد دوم صفحہ ۱۳۹ سیرۃ الحلبیہ جلد سوم صفحہ ۲۰۰ شواہد النبوۃ ملا جامی صفحہ (۱۰۸) کہ حضرت عمر بہ روایات اہل سنت حذیفہ سے پوچھا کرتے تھے کہ میرا نام تو بذیل منافقین تمہاری یاد داشت

میں پیغمبر صاحب نے نہیں لکھا یا حذیفہ نے جواباً عرض کیا کہ میں امین راز ہوں انکشاف خلاف امانت ہے لیکن (انت اعلم بنفسک) تم اپنی نفسانی حالت سے بخوبی آگاہ ہو اگر اس روز آپ شریک جماعت مفسدین ہو کر ارادہ ختم المرسلین ہوئے ہیں تو بے شبہ منافق ہیں بصورت دیگر ہرگز نہیں اسکو مجھ سے نہ پوچھو خود امتیاز کر لو حضرت عمر کے قرینہ استفسار اور جناب حذیفہ کے انکار سے نہایت شک پیدا ہوا۔

عقلا غور فرمائیں کہ اگر فی الواقع حضرت عمر شریک جماعت منافقین نہ تھے تو اُن کے پیٹ میں یہ کھلبلی کیوں پڑی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ آنحضرت کو جز اسمار منافقین میں صحیح القول نہ سمجھتے تھے اگر جانتے تو کیوں پوچھتے۔ کیا یہ اعتقاد عمر صاحب نبی ایسے تھے کہ مومن کو منافق بتلا دیں اس پوچھا پاچھی سے صاف ظاہر ہو گیا کہ وہ بالضرور اُن لوگوں کے سردار تھے جو کہ شب غور میں آمادہ آزار سید ابرار ہوئے تھے۔ آزاد دبے بوٹ کبھی درپے تجسس و تفتیش نہیں ہوتا ملزم البتہ دیکھ بھال کرتا رہتا ہے۔ حذیفہ صاحب کا گول جواب دینا اور بھی تشویش د لانیوالا ہے اگر فی الواقع حذیفہ کی یادداشت میں آنحضرت نے جناب عمر کا اسم سامی نہ لکھایا تھا تو وہ صاف کہدیتے کہ اے جناب آپکو کیا وہم ہوا حضور نبی کے مصاحب خاص ہیں آپ کی صاحبزادی محل میں داخل ہیں یہ کب ہو سکتا ہے کہ کوئی سسر اوداماد کا قتل کرنا یا کرانا چاہے آپ مطمئن رہیں اتنی بات کہنے سے حذیفہ کی امانت پر خیانت کا دھبہ نہ لگ سکتا تھا۔ ہاں اگر کسی ایسے شخص کو اطلاع دی جاتی جسکا نام فرد منافقین میں درج تھا تو الزام افشاء راز قایم ہو سکتا تھا معلوم ہوتا ہے کہ جناب حذیفہ نے ایک برادر مومن کو صاف بات نہ کہنے سے ہمیشہ کے لئے مبتلائے خلجان کیا یہ ہی وجہ تھی کہ بہ اعتبار کیفر کردار اُنکو اپنی منافقت کا یقین کامل ہو گیا تھا چنانچہ امام ذہبی نے میزان الاعتدال میں لکھا ہے کہ حضرت عمر نے فرمایا باللہ یا حذیفۃ انا من المنافقین یعنی خدا کی قسم اے حذیفہ میں ازجملہ منافقین ہوں الحاصل اگر جناب رسول منافقوں سے جنگ کرتے تو علی بھی تلوار پر ہاتھ ڈالتے۔ سکوت مرتضوی تابع

کردار مصطفوی ہے آنحضرت بحکم آیہ ماموربہ جہاد تھے مگر یہ مصلحت نہ کیا حضرت امیرؑ حسب روایات مندرجۂ کُتُب اہل سنت معرجۂ بالا ممنوع از جنگ تھے وہ کیونکر کرتے۔ اسجگہ معترض گنجایش کلام پیدا کرسکتا ہے کہ ہرگاہ رسالتماب صلی اللہ علیہ وآلہ بحکم آیۂ یا ایہا النبی جاھد الکفار والمنافقین جہاد اہل نفاق پر جو کہ طایفۂ اسلام سے تھے ماموور فرمائے گئے تھے اور آپ نے جنگ نہیں کی تو لازم آیا کہ احکام خدا کی پوری پابندی نہیں کی گئی۔ تعمیل اسیوقت ہوتی جبکہ آپ مثل کفار منافقین کو بھی داخل دار البوار فرماتے۔ میرے رائے ناقص میں اہل اسلام سے یہ اعتراض پیش کرنیکا کیسکو منصب نہیں ہے کیونکہ جملہ مسلمان چہ شیعہ وچہ سنی اپنے اپنے عقائد کے موافق اقرار نبوت کرتے ہیں البتہ منکران نبوت آنحضرت جنکو ہر وقت خدام ختمی مرتبت پر نکتہ چینی کرنے کا خبط رہتا ہے ایسے پہلو نکال سکتے ہیں سو اُسکا جواب فریقین پر یکساں ہوگا میں نہیں کہ سکتا کہ منجانب حضرات سنیہ اسکا جواب کیا دیا جائیگا لیکن شیعہ کی طرف سے حقیر عرض کرتا ہے اور غالبًا مخاطب اور اُنکے اہل مذہب کو بھی اس جواب کی شرکت میں کوئی عذر نہوگا تمام مسلمانوں کے عقاید کے موافق نبی صلعم اور اُن کی ذریت طاہرہ کی پیدایش ایک نور سے ہوئی ہے اور سب کے سب مجملًا ومنفردًا اجرائے نبوت میں آنحضرت کے شریک ہیں چنانچہ حسب روایات فریقین آنحضرت نے جناب باری سے دعا کی کہ اے پروردگار اخی موسیٰ کو تو نے ہارون سے قوت دی اور مجکو علیؑ کی وزارت سے تقویت دی چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ بہ صلۂ معاونت رسولخدا علی قرآن میں نفس نبی کہے گئے ہمیشہ اسلام وبانی اسلام کی نصرت میں کوشاں رہے بوقت ہجرت آنحضرت آپ کے فرش خواب پر پیر پھیلا کر سوئے تمام معارک ومجاہدین سینہ سپر رہے۔ بیر العلم میں نہایت پُردلی سے بند قبا سمیٹ کر کود پڑے آنحضرت نے بحق جناب مرتضوی پہلے ارشاد فرمادیا تھا کہ اے علی ہماری جنگ کفار سے تنزیل قرآن پر ہوگی اور تم مسلمانوں سے اُس کی تاویل پر لڑوگے نیز یہ بھی فرمادیا حربک حربی (یعنی تمہاری اور میری جنگ ایک ہے۔ پس جن لوگوں سے حضرت امیرؑ نے جنگ کی وہ منافقین امت تھے علی مرتضیٰ کا لڑنا اہل نفاق سے ایسا ہی تھا جیسا کہ خود نبیؐ کا ہوتا علی نے اہل عذر ونفاق

Presented by www.ziaraat.com

کو تہ تیغ کرکے نبی کو آیۂ موصوفہ پر عمل کرنیوالا ثابت کرا دیا اسجگہ مخاطب فرما سکتے ہیں کہ بی بی
عائشہ و معاویہ و طلحہ و زبیر و ابو موسیٰ اشعری وغیرہا سے جناب امیرؑ نے جنگ کی
ہے اگر منافق ہیں تو وہ ہوگ ہیں خلفاء ثلاثہ کو ملزم بہ نفاق کیوں کہا جاتا ہے ۔ اگر ثلاثہ منافق
ہوتے تو حضرت امیر اُن سے بھی جنگ کرتے چونکہ فیمابین کوئی جنگی کارروائی نہیں ہوئی
لہذا سمجھا گیا کہ وہ بزرگوار ارباب نفاق سے نہ تھے ۔ اسکا جواب مفصل و مشرح اوپر عرض کیا
گیا ہے کہ آنحضرتؐ نے بہ مصالح چند در چند جناب امیر کو ثلاثہ سے جنگ کرنے کی ممانعت فرمائی تھی
بعد وفات رسول حضرت امیر کا ثلاثہ سے جنگ نہ کرنا اور حضرت عائشہ وغیرہ سے لڑنا اسبات کا
ثابت کرنے والا نہیں ہے کہ جن سے حضرت امیر لڑے وہ ہی منافق تھے اور جن کے مقابلہ
میں آپ نے سکوت فرمایا وہ صفات منافقین سے موصوف نہ تھے جناب امیر کے حالات بالکل
رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ کے معاملات سے وابستہ ہیں جو واقعات کہ حضور انور سے
پیش آئے وہ ہی حضرت علی سے روبکار ہوئے آنحضرت نے ۲۳ سال تک نبوت کی ابتدائی
دس سالوں میں جبکہ یار و انصار نہ تھے اپنی نبوت کا اعلان کرکے زبانی مواعظ سے
کفار کا مقابلہ کیا اور جبکہ قوت بہم پہنچگئی اور سر فروش و جاں نثار داخل اسلام ہوگئے تو
پچھلے ۱۳ سالوں میں گرم پیکار ہوئے یہ ہی حال اُن کے نفس ناطقہ حضرت امیر کا ہے بوجہ
قلت اعوان و وصیت رسول آپنے ابتدائے زمانہ میں ثلاثہ سے جنگ نہ کی اور اپنی حقیت
کا حسب اقتضائے وقت اعلان کرتے رہے اور اُن لوگوں کو اپنے اوضاع و اطوار و طرز
عمل سے باور کرایا کہ میں تمکو جھوٹا اور دغا باز و خائن و آثم جانتا ہوں ۔ مقدمہ خلافت
میں حضرت اول سے خوب خوب بحث کرکے اپنا ذیحق ہونا ثابت کیا معاملۂ ہبۂ فدک میں بہ
طرفداری بیبہ گواہی دی نزاع وراثت میں بہ ثبوت ترکۂ انبیاء قرآن سے احتجاج کیا
جہاد کی دو قسمیں ہیں ایک زبانی دوم سنانی ۔ عائشہ و معاویہ سے جب جناب امیر علیہ السلام
لڑے تھے اسوقت بوجہ تعلقات خلافت ظاہری اُن کے پاس فوج کثیر تھی میدان جنگ

Presented by www.ziaraat.com

قوی اور تعلیم یافتہ سپاہ لاسکتے تھے جیسا کہ لائے مثلاً ثانیہ کے زمانہ میں چونکہ آپ کا کوئی مددگار نہ تھا اور محض بے یار و مددگار رہتے تھے بنر وصیت صبر و شکیبائی مزید برآں تھی لہذا اپنے مخالفوں کے ساتھ وہی معاملہ کیا جو کہ بیکس بادشاہ کو باغی لوگوں سے کرنا چاہیئے تھا۔ جس گروہ سے ابتدائے نبوت میں نبی صلعم نے بوجہ عدم موجودگی انصار جہاد زبانی کیا اگر وہ کافر تسلیم نہ کئے جائیں تو وہ لوگ بھی منافق نہ کہے جائیں گے جن سے حضرت علی نے جنگ نہیں کی یہ نہیں ہوسکتا کہ جس گروہ سے نبی زبانی مخاصمہ کریں وہ کافر ہوں اور علی کے مدمقابل مومن مان لئے جائیں حضرات اہل سنت کا یہ صرف دھوکا ہے کہ علی شیر خدا اور غالب من کل غالب تھے وہ ہر طرح کی قدرت رکھتے تھے میں عرض کرتا ہوں کہ علی کو جسقدر مدارج عالی ملے اور ید اللہ و شیر خدا کہلائے وہ سب بطفیل آنحضرت اند منصور نبی علیؑ سے ہر صفت میں اعلیٰ و اکمل تھے وہ ابتدائے نبوت میں کیوں ایسے مغلوب کفار ہوئے کہ سرپاک پر آب نجس ڈالا گیا گندہ چیزوں کے ٹوکرے منہ پہ آئے گئے۔ گھر سے بے گھر ہوتے غار تنگ و تار میں پوشیدہ ہوئے مدت تک (لکم دینکم) کہا کئے اس سے بالاتر عرض کرتا ہوں خدا نے ایسے لوگ ہی کیوں پیدا کئے جنھوں نے وجود خالق سے انکار کے اپنے خدا ہونیکا دعوےٰ کیا اور ہزار طرح کی تمردی و سرکشی کی۔ اصلیت یہ ہے کہ خدا نے دنیا کو دار امتحان بنایا ہے اور بواسطہ اولیا و انبیا و عقول صحیحہ ہر نیک و بد بات کو واضح فرما دیا ہے تاکہ حجت خداوندی ختم ہو جائے اور بروز باز پرس کیکو چون و چرا کرنیکا موقع نہ رہے۔ علی ہذا حضرت امیر پر یہ الزام قایم نہیں ہوسکتا کہ انھوں نے بہ امداد قوت خدا داد منافقوں اور بدکاروں کو صفحہ ہستی سے کیوں نہ مٹا دیا۔ مخاطب منصفانہ توجہ فرمائیں جبکہ آفتاب رسالت غروب ہو کر ملک عرب نمونہ ظلمات بنا تھا اسوقت مسلمانوں کی ایمانی حالت کیا تھی اسکا اندازہ صرف ان دو باتوں سے کر لیجے بوقت ترتیب لشکر اسامہ صحابہ نے جنگ پر جانے سے باہر قدم نہ نکالا جسپر آپ حضرت کو حسب اندراج ملل و نحل لعن اللہ کہنا پڑا ہدایت امت کے لئے جو آنحضرت کاغذ لکھنا چاہتے تھے اسکو نہ لکھنے دیا بلکہ اُن کو ہذیان

گو کہ نماز جنازہ نہ پڑھی میت کو بے کفن و دفن چھوڑ دیا اگر اُسوقت حضرت امیر آمادۂ قتال ہوتے تو اسلام کا انتظام ظاہری بگڑ جاتا ایسے مسلمانوں کا دین سے پھر جانا کیا بڑی بات تھا۔ تھوڑا سا بہانہ اُن کو کفرستان کی سیر کرا دیتا کتاب مغازی میں لکھا ہے کہ جب بر وقت شورے جو کہ بحکم جناب عمر اُن کی وفات کے بعد کیا گیا تھا حضرت امیر سے درباب خلافت گفتگو ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ میں ہر وقت مستحق خلافت تھا اگر رحمۃ للعالمین کی وصیت اور خوف برہمی اسلام نہوتا تو لوگ معلوم کر لیتے کہ ابو قحافہ کیونکر حکمراں ہوتا میں نے صبر کیا اور اب بھی وہی راہ اختیار کرتا ہوں اور یہ ہی طریقہ میرے لئے اعلیٰ و افضل ہے دیکھو کتاب حدیث طیر تو لفہ جناب مولانا مولوی حامد حسین صاحب مرحوم اخطب خوارزم نے کتاب مناقب میں لکھا ہے۔

عن جابر بن ابی ثعلبۃ قال سمعت علیاً یقول بایع الناس ابابکر وانا واللہ اولی بالامر منہم واحق بہ منہم فسمعت واطعت مخافۃ ان یرجع القوم کفاراً یضرب بالسیف رقاب بعضہم ثم بایع ابوبکر لعمر وانا اولیٰ بالامر منہم فسمعت واطعت مخافۃ ان یرجع الناس کفاراً جابر بن ابی ثعلبہ کہتے ہیں کہ میں نے علی کو یہ کہتے ہوئے سُنا ہے جبکہ لوگوں نے ابوبکر سے بیعت کی تو میں اولے واحق وایق تھا امامت کے لئے لیکن میں نے محض اس خیال سے اُن کی سماعت اور اطاعت اختیار کی کہ مبادا عرب کافر ہوکر ایک دوسرے سے جنگ و قتال نکریں بعد ازاں ابوبکر نے عمر کو متولی کیا حالانکہ اس عہدہ جلیلہ کا میں ہی مستحق تھا مگر پھر میں نے اس خوف سے راہ اطاعت اختیار کی کہ مخالفت کرنے سے عرب اپنے کفر قدیم پر لوٹ جائیں گے۔ ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغہ میں حضرت امیر کا ایک قول نقل کیا ہے اُسکا اردو میں مطلب بیان کرتا ہوں حضرت علی نے فرمایا جبکہ سرور کائنات علیہ الصلواۃ والسلام نے وفات پائی تو قریش نے اپنی خود رائی سے ہم پر مبادرت کی اور ہمارے حقوق کو لے لیا جس کے ہم ہر عنوان سے مستحق تھے پس ہم نے صبر و شکیبائی سے کام لیا کیونکہ اگر ہم ایسا نہ کرتے تو عرب میں خونریزی ہو جاتی لوگ تازہ مسلمان تھے اسوقت اسلام کی

یہ کیفیت تھی کہ جیسا شکیزہ میں مسکہ ہوتا ہے جو کہ ادنی فساد سے فاسد اور تھوڑی تحریک تکان سے کاسد ہو جاتا ہے وہ لوگ متولی امر اسلام ہو گئے جنھوں نے اپنے کام میں کوشش کا کوئی درجہ اُٹھا نہیں رکھا ۔غرضکہ حضرت امیرؑ کا ثلاثہ سے مثل معاویہ و عایشہ وغیرہ جنگ نہ کرنا اُن صاحبوں کے مستحق یہ خلافت ہونے پر دلالت نہیں کرتا بلکہ حضرت امیرؑ کی اسمیں انتہائی تعریف ہے ہوتی ہے کہ آپنے با ایں صولت و شوکت محض بدرد اسلام پابند وصیت نبوی ہو کر ذوالفقار کو ہاتھ نہ لگایا خلفاء کے وقت میں جو فتوحات ہوئی ہیں اور ممالک غیر میں گوشت خور مسلمان پیدا ہو کر دامن اسلام پر بدنما دھبہ لگانے والے ہوئے ہیں اس سے اکثر لوگوں کو ثلاثہ کے ذیحق ہونیکا واہمہ بلکہ یقین ہو گیا ہے ۔

بنا برآں اُنکی نسبت عرض کیا جاتا ہے کہ یہ انتظام قدرت ہے کہ مشکوک الایمان لوگوں سے خدا نے اصل ایمانی کی نگہبانی کرائی تاریخ و بنا پر نظر کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اکثر بدوں کی گود میں نیکوں نے پرورش پائی ہے ۔فرعون سے جناب موسیٰؑ کی نگہبانی کرائی ۔یزید کے نطفہ سے معاویہ بن یزید پیدا ہوا جسنے حکومت اسلام کو حق آل محمد سمجھ کر اپنا غاصبانہ قبضہ اُٹھا لیا ۔ابو بکر صاحب سے محمد پیدا ہوئے جنھوں نے غایت اختصاص سے حسنین ثالث کا خطاب پایا ۔عالمگیر سے نعمت خاں عالی نے عزّ و وقار پایا تھا جس کی وجہ سے سیکڑوں آدمی شیعہ ہو گئے بقول صاحب تاریخ فرشتہ حاجی پیر محمد خارجی بُرہان شاہ والی احمد آباد کی خدمت میں شاہ طاہر کو لایا جنھوں نے پہلے پہل ملک ہندوستان میں مشعل دین روشن کی ۔والیان رامپور اکثر مومن پاک گذرے ہیں مگر بعض مصالح سے اظہار عقائد نہ کر سکتے تھے اسی گھر میں خدا نے وہ دُرِ یگانہ پیدا کیا کہ جسنے باپ دادا کے نام کو روشن کر کے اس جگہ کہ جہاں آئمہ کا نام لینا جرم تھا اشہد ان امیر المومنین کے نعرہ سے خوارج کے دلونکو پاش کر دیا اسیطرح ایمان حقیقی بذیل اسلام عرفی ان لوگوں کے زمانہ میں بچا رہا فرق اتنا ہوا کہ عام خلایق صاحب ایمان نہوئی اور اسلام مختلف حصوں پر تقسیم ہو کر کمزور ہو گیا اگر سارے آدمی مومن ہو جاتے تو ایمان کا وقار نہ رہتا کیونکہ ہر چیز کی عزت اُسکی ضد سے ہے ایمان کا وقار بے ایمانی کے مقابلہ میں ہے

مذاقاً یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ اگر سب مومن ہو جاتے تو شاید بہشت میں شدت کشمکش سے ایسا گلا گھٹتا
کہ جیسے بڑے اسٹیشنوں میں ٹکٹ لیتے ہوئے فشار ہوا کرتا ہے آنحضرت بھی خبر دیگئے تھے کہ منجملہ تہتر
فرقہائے اسلام کے ایک ہی ناجی ہوگا قرآن میں بھی وقلیل من عبادی الشکور ہی آیا ہے
اگر اول ہی اول لڑائی بھڑائی ہوکر اسلام کا خاتمہ ہوجاتا تو آج ہم کیونکر یہ بات سنتے کہ گنج
ضلع پورنیہ میں۔ چارسو دس آدمی مطیع اہلبیت ہوئے۔ پنجاب ضلع گجرات میں ۲۵ گھر قوم اوانکے
معہ زن و مرد خارجی سے شیعہ ہوئے۔ شیخ احمد صاحب دیوبندی مولف انوار الہدیٰ و شیخ حبیب احمد
سہارنپوری و کلوخاں رئیس موضع ہرپال ضلع سہارنپور و شیخ محمد یعقوب بجنوری و احمد خانصاحب لال خلی
رئیس برجورہ ضلع بلندشہر وغیرہ وغیرہ نے دامن اہلبیت مضبوط ہوکر پکڑا۔ قصہ کوتاہ ثلاثہ سے حضرت
امیر کا جنگ نہ کرنا عین حمایت دین تھی۔ عائشہ و معاویہ سے جو آپ معرکہ آرا ہوئے تھے اس
کی وجہ یہ تھی کہ ان اوقات میں آپ مامور بحرب تھے کیونکہ باتفاق سنی و شیعہ
حضرت امیر کو رسالتمآبؐ نے ناکثین و مارقین و قاسطین سے جنگ کرنے کا حکم دیا تھا ہر سہ صفات
بالا کے حامل طلحہ و زبیر و عائشہ و معاویہ و خوارج تھے۔ نیز خلفاء ثلاثہ و معاویہ وغیرہ کو باعتبار
زمانہ و وقت بہت بڑا فرق تھا جو وقت کہ خلیفہ اول متمکن سریر خلافت ہوئے تھے وہ وقت اسلام
کے بچپنے کا تھا آنحضرت کے وقت میں پیدا ہوکر گھٹنوں چلنے لگا۔ معاویہ و عائشہ کے وقت میں پورا
زور پکڑ گیا تھا اکثر ممالک میں اسلام شائع ہوچکا تھا بعض لوگوں کی دو دو پشتیں حالت اسلام میں گذر
گئیں بعض لوگ رسومات اسلام کے خوگر ہوگئے تھے بوجہ امتداد زمانہ اسوقت خوف ارتداد نہ تھا
عہد خلیفہ اول میں بڑا قوی احتمال تھا کہ جنگ ہونے سے وبای ارتداد پھیل کر پامال کن کشت اسلام
ہوجائے گی حضرت امیر کے چند اقوال اوپر لکھا چکا ہوں جنمیں آپنے بالفاظ صاف و صریح فرمایا ہے
کہ اگر مجکو کفر کے لوٹنے کا منطنہ ہوتا تو ابوبکر صاحب کا دماغ بوئے حکومت سونگھنے سے معطل رہتا
مناسب موقع سمجھ کر کتاب نہج البلاغۃ سے جناب امیر کے بعض کلمات کا ترجمہ پیش کرتا ہوں جن کے دیکھنے
سے مخاطب پر واضح ہوجائے گا کہ جنگ نہ کرنے میں حضرت امیر کے کیا کیا مصالح تھے آپ فرماتے ہیں

د جبکہ آنحضرت نے وفات پائی تو لوگوں نے امر امامت میں نزاع کیا بخدا مجکو کبھی یہ خیال نہوا تھا کہ عرب بعد رسول اُنکے اہلبیت کو امامت سے مہجور و دور کریں گے۔ لیکن مجکو نہایت تعجب ہوا کہ فلاں شخص (ابوبکر) پر ہجوم عوام ہو گیا میں نے اپنا دست ہمت کھینچ لیا اور مداخلت جمیع امور سے اعراض کیا تا اینکہ خلایق نے انحراف اختیار کر کے فتنہ و فساد برپا کر دیا اسوقت مجکو اندیشہ پیدا ہوا کہ اگر اسلامی امور کی مداخلت ومشاورت ونصرت وامداد وہدایت چھوڑ دوں تو رخنہ عظیم اسلام میں پیدا ہو جائے گا۔ جس سے بنیاد اسلام کا انہدام اور دین محمدی کا انعدام لازم آئے گا میرے نزدیک یہ مصیبت سخت تر تھی فوت خلافت اور عنان حکومت کے چھوٹ جانے سے پس میں نے نگاہ حسرت ویاس دیکھا تو کسیکو غمخوار و مونس نہ پایا۔ بجز چند اہلبیت کے میں نے گوارا نہ کیا کہ وہ معرکہ جدال میں قتل ہو جائیں اور نسل ہاشم سے دنیا خالی نظر آنے لگے اسی کتاب کے دوسرے مقام پر فرماتے ہیں فاذا لیس لی معین الا اہلبیتی فضننت بہم عن الموت میرا سوائے اہلبیت کے کوئی معین نہ تھا لیکن میں نے اُنکو موت کے پنجہ سے بچایا مطلب یہ کہ اگر میں تلوار پکڑ کر اُٹھ کھڑا ہوتا تو سوائے اہلبیت میرا کوئی معاون نہ تھا چونکہ اطراف جم غفیر تھی نتیجہ یہ ہوتا کہ وہ سب بوجہ قلت نوالہ خنجر وشمشیر ہو جاتے۔

یہ بھی واضح رہے کہ جناب امیرؑ کا محکوم ومغلوب امت ہونا کوئی ایسا عجیب ونادر روزگار معاملہ نہیں جس کی نظیر دنیا میں نہو بڑے بڑے انبیاء اولو العزم کو ایسے حوادث پیش آئے ہیں چنانچہ جناب نوح علیہ السلام نے کفار نابکار واشرار ناہنجار سے تنگ آکر فرمایا۔ رب انی مغلوب فانتصر یعنی خدایا مجکو ارباب شقاوت نے مغلوب کر دیا پس تو اپنی رحمت واسعہ سے میری مدد کر تا شر در معاندین سے نجات حاصل کروں جبکہ ایسا نبی جس نے نوسو اور بقولے گیارہ سو برس تک دنیا میں زندگانی کی اور جبکہ تمام مخلوقات الٰہی انسان وحیوان کا آدم تھا زمانہ دراز تک مغلوب تمام وکفار نافرجام رہا تو حضرت امیرؑ کے باب میں کیا استبعاد لازم آتا ہے جناب ابراہیم علیہ السلام نے قوم کفار سے فرمایا واعتزلکم وما تدعون من دون اللہ یعنی تم سے اور تمہارے دین سے

کنارہ کشی وگوشہ نشینی اختیار کی حضرت لوط علیہ السلام نے فرمایا ہے لو ان لی قوۃ اگر مجکو قوت مدافعت کفار ہوتی تو سب کو غارت اور برباد کر دیتا جناب موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ہے ففرت منکم لما خفتکم یعنی میں نے غلبہ کفار سے فرار اختیار کیا مطلب یہ کہ بحد سے تنگ ولاچاری واقع ہوئی کہ بالآخر عزلت گزین ہونا پڑا۔ حضرت ہارون نے قوم موسوی سے تنگ آکر حضرت موسیٰ سے عرض کیا یا بن ام ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلوننی اے بھائی اس قوم جفاکار نے مجکو مجبور و ناچار کر دیا اور میرے قتل کا ارادہ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دار پر کھینچ دیا۔ صدہا انبیا کو ناحق شہید کر ڈالا۔ پس اگر علی مرتضیٰ سے بھی قوم نے کجروی کی تو کوئی امر جدید و تعجب خیز نہیں معلوم ہوتا تمام عرب حضرت امیر سے برگشتہ تھا۔ چنانچہ شاہ عبد الحق محدث دہلوی رسالہ تکمیل الایمان میں لکھتے ہیں از امام شافعی پرسیدند کہ علت نفرت خلایق وعدم اجتماع ایشاں بہ حضرت مرتضیٰ چہ باشد گفت آنکہ وے در اظہار حق بروے کسے نمی دید و از ہیچ احدے مبالاتے نداشت و مداہنت نمی کرد زیراکہ وے زاہد بود و زاہد را بہ دنیا مبالاتے نباشد و عالم بود و عالم را مداہنت نہ بود شجاع بود و شجاع را ترس از کسے نبود و شریف بود و شریف را پرواے کس نباشد) علاوہ بریں شاہ ولی اللہ ازالۃ الخفا کے صفحہ (۵۰۷) پر لکھتے ہیں دیا بیعہ سنت انچہ بر حضرت مرتضوی بعد وفات آنحضرت صلعم گذشت تا آخر عمر بہ آں وقائع آنحضرت صلعم اخبار فرمودہ بود و باوصول آں حوادث مطلع ساختہ) پس جناب امیر سے جو امور وقوع میں آئے وہ سب حسب ہدایت پیغمبر تھے معاملات مرتضوی پر سرسری نظر کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ انھوں نے جمیع امور میں نبی صلعم کی پیروی و تاسی کی جو جو واقعات آنحضرت کو پیش آئے وہی اُن سے دوچار ہوئے بطور نمونہ چند باتیں دکھلاتا ہوں۔ رسول مقبول غار میں گئے علی نے گوشہ تنہائی قبول کیا۔ آنحضرت نے مکہ سے مدینہ میں سکونت اختیار کی نائب نے مدینہ چھوڑ کر کوفہ کو دار الامارہ بنایا۔ حضرت کا مکان مسکونہ بجبر وقہر مکہ میں کیا گیا جسکو بعد غلبہ آپ نے زیر قبضہ نہ کیا۔ علی سے فدک چھینا گیا ابتدائے نبوت میں نبی نے (لکم دینکم) فرمایا علی نے بھی صلح و آشتی سے کام لیا۔ پیغمبر نے نبوت سے دس سال

بعد افتتاح باب جہاد کیا اسی طرح حضرت امیرؑ نے بہ فحوائے ارشاد آنحضرت یا علی انک تقاتل بعدی الناکثین والقاسطین والمارقین تلوار کو ہاتھ لگایا جس طرح حنین میں نبی کو ناکامی ہوئی اسی طرح علی کو صفین میں۔ نبی بروز فتح مکہ مظفر و منصور ہوئے۔ علی جمل میں غالب آئے حدیبیہ میں جناب رسولخداؐ نے اپنے نام سے انفکاک لفظ نبوت کیا۔ علیؑ نے بہ مقابلہ معاویہ خلیفہ رسول کو قلمزن فرمایا ہے نبی کا کاتب وحی عبد اللہ بن ابی سرح تھا جو کہ بالآخر مرتد ہوا۔ علیکا درباب خلافت ابوموسیٰ اشعری پنج ہوا جس نے آپ کو خلافت سے معزول کر کے اپنا عقیدہ ظاہر کردیا چونکہ جناب مخاطب کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے ازبس حسن عقیدت ہے اور حضرت پیران پیر غوث الاعظم و قطب عالم نے غنیۃ الطالبین میں اُن کی بیش از بیش تعریف کی ہے اور خلفاد صالحین و صدیقین میں اُن کا شمار کیا ہے۔ لہذا اُن کے دو خط پیش کرتا ہوں جن کے معائنہ سے واضح ہوجائے گا کہ بہ اعتقاد جناب موصوف حضرت امیر علیہ السلام شیخین کے ساتھ کیا کیا مراسم رکھتے تھے۔

## حضرت معاویہ کا پہلا خط بنام حضرت امیرؑ جس کو ابن ابی الحدید نے نہج البلاغہ میں نقل کیا ہے

فان الحسد عشرۃ اجزاء تسعۃ منہا فیک و واحد منہا فی سائر الناس وذالک انہ لم یل امور ھذہ الامۃ احد بعد النبی الا ولکلہم حسدت وعلی کلہم بغیت وعرفنا ذلک منک فی النظر شزر و قولک الھجر و تنفسک الصعداء والطائک عن الخلفاء

حضرت معاویہ لکھتے ہیں کہ اے ابوالحسن اگر حسد کے دس حصہ کئے ہیں تو نو حصہ تنہا تمہاری ذات میں ہیں اور ایک حصہ میں تمام عالم ہے کیونکہ بعد نبی جو شخص متولی امر اسلام ہوا تو اس سے براہ حسد و عناد پیش آئے اور ہمیشہ برسر پرخاش رہے ہیں خوب جانتا ہوں کہ تم انکو ترچھی اور تند نگاہوں سے دیکھتے تھے اور الفاظ ناسزا سے یاد کرتے تھے۔

## دوسرا خط

محل قصیدا بعثیك لیلا علی حمار و یداك منی یدی ابنیك الحسن والحسین یوم بویع ابی بکر فلم تدع احدا من اهل البدر و السوابق الا دعوتهم الی نفسك ومشیت الیهم بامرأتك وادلیت الیهم بابنیك واستنصرتهم علی صاحب رسول اللہ فلم یجبك منهم الا اربعة او خمسة ولعمری لو کنت محقا لاجابوك ولکنك ادعیت باطلا وکلا لنسی قوال لابی سفیان لما حرکك وہمك لو وجدت اربعین ذوی عزم لناهضت القوم اجب روز ابوبکر کی بیعت واقع ہوئی اسی شب تم اپنی زوجہ کو سوار کر کے لے گئے اور دونوں طرف حسنین کا ہاتھ میں ہاتھ لیا اہل بدر و سابقین سے کوئی ایسا نہ تھا جس سے تم نے مدد نہ چاہی ہو اور اپنی بی بی اور فرزندوں کے ذریعہ سے امداد خواہ ہوئے ہو۔ لیکن سوائے چار پانچ شخصوں کے کسی نے قبول نہ کیا قسم مجکو اپنی جان کی اگر تم ذی حق ہوتے تو سب قبول کر لیتے لیکن تم نے دعوے باطل کیا مجکو آپ کی وہ بات نہیں بھولی جبکہ ابو سفیان کی تحریک جنگ پر تم نے کہا تھا کہ اگر چالیس آدمی ہم پہنچ جائیں تو میں مقابلے کو تیار ہوں۔ شاہ ولی اللہ قرۃ العینین کے صفحہ ۱۹۱ پر لکھتے ہیں (باید دانست کہ حضرت مرتضیٰ لا محالہ نصیب اوفی داشت از زہد واخبار زہد وے بسیار صحیح شد در رجحان او بہ بسیاری از صحابہ نیز متحقق ست اما بہ نسبت شیخین محل تامل ست زیرا کہ بے رغبتی بدنیا اعظم آن بے رغبتی ست در خلافت وایں معنی در صدیق و فاروق بوجہ اتم ظاہر شد) قال ابوبکر واللہ ما طلبتها فی اللیل والنهار یعنی نہ طلب کردم اورا نہ بروز و نہ بشب بخلاف مرتضیٰ کہ سعی ہا در طلب انشائے خلافت و استمرار آں بکار برد۔ نتیجہ کلام ولی اللہ صاحب یہ ہوا کہ علیؑ مرتضیٰ کا زہد بہ نسبت دیگر صحابہ کے بڑھا ہوا تھا۔ مگر بمقابلہ شیخین اُن کے زہد کی کوئی حقیقت و وقعت نہ تھی۔ اس لئے کہ علیؑ نے درباب طلب خلافت بہت کچھ سعی کی۔ مگر کارگر نہ ہوئی۔ اور شیخین دنیا سے ایسے آزاد و بے تعلق تھے کہ درباب حصول خلافت کچھ تگ و دو نکی۔ سبحان اللہ کیا انصاف ہے۔ علیؑ اگر اپنے منصب کے حاصل کرنے میں کوشش بلیغ کریں تو دنیا طلب کہلا کر زہد و اتقیٰ میں شیخین سے گھٹے ہوئے رہیں اور خلفائے کو بے غسل و کفن

Presented by www.ziaraat.com

چھوڑ کر سقیفہ بنی انصار سے دست و پنجہ ہوں۔ مگر بے طمع کہلائیں۔ بہر حال اکابر اہل سنت کے بیان سے بوجوہ کامل ظاہر ہو گیا کہ سوائے جنگ و جدال حضرت امیرؑ نے ہر طرح سے حصول حکومت میں کوشش کی۔ غالباً جناب مخاطب تمام واقعات مندرجہ بالا پر نظر کر کے بجائے خود انصاف فرمائیں گے کہ حضرت امیرؑ شیخین کو خلیفہ جائز بجانتے تھے بلکہ اپنی خلافت کے وسایل کی بہم رسانی میں ہر عنوان سے کوشاں تھے اور صف آرائی و معرکہ پیرائی کرنے سے بوجوہ بالا معذور تھے نہایت تشکر یہ کا موقع ہے کہ مخاطب کے سوالات ہشت گانہ کا ایسا معقول جواب دیا گیا ہے کہ جس کو دیکھ کر صرف وہی نہیں بلکہ دیگر اہل سنت بھی مسلک صحیح پر چلنے کے لئے بحکم انصاف مجبور ہو جائیں گے۔

حسبی اللہ و نعم الوکیل
نعم المولیٰ و نعم النصیر

تمام شد

Presented by www.ziaraat.com